★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 16 | بدھ 23 ذوالحجہ 1447ھ، 9 جون 2026ء، 26 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 172

جی بی میں پیپلز پارٹی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھر رہی ہے، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو نے گلگت بلتستان الیکشن میں برتری حاصل کرنے پر پارٹی کارکنان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھر رہی ہے، حکومت بنانے کی کوشش کریں گے

گلگت بلتستان کے عوام نے ترقی، جمہوریت اور خدمت کے ایجنڈے کو ووٹ دیا۔ دوسری جانب مرکزی سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیّر بخاری نے الیکشن کمیشن سے تمام نتائج جلد جاری کرنے کا مطالبہ کیا

گلگت (نیوز ایجنسی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان انتخابات میں جیت پر جیالوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ بلاول بھٹو نے گلگت بلتستان الیکشن میں برتری حاصل کرنے پر پارٹی کارکنان کو مبارکباد پیش کرتےہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھر رہی ہے، حکومت بنانے کی کوشش کریں گے۔ پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمان نے جیت پر آ (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ ملاقات کر رہے ہیں

صدر ٹرمپ کا ایران آپریشن میں 13 امریکیوں کی ہلاکتوں کا اعتراف

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران آپریشن میں 13 افراد کے مارے جانے کا اعتراف کرلیا۔ امریکی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کا افزودہ یورینیم ضبط کرکے وہیں (بقیہ نمبر 3)

پنجاب حکومت کا 100 ارب روپے کا صنعتی و کاروباری ترقیاتی پیکج

قرضوں میں بڑی سہولت، SMEs، مینوفیکچرنگ اور برآمدی شعبوں کو کم شرح سود پر مالی معاونت فراہم کی جائے گی

صنعتی ترقی، روزگار کے مواقع اور برآمدات میں اضافے کیلئے طویل المدتی قرض اسکیمیں متعارف کرائی گئیں ہیں

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے چھوٹے کاروباری طبقے اور صنعتی ترقی کے لیے 100 ارب روپے کے خصوصی پیکج کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت صنعتی ترقی اور برآمدی پروگرام کے لیے قرضوں کی مد میں خطیر رقم فراہم کی جائے گی۔ نئے مالی سال کے بجٹ (بقیہ نمبر 2)

پرامن، شفاف الیکشن اور سیاسی سرگرمیاں جمہوریت کا حسن ہیں، وزیراعظم

پیپلز پارٹی مبارکباد کی مستحق ہے، صدر آصف زرداری اور بلاول بھٹو کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، اس کے علاوہ (ن) لیگ کے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اچھا مقابلہ کیا، مسلم لیگ (ن) کی ٹیم نے بھرپور محنت کی، ان کو شاباش دیتا ہوں

سیاسی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت پر گلگت کے عوام بھی تحسین کے لائق ہیں، پرامن، شفاف الیکشن اور سیاسی سرگرمیاں جمہوریت کا حسن ہیں، الیکشن کمیشن نے شفاف اور غیر جانبدار الیکشن یقینی بنایا جو قابل ستائش ہے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد: (نیوز ایجنسی) وزیراعظم شہباز شریف گلگت بلتستان کے الیکشن میں پیپلز پارٹی کو اکثریت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیراعظم نے پرامن الیکشن کے انعقاد پر گلگت بلتستان کے عوام کو بھی مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ (بقیہ نمبر 40)

ملک میں 11 جون سے بارشوں کا نیا سلسلہ متوقع

راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور لاہور میں بھی انہی تاریخوں کے دوران بارش متوقع

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے 12 جون تک کی متوقع موسمی صورتحال اور ممکنہ خطرات سے متعلق پیشگی جائزہ جاری کر (بقیہ نمبر 15)

قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے متحد اور پرعزم ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

میرانشاہ میں کامیاب آپریشن، 27 دہشت گردوں کی ہلاکت پر مریم نواز کا خراج تحسین

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میرعلی اور میرانشاہ میں کامیاب انسدادِ دہشت گردی آپریشنز پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز کو خراج (بقیہ نمبر 7)

اسرائیل، ایران دونوں لبنان کو امریکہ پر دبا کیلئے استعمال کر رہے ہیں، راس ہیرسن

دونوں فریق کسی نہ کسی طرح اس تنازع کو ٹرمپ کے فیصلہ سازی کے عمل کی طرف لے جا رہے ہیں، گفتگو

دوحہ (این این آئی) مشرق وسطی انسٹی ٹیوٹ کے سینئر فیلو راس ہیرسن نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران دونوں لبنان کو امریکہ پر دباؤ کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ عرب ٹی و (بقیہ نمبر 19)

لاہور: مشیر وزیراعلی پنجاب علی ڈار، اٹلی کی سفیر میریلینا ارمین سے الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس، آٹو اور آٹو پارٹس پالیسی کے مسودے کو حتمی شکل دینے کیلئے ذیلی کمیٹی کی تشکیل

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیرِ خارجہ اسحٰق ڈار کی (بقیہ نمبر 14)

انمول پنکی کی وائس ریکارڈنگ کیلئے پولیس کی درخواست پر وکیل سرکار کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے ڈرگ ڈیلر (بقیہ نمبر 13)

ایران پر حملہ کیا تو امریکا اس میں حصہ نہیں لیگا: ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم کو واضح کردیا

واشنگٹن/تہران (این این آئی) اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی کشیدگی پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بریف کردیا (بقیہ نمبر 16)

11 ماہ میں ایکسائز پنجاب نے 18 ارب روپے ٹیکس وصول کرلیا

پراپرٹی اور موٹر ٹیکس سمیت مختلف مدات میں نمایاں اضافہ، مقررہ ہدف کے قریب پہنچ گیا

ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائیاں تیز، کارکردگی نہ دکھانے والے افسران کی تبدیلی کا امکان

لاہور (زیڈ این این) محکمہ ایکسائز پنجاب نے رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ کے دوران گزشتہ مالی سال کی نسبت (ساڑھے 18 ارب روپے سے زائد اضافی ٹیکس (بقیہ نمبر 17)

لاہور: چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ محمد طاہر محمود بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کیساتھ تجارتی راستوں کی بندش، افغان کسان شدید بحران کا شکار

پاکستانی منڈیوں تک رسائی محدود ہونے سے افغان برآمدات بری طرح متاثر اور زرعی شعبہ بھی بحران کا شکار

افغان طالبان کسانوں کی مشکلات کا حل نکالیں کیونکہ ہم قیمتوں میں شدید کمی سے پریشانی کا شکار ہیں

اسلام آباد، کابل (این این آئی) طالبان رجیم کی انتہاپسندانہ پالیسیوں کے باعث ٹماٹر، پیاز، تازہ پھل اور سبزیوں کی قیمتیں متاثر ہورہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغانستان سے تجارتی سرگرمیاں معطل ہیں جبکہ افغان طالبان رجیم کی غلط پالیسیوں کی بدولت افغانستان کے کسان اور کاشتکار پریشان ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں افغان کاشتکار نے فصلوں کی تباہی پر کہا کہ پہلے ٹماٹر کی ایک من (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم شہباز شریف چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات

برین ٹیومر خاموش مگر خطرناک بیماری، آگاہی ناگزیر ہے، مریم نواز شریف

بروقت تشخیص اور علاج سے بیماری پر قابو ممکن، وزیراعلیٰ پنجاب کا مریضوں سے اظہار یکجہتی

نواز شریف کینسر ہسپتال برین ٹیومر مریضوں کے لیے امید بنے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کا پیغام

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ورلڈ برین ٹیومر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں برین ٹیومر کے مریضوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کی جلد (بقیہ نمبر 5)

جرمنی، میونخ ایئرپورٹ پر پروازیں روک دی گئیں

میونخ (این این آئی) جرمنی کے شہر میونخ ایئرپورٹ پر اتوار کی شام پروازیں روک دی گئیں۔ ترجمان ایئرپورٹ کے مطابق کنٹرول ٹاور میں دھوئیں کی بو محسوس کی گئی جس کے باعث کنٹرول ٹاور کو احتیاطاً خالی کرالیا گیا۔ حکام کے مطابق میونخ ایئرپورٹ پر کنٹرول ٹاور میں آگ یا دھواں نہیں پایا گیا، معاملے کی تحقیقات جاری ہے۔

قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی زیر صدارت قومی اقتصادی کونسل (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت رانا احسان افضل خان نے وزیراعلی سے ملاقات

عباس عراقچی کا ترک وزیر خارجہ اور فیلڈ مارشل سے رابطہ

اسرائیل کے خلاف ایران کے ردعمل اور خطے کی تازہ صورتحال پر بات کی گئی

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ انہوں نے ترک وزیر خارجہ اور پاکستانی فیلڈ مارشل سے فون پر الگ الگ بات کی ہے۔ ایرانی میڈیا 8 (بقیہ نمبر 8)

ورلڈ بینک کی اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں دلچسپی، 100 ملین ڈالر فنڈز کے اجراء کی منظوری

ری اسٹرکچرنگ سے گھروں کی تعمیر کے اہداف میں نمایاں اضافہ ہوگا، صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

لاہور (این این آئی) ورلڈ بینک نے پنجاب حکومت کے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں شرکت کے لیے دلچسپی کا اظہار کیا ہے، جس کے تحت 100 ملین ڈالر کے فنڈز جاری (بقیہ نمبر 22)

حزب اللہ فرار کی حالت میں ہے، حماس کو دوبارہ مسلح نہیں ہونے دیں گے، نیتن یاہو

ہم اس وقت غزہ کے 60 فی صد سے زائد رقبے پر قابض ہیں اور جلد ہی 70 فی صد تک پہنچ جائیں گے، انٹرویو

ہم نے ایک ہفتے کے دوران حزب اللہ کے 350 عناصر کو ہلاک کیا ہے اسرائیلی فوج کے جنوبی لبنان میں آپریشن کے دوران زمین کے نیچے وسیع انفراسٹرکچر دریافت ہوا ہے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ حزب اللہ پسپائی اختیار کرچکی ہے۔ انہوں نے سخت لہجے میں کہا کہ وہ حزب اللہ کو اسرائیل کی جانب فائرنگ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ نیتن یاہو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ اسرائیلی فوج حزب اللہ کو شدید ضرب پہنچا رہی ہے اور وہ فرار کی حالت میں ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا ہم نے ایک ہفتے کے دوران حزب اللہ کے 350 عناصر کو ہلاک کیا ہے۔ نیتن یاہو نے اشارہ کیا کہ اسرائیلی فوج کے جنوبی لبنان میں آپریشن کے دوران زمین کے نیچے وسیع انفراسٹر (بقیہ نمبر 12)

سمندر محض ماحولیاتی نظام نہیں بلکہ زندگی کی بنیادی اساس ہیں، جنید انور

مینگرووز کی بڑے پیمانے پر شجرکاری ماحولیاتی بحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، سمندروں کے عالمی دن پر پیغام

ترقی پذیر ممالک کو ساحلی خطرات اور مالی وسائل جیسے چیلنجز درپیش ہیں، بحری حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کیلئے اقدامات میں تیزی لانے کی ضرورت ہے

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے سمندری وسائل اور بحری ماحول کے تحفظ کے لئے فوری عملی اقدامات پر زور دیا ہے۔ سمندروں کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا کہ سمندر محض ماحولیاتی نظام نہیں بلکہ زندگی کی بنیادی اساس ہیں، مینگرووز کی بڑے پیمانے پر شجرکاری ماحولیاتی بحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، انہوں نے کہا کہ سمندری آلودگی کے خاتمے کیلئے ویسٹ مینجمنٹ نظام کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے، سمندری آلودگی اور موسمیاتی تبدیلی سے بحری حیات کو شدید خطرات لاحق (بقیہ نمبر 20)

پنجاب میں پہلی بار ای بائیکس رینٹل سروس شروع کرنے کا فیصلہ

منصوبے کے پہلے مرحلے میں 10 ہزار ای بائیکس شامل کی جائیں گی ای بائیکس سروس سے ٹریفک دباؤ، ایندھن اخراجات اور ماحولیاتی آلودگی میں نمایاں کمی آئے گی

ایل پارک، ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ، سیف سٹی اور دیگر ادارے بھی منصوبے کا حصہ ہوں گے، طلبہ، ملازمین اور عام شہریوں کے لیے کم لاگت جدید سفری سہولت میسر آئے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ماحول دوست اور جدید سفری سہولتوں کے فروغ کے لیے پہلی بار ای بائیکس رینٹل سروس متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 10 ہزار ای بائیکس شامل کی جائیں گی جبکہ شہر بھر میں 300 ڈاکنگ اور چارجنگ اسٹیشنز بھی قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب ہاؤسنگ اتھارٹی ڈاکنگ اور چارجنگ اسٹیشنز کے لیے جگہ فراہم کرے گی، شہری اہم رہائشی اور کمرشل علاقوں سے قریبی پبلک ٹرانسپورٹ پوائنٹس تک آسان رسائی حاصل کرسکیں گے۔ حکام کے مطابق اس منصوبے سے لاہور میں سالانہ ہزاروں ٹن کاربن اخراج میں کمی متوقع ہے جس سے شہر میں فضائی آلودگی اور اسموگ پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ ایل پارک، ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ (بقیہ نمبر 30)

لاہور: اپوزیشن اراکین اسمبلی اور کسان ونگ کے عہدیدار پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی، شدید ہیٹ ویو کا الرٹ، درجہ حرارت 51 ڈگری تک جانے کا امکان

بالائی فضا میں ہائی پریشر ایریا بننے کے باعث 8 سے 12 جون کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں درمیانی سے شدید ہیٹ ویو کی صورتحال پیدا ہونے کی توقع ہے

شدید گرمی کے باعث میدانی علاقوں میں چند مقامات پر گرد آلود ہوائیں اور آندھی چلنے کا بھی امکان ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (این این آئی) سندھ میں شدید ہیٹ ویو کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے، اس دوران درجہ حرارت 51 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے سندھ بھر کے لیے ہیٹ ویو الرٹ جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بالائی فضا میں ہائی پریشر ایریا بننے کے باعث 8 سے 12 جون کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں درمیانی سے شدید ہیٹ ویو کی صورتحال پیدا ہونے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں 9 سے 12 جون تک ہیٹ ویو برقرار رہ سکتا ہے جبکہ اس دوران شہر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 سے 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے۔ الرٹ کے مطابق 12 جون تک سکھر، شکارپور، قمبر شہدادکوٹ، جیکب آباد، لاڑکانہ، موہنجودڑو، شہید (بقیہ نمبر 25)

پنجاب کا مالیاتی حجم 8 سال میں نمایاں اضافہ، بجٹ 5446 ارب روپے تک پہنچ گیا

ترقیاتی اخراجات، محصولات اور انفراسٹرکچر منصوبوں میں تاریخی اضافہ، سرکاری رپورٹ جاری

ترقیاتی فنڈز کے مؤثر استعمال سے صحت، تعلیم اور بلدیاتی منصوبوں میں بہتری کا دعویٰ، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے گزشتہ 8 برسوں کے دوران بجٹ اور ترقیاتی اخراجات سے متعلق رپورٹ جاری کر دی ہے، جس کے مطابق صوبے کا مالیاتی حجم نمایاں طور پر بڑھ گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کا مجموعی بجٹ 1970 ارب روپے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: خواتین رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جا رہی ہیں

سینیٹ نے کفایت شعاری ہدف سے 500 فیصد زائد بچت کرکے ادارہ جاتی احتساب اور مالی نظم وضبط کی نئی مثال قائم کردی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے ایوان بالا نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی ہدایات پر سینیٹ (بقیہ نمبر 21)

سمندر انسانی زندگی، ماحولیاتی توازن، غذائی تحفظ اور معاشی ترقی کا بنیادی ذریعہ ہیں، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے (بقیہ نمبر 23)

راجوری میں ایل پی جی سلنڈر پھٹنے سے تین افراد زخمی

جموں (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں (بقیہ نمبر 24)

خواتین کی آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ پر این سی سی آئی اے کا کریک ڈاؤن، 4 گرفتار

لاہور اور فیصل آباد میں کارروائیاں، سوشل میڈیا پر قابل اعتراض مواد اور بلیک میلنگ کے کیسز سامنے آئے

ڈیجیٹل جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ترجمان این سی سی آئی اے

لاہور (زیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) پنجاب نے خواتین کی آن لائن ہراسانی، بلیک میلنگ، کردارکشی اور نازیبا مواد کی تشہیر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران لاہور اور فیصل آباد سے مجموعی طور پر چار ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ کارروائیاں ڈائریکٹر این سی سی آئی اے پنجاب محمد علی وسیم کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی گئیں۔ این سی سی آئی اے لاہور نے دو مختلف مقدمات میں کارروائیاں کر (بقیہ نمبر 27)

مسلم لیگ لیبر ونگ پنجاب اور لاہور کی تنظیم نو، نئے عہدیداران مقرر

محمد اشرف چوہدری نے نوٹیفکیشن جاری کیے، کارکنان کو فعال کردار ادا کرنے کی ہدایت

نئے عہدیداران سیاسی، جمہوری اور اقتصادی استحکام کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے

لاہور (زیڈ این این) پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری وصوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی ہدایت پر پاکستان مسلم لیگ لیبر ونگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری محمد اشرف چوہدری نے مسلم لیگ لیبر ونگ کی تنظیم نو کے سلسلے میں مسلم لیگ ہاؤس میں ایک اجلاس منعقد کیا، جس میں مختلف عہدیداران کے تقرر کے نوٹیفکیشن جاری کیے گئے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشنز کے مطابق محمد اقبال ملک کو سینئر نائب صدر پنجاب، نزاکت علی چوہان کو (بقیہ نمبر 26)

سپیکر قومی اسمبلی کا شمالی وزیرستان میں 27 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے ذریعے 27 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی (بقیہ نمبر 28)

پاکستان ریلوے کا مزید 15 ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

نجکاری کے لئے متعدد ایکسپریس اور پسنجر ٹرینیں شامل ہیں، اوپن بولی 16 جون کو ہوگی، حکام

قبل ازیں محدود دلچسپی کے باعث بعض ٹرینوں کی بولی ناکام اور ایک کمپنی نے معاہدہ واپس کیا

لاہور (زیڈ این این) پاکستان ریلوے نے مزید 15 ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ پاکستان ریلوے نے ایک بار پھر پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ مل کر ریل گاڑیاں چلانے کا فیصلہ کیا ہے اور اس حوالے سے باقاعدہ اشتہار بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 29)

جنرل سانتوس شہر میں 7.8 شدت کے زلزلے کے بعد پولیس ایک منہدم جولیبی فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ کے سامنے جمع ہے

ایران، وزیر خارجہ کا برطانیہ، ترکیہ اور پاکستان کے اعلیٰ حکام سے رابطہ

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بات ہوئی جنہوں نے امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا ہے، بیان

برطانیہ اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ سے بھی فون پر گفتگو کی۔ ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق ان رابطوں میں خطے کی موجودہ صورتحال اور بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد، تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے برطانیہ، ترکیہ اور پاکستان کے اعلیٰ حکام سے ٹیلیفون پر بات چیت کی ہے۔ ٹیلیگرام پر جاری بیان میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بات ہوئی جنہوں نے امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے برطا (بقیہ نمبر 33)

پنجاب یونیورسٹی میں 11 ارب روپے سے زائد سبسڈی کا امکان

یونیورسٹی کا مقصد معیاری تعلیم، ریسرچ اور طلبا کی فلاح و بہبود کو مزید بہتر بنانا ہے

آئندہ مالی سال میں طلبا کو فیس ریلیف اور سہولیات کیلئے بڑا مالی پیکج متوقع، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) پنجاب یونیورسٹی میں آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی تیاریاں جاری ہیں، جس کے تحت طلبا وطالبات کو مجموعی طور پر 11 ارب 41 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کیے جانے کا امکان ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق یہ سبسڈی دو ذرائع سے فراہم کی جائے گی، جس میں یونیورسٹی اپنے داخلی وسائل سے 7 ارب 88 کروڑ روپے جبکہ حکومتی گرانٹس کے ذریعے 3 ارب 53 کروڑ روپے کی سبسڈی شامل ہوگی۔ حکام کے مطابق اس منصوبے کے تحت ہر طالبعلم پر اوسطاً 1 لاکھ 75 ہزار روپے اضافی خرچ کیے جائیں (بقیہ نمبر 35)

پنجاب گروتھ اسٹریٹیجی 31-2026 کا نیا ماڈل تیار

معاشی سمت کا تعین، نئے پلان میں سرمایہ کاری، صنعت اور روزگار کے فروغ پر خصوصی توجہ مرکوز

سستی توانائی، زرعی پیداوار اور ترقیاتی اخراجات کو معاشی گروتھ سے منسلک کرنے کی سفارش

لاہور (زیڈ این این) حکومت نے معاشی گروتھ اسٹریٹیجی پلان (2026-31PGS) کا نیا ماڈل تیار کرلیا ہے، جس میں آئندہ برسوں کی معاشی سمت اور اہم اشاریے واضح کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس نئے پلان کے تحت نیا بجٹ، ترقیاتی حکمت عملی اور مجموعی معاشی فریم ورک اصلاحات اور ترقیاتی اہداف کے لیے پنجاب اسی ماڈل کے مطابق ترتیب دیا جا رہا ہے، جس کا مقصد صوبے کی معاشی گروتھ کو تیز کرنا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ منصوبے میں سرمایہ کاری، صنعت اور روزگار کے فروغ پر خصوصی فوکس کیا گیا ہے، جبکہ نجی سرمایہ کاری کو معاشی (بقیہ نمبر 34)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقیہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل تاہم ہر 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ہوم نیٹ پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر امر للی کے ہمراہ شرکا کا ہوم نیٹ پاکستان کی خواتین کی معاشی خودمختاری کے فروغ کے لیے جامع مالیاتی شمولیت پر گول میز مکالمہ کے موقع پر گروپ فوٹو

ہوم نیٹ پاکستان کی خواتین کی معاشی خودمختاری کے فروغ کے لیے جامع مالیاتی شمولیت پر گول میز مکالمہ

مذکورہ اقدام خواتین کی معاشی بااختیاری کو فروغ دینے، قرضوں تک مساوی رسائی بڑھانے، ادارہ جاتی شراکت داریوں کو مضبوط بنانے اور پاکستان کے ایس ایم ای (SME) ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے کی جاری کوششوں کا حصہ تھا۔

اشتراکی اور اختراعی طریقہ کار کے ذریعے مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے کے لیے اسٹیٹ بینک کا عزم سنجیدہ ہے، بلال شفقت ڈی ایم ڈی

پاکستان بھر میں مائیکرو بزنس کرنے والی خواتین کے لیے معاشی انصاف اور کاروباری مواقع کو وسعت دی جائے گی اُم لیلیٰ اظہر ای ڈی ہوم نیٹ پاکستان

صاحبزادی کا فروغ، اور کھلات وشراکت داریوں کے ذریعے نگاہی تبدیلی کا فروغ۔ حکمت عملی کا مقصد پیشتی بنانے کے کرخانتوں میں صرف مالی مسائل کا حل حاصل کریں بلکہ اپنے کاروبار کو موثر انداز میں چلانے اور وسعت دینے کے لیے اعتماد، مہارت اور حوصلہ بھی حاصل کریں۔ محترمہ اظہر نے مزید شاندار کی کی تقریباً 90 فیصد بینکاری معصومات حاصل کی حقیقی ضرورت کو نظر کرتے ہوئے کہا کہ تیار کردہ ان کی جاتیں۔ انہوں نے ایسی جامع معصومات کی تیاری پر زور دیا جو معاشرے کے تمام طبقات خصوصاً خواتین، بزرگ افراد اور دیگر محروم گروہوں کی ضروریات پوری کرسکیں۔

ہم نیٹ پاکستان کو سرمایہ اور تمام شرکا کی فعال شرکت کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے اشتراکی اور اختراعی طریقہ کار کے ذریعے مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے کے لیے اسٹیٹ بینک کے عزم کی بھی تعریف کی۔ ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ امر للی نے کہا کہ پاکستان بھر میں مائیکرو بزنس کرنے والی خواتین کے لیے مساوی انصاف اور کاروباری مواقع کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ہوم نیٹ پاکستان کی مالیاتی شمولیت کی حکمت عملی پیش کرتے ہوئے اسے چھ کے کاروبار کے دائرے والی خواتین کے لیے مالیاتی شمولیت کے فروغ کا ایک جامع روڈ میپ قرار دیا۔ یہ حکمت عملی ان مستقل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے تیار کردہ ہے جو خواتین کو رسمی مالی خدمات اور کاروباری مواقع تک رسائی سے روکتی ہیں۔ ہوم میڈ تربیت (FBLT) پروگرام سے حاصل شدہ تجربات کی بنیاد پر تیار کی گئی یہ حکمت عملی، ہوم نیٹ پاکستان کے فعول الدنی عزم کی عکاس ہے۔ اس کا مقصد گھر معیشت سے رسمی معیشت میں منتقل کرنے میں مدد کرنا ہے۔ یہ بنیادی ستونوں پر مشتمل ہے: مالیاتی مسائل تک رسائی میں بہتری، کاروباری مہارتوں کی ترقی، اور کاروبار کے لیے ماحول کو بہتر بنانا۔

لاہور (خبر نگار) ہوم نیٹ پاکستان نے بائیکرو بزنس کرنے والی خواتین کے لیے جامع مالیاتی نظام کے ذریعے معاشی خودمختاری کے فروغ کے حوصلہ پر خواتین اور دیگر پسماندہ طبقات، بشمول خواجہ افراد، معذور افراد (PWDs) اور محروم کمیونٹیز کے لیے مالیاتی شمولیت کو فروغ دینا تھا۔ پہلے افتتاحی خطاب میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو جناب بلال شفقت نے مالیاتی شمولیت اور ایس ایم ای ترقی کے لیے اسٹیٹ بینک کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ہوم نیٹ پاکستان کی مالیاتی خدمات تک رسائی بہتر بنانے کے لیے مختلف نقطہ نظر اور عالمی چیلنجز کو سمجھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ جناب شفقت نے اس مکالمے کے انعقاد پر ہوم نیٹ پاکستان کی ٹیکنیکل اور فنانس ٹیم ورکس کے اہم نمائندگان کو خراج تحسین پیش کیا۔ گفتگو کا محور کاروباری خواتین اور دیگر پسماندہ افراد، خصوصاً خواجہ سراؤں، معذور افراد اور محروم کمیونٹیز کے لیے مالیاتی شمولیت کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر ایس ایم ای (SME) بنانے اور پاکستان کے ایس ایم ای ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے کی جاری کوششوں کا حصہ تھا۔ یہ اقدام خواتین کی معاشی بااختیاری کو فروغ دینے، قرضوں تک مساوی رسائی بڑھانے، اور ادارہ جاتی شراکت داریوں کو مضبوط بنانے اور پاکستان کے ایس ایم ای (SME) ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے کی جاری کوششوں کا حصہ تھا۔ یہ قدم اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے باہمی اشتراک سے منعقدہ گائے اس میں مالیاتی شعبے، ترقیاتی اداروں، کاروباری معاونت فراہم کرنے والی تنظیموں اور ہوم نیٹ پاکستان کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم سے منسلک خواتین کاروباری افراد نے شرکت کی۔ گفتگو کا محور کاروباری خواتین کو درپیش چیلنجز اور ان کے حل پر تھا۔ اس میں ڈیجیٹل مالیاتی خدمات تک رسائی، مالی خواندگی، ہنر کی ترقی اور مارکیٹ تک رسائی جیسے اہم موضوعات پر روشنی ڈالی گئی۔ شرکا نے اپنے تجربات اور تجاویز بھی پیش کیں، جس سے ایک فعال اور بامعنی مکالمہ ممکن ہوا۔ اس موقع پر ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ امر للی نے کہا کہ ''ہم نیٹ پاکستان میں ہم ایسے ماحول کی تشکیل کے لیے پرعزم ہیں جہاں ہر خاتون کاروبار کو وسعت دینے، اپنے خاندان کی مالی حالت بہتر بنانے اور ایک مضبوط مستقبل کی تعمیر کے لیے ضروری وسائل اور مواقع تک رسائی حاصل کر سکے۔ ہمارا ماننا ہے کہ جب خواتین کو مالی خدمات، مہارت اور مواقع تک رسائی حاصل ہوتی ہے تو وہ نہ صرف اپنی زندگی بدلتی ہیں بلکہ اپنے خاندانوں، کمیونٹیز اور پوری معیشت کو بھی مضبوط بناتی ہیں۔''

چینی صدر سرکاری دورے پر عوامی جمہوریہ کوریا پہنچ گئے

پیانگ یانگ (شھود) کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری اور چین کے صدر شی جن پھنگ طیارے کی سیڑھیوں سے نیچے اترے، ہم جنگ اُن نے ان سے پرتپاک مصافحہ کیا۔ اپنی آمد سے قبل اخبار رودونگ سینن مون میں شائع ہونے والے ایک تحقیقی مضمون میں شی جن پھنگ نے کہا کہ وہ اور جونگ اُن سے ملاقات کے مشترکہ اہم تاکہ دونوں ممالک کے درمیان روایتی دوستی اور طرفہ تعلقات کی مجموعی ترقی کے بارے میں خیالات کا تبادلہ کیا جاسکے۔

عرب-چین تعاون جنوب-جنوب تعاون کی ایک مثال ہے، سینئر عرب عہدیدار

قاہرہ (شھود) سینئر عرب عہدیدار نے کہا ہے کہ عرب-چین تعاون باہمی احترام، داخلی امور میں عدم مداخلت، مشترکہ مفادات اور باہمی فائدے کے اصولوں پر قائم جنوب-جنوب تعاون کی ایک مثال بن چکا ہے۔ قاہرہ میں قائم عرب پارلیمنٹ کے ہیڈکوارٹر محمد الیاسی نے کہا کہ وہ کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی امور کے شعبہ کے ڈائریکٹر وانگ جیاوی کے ساتھ ملاقات کر رہے تھے۔ دونوں فریق ہمیشہ ایک دوسرے کے بنیادی مفادات سے متعلق امور میں حمایت کرتے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عرب ممالک اور چین میں اس سال اپنے سفارتی تعلقات کی 70 ویں سالگرہ منا رہے ہیں اور دونوں جانب ایک طویل المدتی اور مستقبل پر مبنی شراکت داری کے قیام کے لئے پختہ عزم پایا جاتا ہے۔

مریم نواز ہیلتھ کلینک یو پی پنڈی بھاگو ہزاروں انسان علاقہ انگی خدمات سے مستفید ہو رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر مسلم لیگ (ن) پی 49 پسرو راحمد ریاض کا کارکردگی رہنماؤں کے نام خصوصی پیغام

لاہور (سٹاف رپورٹر) چوری کی سبزی منڈی پولیس نے ٹماٹروں کی آڑ میں منشیات فروشی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے 3 کروڑ 70 ہزار روپے اور موبائل فون، بی کیٹ میں آصف سے 12 لاکھ روپے اور موبائل فون، شیرا کوٹ میں بابر ناصر سے 2 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ واقعہ غرشکھ، فیروزآباد، گلبرگ ٹاؤن سے گاڑیاں چوری کی گئیں، ملزمان ریڑھ اور سول لائن سے موٹر سائیکلیں چوری کر لے گئے۔ ایم ڈی واسا ایکسلیٹڈ مینجمنٹ سسٹم کی مسلسل مانیٹرنگ اور کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایات۔ ایم ڈی واسا ایکسلیٹڈ مینجمنٹ سسٹم کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کریں گے، ایم ڈی واسا کی ہدایات پر ریونیو اور آپریشنل سرگرمیوں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

"روزنامہ قوت لاہور" (3)9 جون 2026ء

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

اجلاس کے دوران منصوبوں پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، درپیش امور اور تکمیل کی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

چکوال (ایم ایس۔سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیرِ صدارت چھپڑ بازار چکوال اور مین بازار تلہ گنگ میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فضل شیر، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی فیاض ہاشمی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران منصوبوں پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، درپیش امور اور تکمیل کی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن منصوبوں کے تمام تعمیراتی کام اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو بہتر اور خوبصورت شہری ماحول فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ منصوبوں کی مسلسل مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام کی رفتار میں مزید تیزی لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بازاروں کی خوبصورتی اور شہری سہولیات میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی سہولت میں اضافہ ہوگا#

تمام مکاتب فکر کے علماء کرام انجمن تاجران سول سوسائٹی اور وکلاء برادری کے نمائندگان کا اجلاس

متحدہ علماء مشائخ امن کونسل پاکستان ضلع کوٹ ادو کی ضلعی باڈی تشکیل دی گئی

عارفوالا (تحصیل کرائم رپورٹر) متحدہ علماء مشائخ امن کونسل پاکستان ضلع کوٹ ادو کا قیام جامعہ شمس العلوم کوٹ ادو میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام انجمن تاجران سول سوسائٹی اور وکلاء برادری کے نمائندگان کا اجلاس منعقد ہوا جس میں متحدہ علماء مشائخ امن کونسل پاکستان ضلع کوٹ ادو کی ضلعی باڈی تشکیل دی گئی اجلاس کی صدارت صاحبزادہ محمد اکمل کریم چشتی مہاروی مرکزی کنوینئر متحدہ علماء مشائخ امن کونسل پاکستان جبکہ ضلع مظفرگڑھ کے سرپرست اعلیٰ شیخ عامر حلیم صاحب اور سینیئر وائس چیئرمین سید اختر حسین بخاری بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے اجلاس میں شریک تمام مندوبین نے متحدہ علماء مشائخ امن کونسل کے دستور اور منشور کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی قانون کی بالا دستی اور ملکی استحکام کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کا عہد کیا۔ اس موقع پر متحدہ علماء مشائخ امن کونسل پاکستان ضلع کوٹ ادو کے عہدیداران کا چناؤ عمل میں لایا گیا جس کے مطابق سرپرست پیر فدا حسین سیفی۔ سینیئر وائس چیئرمین حاجی محمد سلیمانی۔ وائس چیئرمین مولانا اقبال حسین مقصود پوری۔ صدر مولانا سجاد حسین لنجی۔ سینیئر نائب صدر مفتی خوشی محمد۔ جنرل سیکرٹری طاہر الحسن ہاروی۔ ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد عمران بھٹی۔ جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر منظور حسین جنگلانی۔ سیکرٹری اطلاعات ونشریات مظہر حسین جنگلانی۔ فنانس سیکرٹری طاہر رسول۔ لیگل ایڈوائزر عمر فاروق مشہوری ایڈووکیٹ۔ ضلعی ترجمان مولانا ہاشم سلیمانی۔ اور ضلعی کنوینئر مفتی محمد ریاض سعیدی کی نامزدگی پر اتفاق کیا گیا اور دو سال کے لیے ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔

واسا آفس چنیوٹ میں ریسکیو 1122 کی طرف سے تربیتی سیشن کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) واسا آفس چنیوٹ میں ریسکیو 1122 کی طرف سے تربیتی سیشن کا انعقاد تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی ہدایات پر واسا چنیوٹ آفس میں ریسکیو 1122 کی جانب سے تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ تربیت کا مقصد ہنگامی حالات سے نمٹنے، ابتدائی طبی امداد اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے عملے کی استعداد کار میں اضافہ کرنا تھا۔ واسا ملازمین نے تربیتی سیشن میں بھرپور شرکت کی اور ریسکیو 1122 کے ماہرین سے مفید معلومات حاصل کیں۔

تشدد زیادتی نفرت کسی بھی مہذب معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ محمد آصف باجوہ

بلوچستان میں لیڈی ڈاکٹر کیساتھ تیزاب گردی واقعہ قبول نہیں۔ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈاکٹر ہو یا دیگر ورکنگ یا پھر کسی بھی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین ہوں یا معصوم بچے انکے خلاف جارحیت کسی طور قابل قبول نہیں۔ ان باتوں کا اظہار صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ حاجی محمد آصف باجوہ نے اپنے میڈیا بیان میں کیا قوم کا روشن مستقبل اور قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں ان کے ساتھ تشدد زیادتی نفرت اور جارحیت کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے دنیا بھر میں بے شمار معصوم بچے وخواتین جنگوں کھریلو تشدد و غربت استحصال اور ناانصافی کا شکار ہیں جبکہ بہت سے بچے ذہنی اور جسمانی تشدد کے باعث خوف اور محرومی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ایسے حالات میں انسانیت کا تقاضا کہ حکومت و قانون نافذ کرنے والے ادارے خواتین و بچوں کو تحفظ، تعلیم، محبت اور بہتر ماحول فراہم کریں۔ متشدد رویے کسی طور بھی قابل قبول نہیں۔

بجلی، ٹیلیفون، انٹرنیٹ اور کیبل کی تاریں موٹر سائیکل سواروں اور شہریوں کے لیے وبالِ جان

جہلم (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر شہر اور گردونواح میں مختلف سرکاری و نجی اداروں کی جانب سے بچھائی گئی بجلی، ٹیلیفون، انٹرنیٹ اور کیبل کی تاریں موٹر سائیکل سواروں اور شہریوں کے لیے وبالِ جان بن گئی ہیں۔ متعدد مقامات پر تاریں ٹوٹ کر یا نیچی ہو کر گلی محلوں اور سڑکوں پر لٹک رہی ہیں، جس کے باعث کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ارباب اختیار نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں، گلی محلوں اور سڑکوں پر بجلی، ٹیلیفون، انٹرنیٹ اور کیبل نیٹ ورک کی لاوارث اور اضافی تاریں جگہ جگہ لٹکتی نظر آتی ہیں۔ کئی مقامات پر یہ تاریں اتنی نیچی ہو چکی ہیں کہ شہریوں، موٹر سائیکل سواروں اور عزاداروں کی آمدورفت میں شدید مشکلات پیدا ہو سکتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے دوران یہ تاریں نہ صرف رکاوٹ بن سکتی ہیں بلکہ انسانی جانوں کے لیے بھی خطرہ ثابت ہو سکتی ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر جہلم سمیت متعلقہ اداروں کے ذمہ داران سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام خطرناک، اضافی اور لٹکتی ہوئی تاروں کو ہٹایا جائے

سی ڈی او خالد شہزاد کی ہدایت پر عملہ نے 6 غیر قانونی پٹرول پمپس سر بمہر کر دیئے

غیر قانونی ریفلنگ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رہیگا، حافظ زکریا اقبال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) محکمہ شہری دفاع سیالکوٹ کے چیف انسپکٹنگ آفیسر حافظ زکریا اقبال کی قیادت میں سول ڈیفنس عملہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے چھ غیر قانونی منی پٹرول پمپوں کو سر بمہر کر دیا اور مالکان کے خلاف مقدمات درج کرا دیئے۔ محکمہ شہری دفاع کی فیلڈ سٹاف نے رنگپورہ، پکا گڑا، کینٹ پولیس کی حدود اور دیگر علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر قائم منی پٹرول پمپوں کو چیک کیا۔ کارروائی کے دوران ڈسپنسر مشینیں قبضے میں لے لی گئیں جبکہ غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے والی دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ یہ منی پٹرول پمپ بغیر کسی لائسنس کے قائم کیے گئے تھے اور ان میں آگ لگنے کی صورت میں نمٹنے کے لئے کوئی آلات بھی موجود نہ تھے لہٰذا مفاد عامہ کے لیے کاروائی عمل میں لائی گئی۔ محکمہ شہری دفاع کے حکام نے کہا ہے کہ انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے غیر قانونی اور حفاظتی تقاضے پورے نہ کرنے والے پٹرول پوائنٹس کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے والوں کی نشاندہی کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جاسکے۔

قومی رحمت اللہ العالمین وخاتم النبیین اتھارٹی کے زیرِ اہتمام ایک پروقار "علمی سیمینار" کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قومی رحمت اللہ العالمین وخاتم النبیین اتھارٹی حکومت پاکستان اور جامعہ محمدی شریف کے زیرِ اہتمام ایک پروقار "علمی سیمینار" کا باقاعدہ انعقاد قومی مرکز مطالعہ سیرت کی سرپرستی میں کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد طلباء اور عوام الناس کو قرآنی علوم اور سیرتِ مصطفیٰ ﷺ کے انوار و تجلیات سے روشناس کرانا تھا اس علمی نشست کا مرکزی موضوع قرآن مجید کی روشنی میں حضرت محمد ﷺ کے انتخاب اور مصطفیٰ ہونے کی خصوصیات تھا۔ اس بابرکت محفل میں مصر کی معروف اور تاریخی درسگاہ جامعہ الازہر مصر سے تعلق رکھنے والے ممتاز عالم دین اور عربی ادب کے پروفیسر فضیلۃ الاستاذ ڈاکٹر رفعت علی محمد السید نے خصوصی خطاب کیا۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر رفعت علی موجودہ وقت میں بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کی فیکلٹی آف عربیک زبان میں صدرِ شعبہ ادب کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں، اور ان کا شمار عربی ادب اور اسلامی علوم کے جید ماہرین میں ہوتا ہے۔

ڈی پی او آفس کمپلینٹ سیل میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل براہ راست ڈی پی او ساہیوال کے سامنے پیش کیے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کمپلینٹ سیل میں کھلی کچہری منعقد کی گئی، جس میں شہریوں نے اپنے مختلف نوعیت کے مسائل براہ راست ڈی پی او ساہیوال کے سامنے پیش کیے ڈی پی او ساہیوال نے تمام سائلین کی شکایات خود توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کا بروقت، شفاف اور منصفانہ ازالہ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان اعتماد کو فروغ دینا اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے ڈی پی او ساہیوال نے افسران کو واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کی جائے اور کسی بھی شکایت کے حل میں غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس

اجلاس میں ضلع بھر میں ادویات کی فروخت، ڈرگ قوانین پر عملدرآمد اور غیر قانونی میڈیکل پریکٹس سے متعلق کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید)، 7 میڈیکل سٹورز کے کیسز ڈرگ کورٹ بھجوا دیئے گئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس ڈی سی آفس کانفرنس روم سیالکوٹ میں منعقد ہوا جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری سمیت متعلقہ آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں ادویات کی فروخت، ڈرگ قوانین پر عملدرآمد اور غیر قانونی میڈیکل پریکٹس سے متعلق کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران مجموعی طور پر 28 کیسز کی سماعت کی گئی۔ بورڈ نے بغیر ڈرگ سیل لائسنس ادویات فروخت کرنے، ممنوعہ ادویات رکھنے اور فروخت کرنے، نیز غیر قانونی میڈیکل پریکٹس میں ملوث 7 میڈیکل سٹورز کے کیسز ڈرگ کورٹ بھجوانے کا فیصلہ کیا۔ بورڈ نے مختلف خلاف ورزیوں میں ملوث 10 میڈیکل سٹورز کو وارننگ جاری کی جبکہ مزید جانچ اور قوانین پر عملدرآمد کی تصدیق کے لیے 6 کیسز کو ری وزٹ کے لیے مقرر کیا گیا۔ مزید کارروائی اور ریکارڈ کی تکمیل کے لیے 5 کیسز کی سماعت آئندہ اجلاس تک موخر کر دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسانی جانوں سے کھیلنے اور ڈرگ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ادویات کی فروخت اور میڈیکل سٹورز کی مانیٹرنگ کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی میڈیکل پریکٹس، ممنوعہ ادویات کی فروخت اور بغیر لائسنس کاروبار کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

گلگت الیکشن میں کامیابی پر پیپلز پارٹی کے تمام امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

عوام نے اپنے ووٹ کی طاقت سے پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کیا ہے: ریاض علی قریشی

نارنگ منڈی (نامہ نگار) گلگت بلتستان الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں عوام نے اپنے ووٹ کی طاقت سے پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کیا ہے جو پارٹی کی عوامی خدمت اور جمہوری جدوجہد کا اعتراف ہے ان شاءاللہ جی بی میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ریاض علی قریشی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ امید ہے نومنتخب اراکین اسمبلی عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے پاکستان میں بھی آنے والے عام انتخابات میں بھی پاکستان پیپلز پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کر کے حکومت بنائے گی کیونکہ عوام کی امیدیں اور اعتماد پارٹی کی قیادت کے ساتھ وابستہ ہیں پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کے حقوق، خوشحالی اور ترقی کے لیے جدوجہد کرتی رہے گی۔

روزمرہ استعمال کی مصنوعات پر عائد ٹیکسوں کے خاتمے یا کمی کا اعلان کیا جائے

مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتے ہوئے یوٹیلٹی بلوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادی ہے: چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) آئندہ بجٹ میں عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے اشیائے ضروریہ اور روزمرہ استعمال کی مصنوعات پر عائد ٹیکسوں کے خاتمے یا نمایاں کمی کا اعلان کیا جائے غریب آدمی ہر خریدنے والی چیز پر ٹیکس دیتا ہے مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتے ہوئے یوٹیلٹی بلوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادی ہے، ایسے میں ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ماچس کی ڈبیا سے لے کر ہر ضرورت کی چیز پر غریب آدمی ٹیکس ادا کرتا ہے جو غریب آدمی پر نہیں بلکہ سرمایادار پر بوجھ ڈالنا چاہیے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بجٹ میں ٹیکسوں میں کمی اور عوام دوست اقدامات کا اعلان کرتی ہے تو اس کے براہ راست مثبت اثرات عوام تک پہنچیں گے اور قوت خرید میں اضافہ ہوگا تنخواہ دار طبقے، مزدوروں، کسانوں اور چھوٹے کاروباری افراد کے لیے خصوصی ریلیف اور پیکج کا اعلان کیا جائے تاکہ معاشی مشکلات کا شکار طبقوں کو ریلیف مل سکے امید ہے کہ حکومت عوامی توقعات کے مطابق ایک متوازن اور فلاحی بجٹ پیش کرے گی۔

انجمن تاجران ریلوے روڈ کا ماہانہ اجلاس صدر علی شیر کھوکھر کی زیر صدارت منعقد ہوا

اجلاس کے اختتام پر بازار کی ترقی، امن و امان کے قیام اور تاجران کے باہمی اتحاد کے لیے دعا بھی کی گئی

مچن آباد (چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر) انجمن تاجران ریلوے روڈ کا ماہانہ اجلاس صدر علی شیر کھوکھر کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور اور تاجران کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں چھ نکاتی ایجنڈا پیش کیا گیا، جس میں بازار کی لائٹس کی بہتری، رات کے اوقات میں پہرے کے موثر انتظامات، ٹریفک کنٹرول، ماہانہ چندہ، صفائی ستھرائی اور تاجران کی فلاح و بہبود سے متعلق امور شامل تھے۔ اجلاس میں انجمن کے تمام عہدیداران اور ممبران نے بھرپور شرکت کی اور مختلف تجاویز پیش کرتے ہوئے بازار کے مسائل کے حل کے لیے ہم نے اقدامات پر زور دیا۔ اس موقع پر صدر علی شیر کھوکھر اور جنرل سیکرٹری رائے سرفراز احمد کھرل نے اپنے خطاب میں کہا کہ انجمن تاجران ریلوے روڈ تاجروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح بہبود کو اولین ترجیح دیتی ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ اجلاس میں پیش کیے گئے ایجنڈے پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ تاجروں کو بہتر کاروباری ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر بازار کی ترقی، امن و امان کے قیام اور تاجران کے باہمی اتحاد کے لیے دعا بھی کی گئی۔

والدین اللہ کی عظیم نعمت اولاد کیلئے سب سے بڑی دولت ہیں۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی

مرحوم والد گرامی آج اپنے افکار کی صورت مجھ میں زندہ ہیں۔ اظہر حمید بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ہمارے پیارے والد گرامی حاجی عبدالحمید بھٹی بانی لیڈر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس ہمیں داغ مفارقت دے گئے مگر ہمارے انسان دوست و عظیم والد گرامی نے ہماری تربیت ان اعلیٰ اقدار و افکار کیساتھ کی اور ان کی بہترین تربیت و شخصیت میرے اندر زندہ و جاوید ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ چیمبر آف کامرس نے والدین کی عظمت کے حوالہ سے کیا۔ معروف ایکسپورٹرز بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی وعباد اظہر بھٹی نے کہا کہ والدین عظیم نعمت اور اولاد کے لیے دنیا کی سب سے بڑی دولت ہوتے ہیں ماں باپ کی محبت تربیت شفقت اور دعائیں انسان کی کامیابی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ جو اپنے جنم دینے والے والدین سے بڑھ کر کسی کو ماں باپ کی جگہ دیتے ہیں گمراہی کا اظہار ادبی انکا مقدر بنتی ہے۔

پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس CEC کے اجلاس میں بڑا فیصلہ

ملک بھر کے 186 عہدیداران فارغ 06 رکنی مرکزی کابینہ بھی تشکیل کر دی گئی

عارف والا (سٹی رپورٹر) صحافیوں کے حقوق کی علمبردار عالمی تنظیم پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس کی CEC کے اجلاس میں بڑا فیصلہ ملک بھر کے 186 عہدیداران فارغ 06 رکنی مرکزی کابینہ بھی تشکیل کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری جنرل پاکستان ڈاکٹر فیاض حسین خان کے مطابق پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس (رجسٹرڈ) کی 17 رکنی سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کے اہم ترین اجلاس میں پاکستان کے مختلف اضلاع سے ملنے والی رپورٹس کی روشنی میں ملک بھر کے 186 عہدیداران اور ایگزیکٹو ممبرز کو فارغ کر دیا گیا ان میں 120 عہدیدار ایسے ہیں جنہوں نے ادارہ کے آئین کے مطابق زیادہ سے زیادہ تین ماہ کا عرصہ گزر جانے کے بعد بھی حلف نہیں اٹھایا 31 عہدیداروں نے حلف اٹھا کر حلف کو توڑا جبکہ 35 عہدیداران نے ادارہ کو توڑنے اور غداری کی ہر ممکن سازش کی فارغ کیے جانے والوں میں مرکز کے 03 صوبوں کے 14 ڈویژنز کے 31 اضلاع کے 43 تحصیلوں کے 22 سٹی کے 28 عہدیداران جبکہ 45 ایگزیکٹو ممبرز شامل ہیں علاوہ ازیں 06 رکنی مرکزی کابینہ بھی فوری طور پر تشکیل کر دی گئی ہے نئی مرکزی کابینہ کا اعلان جلد کیا جائے گا واضح رہے کہ یہ بڑے فیصلے سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کی کثرت رائے 17/0 سے کیے گئے ضلع پاکپتن کی جانب سے فیصلہ کی تائید کر دی گئی ہے۔

لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب گردی واقعہ کو قابل مذمت ہے: پی ایم اے ضلع جہلم

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سابق صدر پی ایم اے ضلع جہلم سی ای او، سرمد اسپتال ڈاکٹر ملک حفیظ الرحمن نے کوئٹہ میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب گردی کے واقعہ کو قابل مذمت، اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے کوئٹہ میں لیڈی ڈاکٹر ماہ نور پر تیزاب پھینکنے کے افسوسناک واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت سوز اور معاشرے کے لیے انتہائی تشویشناک قرار دیا ہے اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر ملک حفیظ الرحمن نے کہا کہ ایک خاتون ڈاکٹر، جو انسانیت کی خدمت کے عظیم فریضے سے وابستہ ہیں، پر تیزاب پھینکنے کا سفاکانہ عمل ناقابل برداشت اور قابل نفرت، ہے۔ ایسے واقعات نہ صرف خواتین کے تحفظ پر سوالیہ نشان ہیں بلکہ معاشرتی اقدار اور قانون کی عملداری کے لیے بھی ایک بڑا چیلنج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور پر ہونے والا یہ حملہ پوری طبی برادری کے لیے باعث دکھ اور تشویش ہے۔

مالی سال کے اہداف کو سو فیصد پورا کرنے کیلئے فیسکو جھنگ سرکل کے افسران اور فیلڈ سٹاف میدان میں آ گئے

ڈیڈ ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے ریکوری کے لیے تمام تر محکمانہ وسائل کا بھرپور استعمال شروع کر دیا گیا: چیف انجینئر ٹی ایس فیسکو



جھنگ (بیورو رپورٹ) چیف انجینئر ٹی ایس فیسکو و نگران آفیسر ریکوری رائے فیصل رضا مارتھ کی زیر نگرانی مالی سال کے اہداف کو سو فیصد پورا کرنے کے لیے فیسکو جھنگ سرکل کے افسران اور فیلڈ سٹاف میدان میں آ گئے ہیں رنگ، ڈیڈ ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے ریکوری کے لیے تمام تر محکمانہ وسائل کا بھرپور استعمال شروع کر دیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق فیسکو جھنگ سرکل میں بقایاجات کی وصولی اور بجلی چوری کے خاتمے کے لیے مہم کو تیز کر دیا گیا ہے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ریکوری نگران آفیسر و چیف انجینئر رائے فیصل رضا مارتھ نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کی خصوصی اور واضح ہدایات پر نیپرا کی جانب سے مالی سال 2025-26 کے لیے مقرر کردہ اہداف کو نہ صرف حاصل کیا جائے گا بلکہ ان سے زائد ریکوری کر کے جھنگ سرکل کو پورے ریجن میں پہلے نمبر پر لایا جائے گا انہوں نے فیلڈ سٹاف اور افسران کے عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ جھنگ سرکل کا عملہ اور افسران انتہائی محنتی، فرض شناس اور بہادر ہیں جو شدید موسم اور ناموافق حالات کے باوجود فیسکو کے مفاد اور ملکی خزانے کی بحالی کے لیے دن رات کوشاں ہیں رائے فیصل رضا مارتھ نے مزید کہا کہ بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کا دباؤ یا سفارش قبول نہیں کی جائے گی انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ ریکوری کے اہداف کو مقررہ وقت کے اندر یقینی بنایا جائے تاکہ جھنگ سرکل فیسکو ریجن میں ایک مثالی سرکل بن کر ابھرے

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی صحت سہولیات کا جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں اور وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی صحت سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان سے علاج معالجے، ادویات کی دستیابی اور دیگر سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی کے بہترین انتظامات اور ادویات کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس لیے ڈیوٹی میں غفلت یا مریضوں کی دیکھ بھال میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کی بھی ہدایت کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی پناہ گاہ کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو پناہ گاہ میں فی الفور کولرز لگوانے اور صفائی انتظامات میں مزید بہتری لانے کے احکامات بھی جاری کیے۔ دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر روحیل اختر، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر افتخار محی الدین سمیت دیگر بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔

جھنگ شہر اور گردونواح کے متعدد میڈیکل سٹوروں پر کوالیفائیڈ فارماسسٹس کی عدم موجودگی

نان کوالیفائیڈ عملے کی تعیناتی کے باعث مریضوں کو ڈاکٹر کے نسخے کے مطابق درست ادویات کی فراہمی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈرگ انسپکٹر کی مبینہ چشم پوشی کے باعث جھنگ شہر اور گردونواح کے متعدد میڈیکل سٹوروں پر کوالیفائیڈ فارماسسٹس کی عدم موجودگی اور نان کوالیفائیڈ عملے کی تعیناتی کے باعث مریضوں کو ڈاکٹر کے نسخے کے مطابق درست ادویات کی فراہمی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے ذرائع کے مطابق شہر کے کئی اہم علاقوں اور ہسپتالوں کے باہر قائم میڈیکل سٹورز پر مستند فارماسسٹس کے بجائے ایسے افراد ادویات فروخت کر رہے ہیں جن کے پاس کوئی طبی مہارت یا لائسنس موجود نہیں ہے یہ نان کوالیفائیڈ عملہ اکثر اوقات ڈاکٹر کی لکھی ہوئی ادویات کی لکھائی نہ سمجھ پانے کے باعث مریضوں کو ملتی جلتی یا متبادل غلط ادویات تھما دیتا ہے کوالیفائیڈ پرسن نہ ہونے کی وجہ سے مریض صحت یابی کے بجائے مزید پیچیدہ اور خطرناک بیماریوں کا شکار ہونے لگے ہیں جھنگ کے سماجی و عوامی حلقوں نے محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ انسانی زندگیوں سے کھیلنے والے ان میڈیکل سٹورز کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے قانون کے مطابق ہر میڈیکل سٹور پر کوالیفائیڈ فارماسسٹ کی موجودگی کو لازمی بنایا جائے

شیخوپورہ میں سابق لیگی ایم پی اے کا غریب کسانوں کی 2 ایکڑ اراضی پر قبضہ

فیروزوٹواں کے نواحی گاؤں مھوں والی میں بااثر سیاسی شخصیت کی جانب سے غریب کسانوں کی آبائی زمین پر قبضے کا سنگین واقعہ

فیروزوٹواں (نامہ نگار) شیخوپورہ میں سابق لیگی ایم پی اے کا غریب کسانوں کی 2 ایکڑ اراضی پر قبضہ، متاثرین کا وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے خودسوزی کا اعلان ضلع فیروزوٹواں کے نواحی گاؤں مھوں والی میں بااثر سیاسی شخصیت کی جانب سے غریب کسانوں کی آبائی زمین پر قبضے کا سنگین واقعہ سامنے آگیا۔ متاثرین نے ضلعی انتظامیہ پر ساز باز کا الزام لگاتے ہوئے وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے اجتماعی خودسوزی کی دھمکی دے دی۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن کے سابق ایم پی اے عارف سندھیلہ پر الزام ہے کہ انہوں نے مبینہ طور پر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے گاؤں مھوں والی کے رہائشی غریب کسانوں کی 2 ایکڑ زرعی اراضی پر قبضہ کر لیا ہے۔ متاثرہ خاندان کے سربراہ نے میڈیا کو بتایا: "ہمارے آباؤ اجداد نے 45 سال قبل یہ زمین خریدی تھی اور تب سے ہم اس پر قابض ہیں۔ زمین کی رجسٹریاں، انتقال اور فرد ملکیت سمیت تمام دستاویزات ہمارے پاس موجود ہیں۔ ہم اسی زمین پر متعدد بار بینک سے زرعی قرضہ بھی حاصل کر چکے ہیں جس کا مکمل ریکارڈ موجود ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "ظالم وڈیرے نے انتظامیہ سے مل کر ہماری ملکیتی زمین پر ناجائز قبضہ کر کے ظلم کی انتہا کر دی ہے۔ ہماری کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ واقعے کے بعد اہل علاقہ نے شدید احتجاج کیا اور اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ متاثرین نے واضح الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا کہ "اگر قبضہ شدہ زمین فوری واپس نہ کی گئی تو پورا خاندان وزیراعلیٰ پنجاب ہاؤس کے سامنے خودسوزی کر لے گا۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ عارف سندھیلہ بااثر ہونے کی وجہ سے ضلعی انتظامیہ کارروائی سے گریزاں ہے۔ 1. وزیراعلیٰ پنجاب فوری نوٹس لیں 2. ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ غیر جانبدار انکوائری کروائیں۔ 3 لینڈ ریکارڈ چیک کر کے زمین واگزار کروائی جائے 4. ملوث سرکاری اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی ہو دوسری جانب اس حوالے سے موقف جاننے کے لیے سابق ایم پی اے عارف سندھیلہ اور ضلعی انتظامیہ سے رابطے کی کوشش کی گئی تاہم ان کا موقف سامنے نہیں آسکا۔

ماڈل ٹاؤن انتظامیہ کیجانب سے سوسائٹی کے مختلف مقامات پر بینرز آویزاں کر دیئے گئے

غیر قانونی نیٹ کیبلز وان سے متعلقہ دیگر تنصیبات کو سوسائٹی انتظامیہ کیجانب سے اکھاڑ پھینکنے کا عندیہ دیا گیا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دی ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ بلڈنگ لیمیٹڈ اوگی کی ماڈل ٹاؤن انتظامیہ کیجانب سے سوسائٹی کے مختلف مقامات پر بینرز آویزاں کر دیئے گئے ہیں جن میں غیر قانونی طور پر کیبل، انٹرنیٹ سمیت نیٹ و کیبل باکسز سمیت دیگر تنصیبات قائم کرنیوالے اداروں، کمپنیز، انڈو یجویلز وغیرہ کو بغیر اجازت سوسائٹی این او سی قائم انکی غیر قانونی تنصیبات خود سے ہٹانے کا کہا گیا ہے بصورت دیگر غیر قانونی نیٹ کیبلز وان سے متعلقہ دیگر تنصیبات کو سوسائٹی انتظامیہ کیجانب سے اکھاڑ پھینکنے کا عندیہ دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اس ضمن میں سوسائٹی انتظامیہ نے بزریعہ قومی اخبار بھی پہلے سے وارننگ دے رکھی ہے۔

بیوٹیفکیشن منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری: کمشنر گوجرانوالہ

شہر کی خوبصورتی، صفائی اور شہری سہولیات میں بہتری حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری) گوجرانوالہ کو مزید خوبصورت اور جدید شہر بنانے کے لیے بیوٹیفکیشن منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی نے بیوٹیفکیشن سکیمز کی پیش رفت کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر کی خوبصورتی، صفائی اور شہری سہولیات میں بہتری حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ اے سی جی محمد عامر، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد عبدالروف، سی او کارپوریشن قیصر امین سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور مختلف ترقیاتی و بیوٹیفکیشن منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی کمشنر محمد علی نے منصوبوں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو باہمی رابطے اور موثر نگرانی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ گرین بیلٹس، پارکوں، شاہراہوں، چوکوں اور عوامی مقامات کی خوبصورتی میں اضافہ شہری زندگی کے معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق گوجرانوالا کو ایک صاف، سرسبز اور دیدہ زیب شہر بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کمشنر محمد علی نے زور دیا کہ شجرکاری، صفائی اور تزئین و آرائش کے منصوبوں میں پائیداری کو مدنظر رکھا جائے تاکہ ان کے مثبت اثرات طویل عرصے تک برقرار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے تعاون کے بغیر کوئی بھی خوبصورتی مہم مکمل کامیابی حاصل نہیں کر سکتی، اس لیے عوام میں احساس ذمہ داری اور شہری شعور کو فروغ دینا بھی ضروری ہے۔ اجلاس کے اختتام پر بیوٹیفکیشن سکیمز کی بروقت تکمیل اور ان کی مسلسل مانیٹرنگ کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل کا بھی جائزہ لیا گیا

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کا ترقیاتی و بیوٹیفکیشن کے جاری منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ سٹی کے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ریلوے روڈ پر میگا سیوریج منصوبے پر جاری کاموں کا جائزہ بھی لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ترقیاتی و بیوٹیفکیشن کے جاری منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ سٹی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے پبلک پارکس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو تعمیراتی کاموں کی رفتار میں تیزی لانے کے احکامات بھی جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ریلوے روڈ پر میگا سیوریج منصوبے پر جاری کاموں کا جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے جاری منصوبوں اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریلوے روڈ اور ملحقہ علاقوں میں موجود شہریوں سے ملاقات کی اور ان سے درپیش مسائل و شکایات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے شہریوں کی آراء اور تجاویز کو بغور سنا اور متعلقہ اداروں کو عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شہری خوبصورتی اور ماحول کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے شہری خوبصورتی و اپ گریڈیشن منصوبے کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبوں کی تکمیل میں معیار، شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، صفائی ستھرائی اور شہری خوبصورتی کے متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل اور شہر کی مجموعی بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جاری منصوبوں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور عوامی مفاد کے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ شہری ان کے ثمرات سے جلد از جلد مستفید ہو سکیں۔ دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ ڈاکٹر ندا اقبال سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔

سمندری، مہار ہاؤس حلقہ پی پی 104 کی سیاسی صورتحال پر اہم مشاورت

چوہدری مستقیم مہار سے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات کی اہم ملاقاتیں

سمندری (تحصیل رپورٹر) مہار ہاؤس میں سیاسی سرگرمیوں کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے، جہاں پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار سے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کے دوران حلقے کی موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور آئندہ سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر سردار قاسم گجر، رانا لیاقت علی خاں، سینئر صحافی محمد اعظم رضا راول، آصف جٹ، حسنین وڑائچ اور چاند وڑائچ، چوہدری عمر حیات جٹ، میاں جاوید بھی موجود تھے۔ چوہدری مستقیم مہار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام تبدیلی، شفاف سیاست اور حقیقی عوامی نمائندگی کی خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حقوق کے تحفظ اور علاقے کی ترقی کے لیے سیاسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی مہار ہاؤس کے دروازے حلقہ کے عوام کیلئے دن رات کھلے ہیں انہوں نے کہا کہ اقتدار نہیں بلکہ عوامی خدمت ہمارا اصل مقصد ہے، انشاءاللہ عوام کی جانب سے ملنے والی محبت کا صلہ حلقہ کے عوام کی حقیقی خدمت کر کے اتاریں گے۔

ادارتی صفحہ

EDITORIAL

صنعتوں کا فروغ اور مسائل

وزیراعظم شہباز شریف سے گزشتہ روز صنعتکاروں کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی جس میں صنعتی معیشت کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا تاکہ پیداوار اور برآمدات میں اضافہ ہو اور ملازمتوں کے مواقع پیدا ہو سکیں۔ بجٹ سے قبل مختلف شعبہ ہائے زندگی کے نمائندوں سے مشاورت ضروری عمل ہے۔ اس سے حکومت کو معیشت کے مختلف سٹیک ہولڈرز کی آرا کو جاننے کا موقع ملتا ہے جس سے آنے والے مالی سال کیلئے بہتر پالیسیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں۔ حکومت یقیناً معیشت وصنعت کو درپیش بحرانوں سے ناواقف نہیں۔ سرفہرست چیلنجز: توانائی کی بلند ترین قیمتیں؛ غیر متوازن اور بھاری ٹیکس اور معاشی پالیسیوں میں عدم تسلسل ہے۔ ان مسائل سے نمٹ کر جب تک معیشت کو سازگار ماحول فراہم نہیں کیا جاتا صنعتی ترقی اور پائیدار نمو یقینی نہیں بنایا جا سکتا۔ ملکی معیشت کے ڈھانچے اور گزشتہ چند برسوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں تو یہ منظر تضاد سے بھرپور ہے۔ مالی سال 2022ء میں پاکستان میں محصولات کا حجم 6125 ارب روپے تھا جبکہ رواں مالی سال کیلئے 13979 ارب روپے کے مقررہ ہدف میں سے 30 مئی تک 11227 ارب روپے سے زائد حاصل کیے جا چکے ہیں۔ یعنی گزشتہ چار برس کے دوران حکومت کے ٹیکس ریونیو میں سو فیصد سے زائد اضافہ بظاہر ایک مثبت پیشرفت کو واضح کرتا ہے لیکن دوسری طرف ملکی برآمدات کا حجم 30 ارب ڈالر کے گرد جمود کا شکار نظر آتا ہے۔ اصولی طور پر اگر ملک کا ٹیکس نیٹ اور ریونیو بڑھ رہا ہے تو اس کا اثر پیداواری صلاحیت اور برآمدات میں اضافے کی صورت میں بھی سامنے آنا چاہیے لیکن ملکِ عزیز میں صورتحال اس کے برعکس ہے۔ مالی سال 2022ء میں ملکی برآمدات کا حجم 8.31 ارب ڈالر تھا اور گزشتہ مالی سال برآمدات 9.30 ارب ڈالر تک رہیں۔ یعنی وقت کیساتھ برآمدات میں بجائے اضافے کے کمی ہوئی ہے۔ مالی سال 2021ء اور 2022ء میں بڑے پیمانے کی صنعتوں نے بالترتیب 5.10 فیصد اور 8.10 فیصد ترقی کی مگر اسکے بعد ترقی؟ معکوس کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

مالی سال 2023ء میں صنعتی ترقی کی شرح منفی 26.5 فیصد رہی؛ 2024ء میں 2.2 فیصد اور 2025ء میں 9.1 فیصد کی شرح سے ترقی ہوئی۔ حیران کن طور پر پیداوار میں گراوٹ کے ساتھ حکومت کے ٹیکس ریونیو میں اضافہ ہوتا گیا کیونکہ دستاویزی معیشت کو فروغ دینے یا پیداوار بڑھانے کے بجائے حکومت ٹیکسوں کا بوجھ بڑھا کر محصولات کے حجم میں اضافہ کرتی رہی۔ یوں بڑھتی ہوئی ٹیکسوں کی شرح سے ملکی مصنوعات عالمی مارکیٹ میں اپنی مسابقت کھوتی چلی گئیں اور صنعتی زوال بڑھتا گیا۔ ان حکومتی پالیسیوں کا منفی اثر سرمایہ کاروں کے اعتماد پر بھی پڑا۔ کاروباری اعتماد کی شرح؛ جو پہلے 22 فیصد تھی؛ اب مزید گر کر 13 فیصد پر آ چکی ہے۔ اس مایوس کن صورتحال کی بنیادی وجوہات میں سب سے نمایاں توانائی کے بلند ترین اخراجات ہیں۔ پاکستان میں اس وقت بجلی اور گیس کے نرخ خطے میں سب سے زیادہ ہیں جس کی وجہ سے پیداواری لاگت اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ مقامی صنعتوں کیلئے عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھنا ممکن ہی نہیں ہوتا۔ حکومت کو آنے والے بجٹ میں ان سبھی امور پر ہمدردانہ غور کرتے ہوئے ایسے معاشی فیصلے کرنے چاہئیں جو ملکی معیشت کی ترقی میں حقیقی کردار ادا کر سکیں۔ حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال کیلئے جی ڈی پی کی نمو کا حجم؛ جو رواں سال 7.3 فیصد کے لگ بھگ متوقع ہے؛ چار فیصد مقرر کرنے کا عندیہ دیا جا رہا؛ مگر اس کا حصول اسی صورت ممکن ہے جب صنعتی پہیہ رواں دواں ہو گا اور مقامی کاروبار کو پھلنے پھولنے کے مواقع میسر آئیں۔

قومی لباس پر مغربی لباس کو ترجیح دی جانا: ایک قومی المیہ



لباس کسی بھی قوم کی تہذیب، ثقافت، روایات اور قومی شناخت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ دنیا کی ہر باوقار قوم اپنے قومی لباس کو عزت، وقار اور فخر کی علامت سمجھتی ہے۔ جاپان، چین، عرب ممالک، بھارت اور دیگر کئی ممالک کے حکمران اور عوام بین الاقوامی تقریبات میں بھی اپنے قومی لباس کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ اپنی تہذیبی شناخت کو برقرار رکھ سکیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان میں صورتحال اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے جہاں حکمران اشرافیہ، اعلیٰ سرکاری شخصیات اور بااثر طبقے کے بعض افراد قومی لباس کے بجائے مغربی لباس کو زیادہ وقار اور ترقی پسندی کی علامت سمجھتے ہیں۔ یہ رویہ نہ صرف قومی ثقافت سے دوری کا مظہر ہے بلکہ ایک ایسے ذہنی رجحان کی عکاسی بھی کرتا ہے جو اپنی تہذیبی شناخت کو کمتر اور مغربی تہذیب کو برتر سمجھنے پر مبنی ہے۔

پاکستان کا قومی لباس شلوار قمیص ہے جسے ملک کے ہر خطے میں کسی نہ کسی انداز میں پہنا جاتا ہے۔ یہ لباس نہ صرف ہماری مذہبی اور ثقافتی اقدار سے ہم آہنگ ہے بلکہ موسم، معاشرتی ضروریات اور مشرقی روایات کے مطابق بھی انتہائی موزوں ہے۔ قیام پاکستان کے بعد بانی؟ پاکستان محمد علی جناح نے بھی قومی شناخت کے اظہار کے لیے مقامی لباس کو اہمیت دی۔ ان کی شیروانی اور جناح کیپ آج بھی پاکستانی شناخت کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

بدقسمتی سے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے حکمران اور اشرافیہ کا ایک بڑا طبقہ مغربی لباس کو ترقی، جدیدیت اور اعلیٰ سماجی حیثیت کی علامت سمجھنے لگا۔ سرکاری تقریبات، بین الاقوامی کانفرنسوں اور سفارتی ملاقاتوں میں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ قومی لباس کے بجائے سوٹ، ٹائی اور دیگر مغربی ملبوسات کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اگرچہ بین الاقوامی سفارتی آداب میں لباس کے انتخاب کی آزادی موجود ہے، لیکن قومی شناخت کے اظہار کی اہمیت بھی اپنی جگہ مسلمہ حقیقت ہے۔

دنیا کے کئی ممالک اس حوالے سے ہمارے لیے مثال ہیں۔ سعودی عرب کے حکمران اکثر روایتی عرب لباس میں نظر آتے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے سرکاری نمائندے بھی اپنی قومی شناخت برقرار رکھتے ہیں۔ اسی طرح بھارت کے متعدد رہنما قومی لباس پہن کر عالمی فورمز پر شرکت کرتے ہیں۔ ان ممالک نے ترقی کے سفر میں اپنی ثقافتی شناخت کو قربان نہیں کیا بلکہ اسے اپنی طاقت بنایا ہے۔

اصل مسئلہ لباس سے زیادہ ذہنی غلامی کا ہے۔ برصغیر میں تقریباً دو صدیوں پر محیط نوآبادیاتی دور نے ایک ایسا ذہنی اثر چھوڑا جس کے باعث انگریزی زبان، مغربی طرزِ زندگی اور مغربی لباس کو برتری کی علامت سمجھا جانے لگا۔ آزادی حاصل کرنے کے باوجود ہم آج تک اس ذہنی غلامی سے مکمل طور پر آزاد نہیں ہو سکے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض حلقوں میں شلوار قمیص پہننے والے شخص کو دیہاتی یا کم تعلیم یافتہ جبکہ مغربی لباس پہننے والے فرد کو مہذب اور ترقی یافتہ تصور کیا جاتا ہے۔

اس رجحان کے منفی اثرات نئی نسل پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ جب نوجوان اپنے قومی رہنماؤں، بیوروکریسی اور بااثر شخصیات کو قومی لباس سے دور ہوتے دیکھتے ہیں تو ان میں بھی اپنی تہذیبی شناخت کے بارے میں احساسِ کمتری پیدا ہوتا ہے۔ نتیجتاً قومی روایات، ثقافتی اقدار اور مقامی صنعتیں کمزور ہونے لگتی ہیں۔ مقامی ٹیکسٹائل اور دستکاری کے شعبے بھی اسی صورت میں ترقی کر سکتے ہیں جب قومی لباس کو معاشرے میں عزت اور اہمیت حاصل ہو۔

یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ قومی لباس اختیار کرنا ہرگز ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں۔ ترقی کا تعلق تعلیم، تحقیق، ٹیکنالوجی، قانون کی حکمرانی اور معاشی استحکام سے ہوتا ہے، نہ کہ لباس سے۔ جاپان اور چین نے جدید سائنس اور ٹیکنالوجی میں بے مثال ترقی کی، لیکن اپنی تہذیبی شناخت کو برقرار رکھا۔ اسی طرح خلیجی ممالک نے جدید انفراسٹرکچر اور مضبوط معیشت قائم کی مگر اپنے روایتی لباس کو ترک نہیں کیا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان میں قومی لباس کے حوالے سے مثبت شعور پیدا کیا جائے۔ حکمران طبقہ، پارلیمنٹ کے ارکان، سرکاری افسران اور دیگر بااثر شخصیات قومی تقریبات، یومِ آزادی، یومِ پاکستان اور بین الاقوامی فورمز پر زیادہ سے زیادہ قومی لباس پہن کر قومی تشخص کو فروغ دیں۔ تعلیمی اداروں، میڈیا اور سماجی تنظیموں کو بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ نئی نسل اپنی تہذیبی جڑوں سے وابستہ رہ سکے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ قومی لباس کو محض ایک رسمی یا دیہی لباس سمجھنے کے بجائے اسے قومی وقار کی علامت کے طور پر پیش کیا جائے۔ دنیا انہی قوموں کا احترام کرتی ہے جو اپنی شناخت، تاریخ اور ثقافت پر فخر کرتی ہیں۔

غلط ثابت کرنے کی دہلیز اور یقین کا حصار

تحریر: ڈاکٹر سنتوش کامرانی

کائنات کی اس بے کراں وسعت میں جب انسان نے پہلی بار آنکھ کھولی ہو گی تو اسے اپنے گردوپیش کی خاموشی اور ستارے بھرے آسمان نے ایک عجیب تذبذب میں مبتلا کر دیا ہو گا۔ یہ تذبذب ہی دراصل وہ بیج تھا جس سے تجسس کی کونپل پھوٹی اور پھر ہم نے سچائی کی تلاش کے لیے دو بالکل مختلف پگڈنڈیوں پر چلنا شروع کیا۔ ایک راستہ وہ تھا جو ہمیں یہ یقین دلاتا تھا کہ ہم جو دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں اس کے پیچھے کوئی ایسی منطق ہے جو کبھی نہیں بدلے گی اور دوسرا راستہ وہ جو ہمیں ہر قدم پر ٹھٹھک کر رکنے اور یہ سوچنے پر مجبور کرتا تھا کہ شاید جو ہم دیکھ رہے ہیں وہ ویسا نہیں ہے جیسا نظر آتا ہے۔ سچائی کے ان دو متوازی سفروں کو اگر ہم آج کے علمیاتی تناظر میں دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ سائنس اور ان دیکھے اعتبار، یا جس کو ہم یقین بھی کہہ سکتے ہیں، درمیان اصل خلیج وہ نہیں جو عموماً بتائی جاتی ہے بلکہ وہ ایک بنیادی رویے کا فرق ہے جسے غلط ثابت کرنا یا جھٹلانا (Falsification) کہا جاتا ہے۔

سائنس کی دنیا میں سچ کا سفر ثبوتوں کی عمارت کھڑی کرنے کا نام نہیں بلکہ شک کے ہتھوڑوں سے پرانی عمارتوں کو ڈھانے کا نام ہے۔ بیسویں صدی کے عظیم فلسفی کارل پوپر نے جب یہ تصور پیش کیا تو اس نے انسانی علم کی تاریخ میں ایک زلزلہ برپا کر دیا۔ پوپر کا خیال تھا کہ کوئی بھی نظریہ تب تک سائنسی نہیں ہو سکتا جب تک اس میں یہ گنجائش موجود نہ ہو کہ اسے کسی تجربے یا مشاہدے کے ذریعے غلط ثابت کیا جا سکے۔ یہ ایک بہت ہی غیر معمولی بات تھی کیونکہ اس سے پہلے عام تاثر یہ تھا کہ سائنس دان وہ ہوتا ہے جو اپنے نظریے کو درست ثابت کرنے کے لیے ثبوت جمع کرتا ہے۔ پوپر نے اس روایتی مشاہداتی منطق (LogicInductive) کو ایک طرف رکھ کر غلط ثابت کرنے کا جھنڈا بلند کیا اور یہ واضح کیا کہ سائنس کی عظمت اس کے درست ہونے میں نہیں بلکہ اس کے غلط ثابت ہونے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنے میں ہے۔ نفسیاتی طور پر یہ ایک بہت ہی تکلیف دہ عمل ہے کیونکہ انسانی ذہن ہمیشہ اور فطرتی طور پر سلامتی اور یقین کا متلاشی رہتا ہے۔ ہم ایسی سچائیوں کے عادی ہیں جو ہمیں سکون دیں نہ کہ ہمیں بے چین رکھیں۔ جب ہم ان دیکھے اعتبار کی منطق کو دیکھتے ہیں تو وہاں استدلال کا رنگ بالکل مختلف ہوتا ہے۔ ان دیکھے اعتبار میں سچائی ایک ایسی چٹان کی مانند ہوتی ہے جس کے گرد پورا انسانی وجود طواف کرتا ہے۔ وہاں استدلال کا مقصد سچائی کو پرکھنا نہیں بلکہ اس کی پہلے سے موجود حقانیت کی تائید کرنا ہوتا ہے۔ ان دیکھے اعتبار کی دنیا میں جب کوئی مشاہدہ یا تجربہ اس کے بنیادی ڈھانچے سے ٹکراتا ہے تو وہاں اس استدلال کا کام اس تضاد کو دور کرنا یا اسے ایک بڑے تناظر میں جذب کرنا ہوتا ہے تاکہ ان دیکھے اعتبار کا قلعہ سلامت رہے۔ یہاں ہم اس تصور کو سمجھ سکتے ہیں کہ انسان کس طرح اپنے پہلے سے قائم شدہ نظریات کو بچانے کے لیے حقائق کی تشریح بدل دیتا ہے۔ سائنس دان اپنے نظریے کو خطرے میں ڈالتا ہے جبکہ صاحبِ یقین اپنے نظریے کو ڈھال بناتا ہے۔ فرض کیجیے کہ ایک ماہرِ فلکیات یہ کہتا ہے کہ اگر کل سورج مغرب سے نکلا تو میری تمام فزکس غلط ثابت ہو جائے گی۔ یہ ایک جرات مندانہ بیان ہے کیونکہ وہ اپنے پورے علم کو ایک ممکنہ واقعے پر داو؟ پر لگا رہا ہے۔ اس کے برعکس ان دیکھے اعتبار کے نظام میں کوئی ایسا واقعہ ممکن ہی نہیں جو اس بنیاد کو ہلا سکے۔ وہاں ہر واقعہ چاہے وہ کتنا ہی غیر متوقع کیوں نہ ہو اس کی تشریح پہلے سے موجود ان دیکھے اعتبار کے اندر سے ہی کشید کی جائے گی۔ یہ غیر متبدل سچائی کا تصور ہی ہے جو ان دیکھے اعتبار کو ایک ایسی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے جس پر تہذیبیں اور سماجی ڈھانچے کھڑے ہوتے ہیں۔ ہمیشہ سے ہی انسانی معاشروں کو جوڑنے کے لیے ایسے نظریات کی ضرورت رہی ہے جن پر شک نہ کیا جا سکے۔ غلط ثابت کرنا اگرچہ سائنسی ترقی کے لیے انجن کا کام کرتی ہے مگر یہ سماج کے لیے ایک بے چینی کا باعث بنتی ہے۔ اگر ہر چیز عارضی ہے اور ہر سچ کل بدل سکتا ہے تو پھر اخلاقیات اور اقدار کی بنیاد کھڑی کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ان دیکھے اعتبار کا استدلال اپنا کام دکھاتا ہے۔

وہ انسان کو ایک ایسا مرکز فراہم کرتا ہے جہاں سے وہ کائنات کو معنویت دیتا ہے۔ سائنس کائنات کا طریقہ کار بتاتی ہے لیکن ان دیکھا اعتبار اسے مقصد عطا کرتا ہے۔ برصغیر کے علمی ورثے میں بھی ہمیں یہ کشمکش نظر آتی ہے۔ یہاں کے دانشوروں نے ہمیشہ وجدان کو علم کا ایک بڑا ذریعہ مانا ہے۔

وجدان کا استدلال اپنی نوعیت میں انفرادی اور ناقابلِ غلط ثابت کرنا ہوتا ہے۔ جب کوئی صوفی یا مفکر اپنے اندرونی تجربے کی بنیاد پر کوئی بات کہتا ہے تو وہ کسی لیبارٹری کے ثبوت کی محتاج نہیں ہوتی۔

اگلے روز سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی (اے پی سی سی) کے اجلاس

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اگلے روز سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی (اے پی سی سی) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ نئے مالی سال میں 4097 ارب روپے کی پراجیکٹ ڈیمانڈ کے مقابلے میں پی ایس ڈی پی کی مد میں 1126 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں؛ اس طرح حکومت کو مالی سال 27-2026ء میں تقریباً 300 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کو مو؟ خر کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا ترقیاتی بجٹ ضروریات سے کم ہے جس سے منصوبوں کی بروقت تکمیل مشکل ہو گئی ہے اور منصوبہ بندی کے عمل کیلئے ایک سنگین چیلنج ہے۔ ملک کی ترقی عوامی فلاحی منصوبوں میں حکومتی اخراجات پر مدار کرتی ہے لیکن جب ترقی کے منصوبوں کیلئے مطلوبہ رقوم مختص نہ کی جائیں تو اسکے دو طرح سے منفی نتائج سامنے آتے ہیں۔ اوّل یہ کہ عوام ان ترقیاتی منصوبوں کے فوائد سے محروم رہتے اور ان منصوبوں سے ملکی ترقی کے جو امکانات وابستہ ہوتے ہیں وہ عملی صورت اختیار نہیں کر پاتے۔ دوسری جانب اس تاخیر کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ منصوبوں کی لاگت بڑھتی چلی جاتی ہے اور ہمارے ہاں شاید ہی کوئی ترقیاتی منصوبہ ہو جو اپنی تخمینہ مدت اور معینہ لاگت میں مکمل ہوا ہو۔ ملک بھر میں صوبائی اور وفاقی انتظامات میں ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کی بے شمار کہانیاں موجود ہیں۔ مثال کے طور پر کراچی کو پانی کی سپلائی کا منصوبہ کے فور؛ جو 12 سال پہلے 25 ارب روپے میں مکمل ہو جانا تھا مگر مسلسل تاخیر کے شکار اس منصوبے کی لاگت کا تخمینہ اب 200 ارب روپے سے بڑھ چکا ہے اور آنے والے وقت میں یہ لاگت مزید بڑھنا خارج از امکان نہیں کیونکہ افراطِ زر میں اضافے کا سلسلہ تھمتا دکھائی نہیں دے رہا۔ اسی طرح دیگر اہم ترین نوعیت کے منصوبے بھی برسوں بلکہ دہائیوں تاخیر کا شکار ہوتے چلے جاتے ہیں اور ان کی تخمینہ لاگت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں تربیلا ڈیم کی توسیع اور پن بجلی کے متعدد منصوبے قابلِ ذکر ہیں جن کی تاخیر سے دہرا نقصان ہوا۔ اس صورتحال میں ضروری ہے کہ اہم ترین نوعیت کے قومی ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی ضابطہ کار بنایا جائے۔ مالیاتی مشکلات اپنی جگہ مگر قومی سطح پر حکمت عملی کے ساتھ کام کیا جائے تو ان مشکلات سے نمٹنا اتنا مشکل نہیں ہو گا۔ ضروری یہ ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل کی فراہمی ان کی اہمیت اور افادیت کے تناظر میں ہونی چاہیے۔

ہمارے ہاں دیکھا گیا ہے کہ بہت سے انتہائی اہمیت کے منصوبے دہائیوں التوا کا شکار رہتے ہیں اور ان پر کام رک رک کر چلتا ہے جبکہ اسی دوران بعض ایسے منصوبے، جن کی افادیت کم ہوتی ہے؛ انہیں ترجیحات میں سرفہرست رکھا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ قومی وسائل اکثر ایسے منصوبوں کی نذر ہو جاتے ہیں جن کا حقیقی معنوں میں کوئی فائدہ نہیں ہوتا یا وہ ایسے لازمی نوعیت کے منصوبے نہیں ہوتے کہ وسائل کی فراہمی میں انہیں ترجیح دی جائے۔ اگر اس حوالے سے ایک اصول وضع کر لیا جائے اور اس پر سختی سے عمل کیا جائے تو مالی وسائل یقینی طور پر انہی منصوبوں پر صرف ہوں گے جن کی قومی اہمیت اور افادیت زیادہ ہے۔ اس طرح نہ صرف مالی وسائل کا ضیاع روکا جا سکتا ہے بلکہ ضروری نوعیت کے منصوبوں کی جلد تکمیل سے عوام کو بھی بڑی سہولت میسر آئے گی۔ اس سلسلے میں وفاق اور صوبوں کی سطح پر بھی مو؟ ثر اقدامات کی ضرورت ہے۔

اٹھارہویں ترمیم کے تحت مالی وسائل کا بڑا حصہ صوبوں کو منتقل ہو جاتا ہے لہٰذا صوبائی حکومتیں اگر مالیاتی نظم وضبط پر توجہ دیں تو موجودہ وسائل ہی کو مو؟ ثر انداز میں استعمال کر کے زیادہ عملی نتائج حاصل کر سکتی ہیں۔ اس کے ساتھ مانیٹرنگ اور احتساب کے کڑے نظام اور بھاری مراعات کے بجائے حقیقی محکمانہ اصلاحات سے ان مسائل کا ازالہ ہو سکتا ہے جنہوں نے صوبوں کے اربوں روپے کے ترقیاتی بجٹ کے ثمرات کو عوام تک منتقل ہونے سے روک رکھا ہے۔

معیشت کے بارے میں بے بنیاد دعوے!

تحریر: سید مجاہد علی

وزیراعظم شہباز شریف نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت 'برآمدات پر مبنی ترقی کے راستے پر گامزن ہے، برآمدات پاکستان کی معاشی پالیسی کا بنیادی ستون ہیں'۔ اس اصول سے اتفاق کرنے کے باوجود بدقسمتی سے میسر اعداد وشمار وزیراعظم کے دعو؟ ں کی تائید نہیں کرتے۔ ادارہ شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق 2024 سے 2025 کے درمیان ملکی برآمدات میں اڑھائی ارب ڈالر کمی آئی جبکہ درآمدات میں لگ بھگ دس ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔

یوں ملک کا تجارتی خسارہ روز افزوں ہے اور کوئی سرکاری حکمت عملی اس میں کسی بڑی تبدیلی کا اشارہ نہیں دیتی اور نہ ہی علاقائی یا عالمی حالات کی صورت حال سے یہ قیاس کیا جا سکتا کہ آنے والے دنوں میں ملکی برآمدات میں غیر معمولی اضافہ ہو گا۔ موجودہ حکومت نے کثیر سرمایہ کاری لانے کے بلند بانگ دعوے کیے تھے اور سرمایہ کاری میں سہولت کاری کی خصوصی کونسل (ایس آئی ایف سی) قائم کرنے کا اعلان بھی کیا گیا تھا۔ اس کونسل میں فوج کو خصوصی شراکت دار بنا کر یہ امید کی گئی تھی کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ضمانت فراہم کرنے کے لیے یہ اقدام اہم اور دلکش ثابت ہو گا۔ لیکن یہ کونسل بھی ملک میں سرمایہ کاری لانے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ تمام تر دعو؟ ں اور خواہشات کے برعکس 2024 میں ملک میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی شرح تقریباً اڑھائی ارب ڈالر تھی۔ 2025 کے دوران ان اعداد وشمار میں کسی خاص پیش رفت کا امکان نہیں ہے۔ گویا معیشت کو ترقی کے راستے پر گامزن کر دینے کی دعوے دار شہباز شریف حکومت درحقیقت ملک کے معاشی انحطاط کو روکنے میں ناکام ہے۔

دیگر معاشی اشاریے بھی معاشی ابتری ہی کی کہانی سناتے ہیں۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح بدستور ساڑھے پانچ فیصد رہی اور تیس سال سے کم عمر افراد میں یہ شرح 10 فیصد کے لگ بھگ ہے۔ خاص طور سے نوجوانوں میں بے روزگاری بڑھنے سے یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں ہونا چاہیے کہ حکومت نہ صرف عمومی طور سے روزگار کی مارکیٹ میں سرگرمی پیدا کرنے میں ناکام ہے بلکہ تعلیم یافتہ اور ہنر مند لوگوں کو روزگار کے حصول میں زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔ عام طور سے یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ بڑی عمر کے لوگ کم تعلیم یافتہ یا ہنر مند نہیں ہوتے اور جدید صنعتی و تجارتی شعبوں میں ان کی کھپت ایک بڑا مسئلہ ہو سکتا ہے۔ جبکہ 18 سے 30 سال عمر کے نوجوان عام طور سے نہ صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوتے ہیں بلکہ اس عمر کے لوگوں میں مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ایسے شعبوں میں مہارت حاصل کرنے کا جوش وجذبہ موجود ہوتا ہے جو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہوتے ہیں۔ لیکن اعداد وشمار سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ حکومت ملک میں ایسی صنعتوں کی حوصلہ افزائی کرنے میں ناکام ہے جہاں ہنر مند افراد روزگار حاصل کر کے ملکی پیداوار میں اضافہ کر سکیں۔ آبادی میں اضافہ ایک علیحدہ معاشی مسئلہ ہے لیکن کسی سرکاری بریفنگ یا گفتگو میں ملک میں دو فیصد کی شرح سے بڑھتی ہوئی آبادی کنٹرول کرنے کے کسی منصوبے کا ذکر نہیں ہوتا۔ اس علت کی وجہ

سے ملک کی کل پیداواری صلاحیت درحقیقت بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات پوری کرنے پر صرف ہو جاتی ہے اور قومی ترقی اور خوشحالی کے کسی منصوبہ کے لیے وسائل فراہم نہیں ہوتے۔ اس کے باوجود سرکاری ترجمان بمشکل تین فیصد کی شرح سے پیداواری اضافے کو بڑا کارنامہ بنا کر پیش کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ سوال کیا جا سکتا ہے کہ ایسے دعوے کرنے سے کیا ملک کے قومی مسائل حل ہو جائیں گے؟ کیا نوجوانوں کو کام ملنے لگے گا؟ کیا غیر ملکی سرمایہ کاری آنے لگے گی؟ صاف ظاہر ہے کہ ایسا کچھ نہیں ہو گا لیکن اس کے باوجود وزیراعظم سمیت تمام سرکاری ترجمان یہ تاثر دینے اور دعوے کرنے سے گریز نہیں کرتے کہ ملکی معیشت تیزی سے مضبوط بنیادوں پر استوار ہو رہی ہے۔ مگر اس سوال کا جواب موجود نہیں ہے کہ جب بیروزگاری میں کمی، مہنگائی کی روک تھام، سرمایہ کاری میں اضافے اور برآمدات بڑھانے کا کوئی ہدف حاصل نہیں ہو پا رہا تو حکومت معیشت کی مضبوط بنیاد کس معاملے کو قرار دیتی ہے؟ ملکی معیشت کی صحت کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا تازہ بیان ملک کے ممتاز صنعتکاروں اور تاجروں کے وفد سے ملاقات میں سامنے آیا ہے۔ وزیر اعظم کے بقول حکومت نے ان اہم لوگوں کو بجٹ پالیسی کے بارے میں اعتماد میں لینے کے لیے مدعو کیا تھا۔ گویا یہ بیان کسی عام جلسے میں سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے نہیں دیا گیا بلکہ ملک کے ممتاز سرمایہ داروں کے سامنے اپنی کارکردگی بیان کرنے کے لیے دعوے کے طور پیش کیا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 'ہم برآمدات پر مبنی ترقی کے راستے پر گامزن ہیں، برآمدات پر مبنی ترقی پاکستان کی معاشی پالیسی کا بنیادی ستون ہے۔ حکومت غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ جبکہ آئندہ بجٹ میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھی مختلف تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں'۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کی کاروبار دوست پالیسیوں نے معیشت کو مستحکم بنایا ہے اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کیا ہے۔ حکومت ایسی صنعتوں کے فروغ کا منصوبہ رکھتی ہے جو مقامی پیداوار میں اضافہ کریں، برآمدات کو بڑھائیں اور زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا کریں۔

وزیراعظم کی اس 'بے ضرر' تقریر میں بیان کیے گئے اصول وضع کیے جائیں تو وہ کچھ یوں ہوں گے:

1۔ برآمدات میں اضافہ کا اصول
2۔ غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانا
3۔ معیشت کے فروغ کے لیے کاروبار دوست پالیسیاں
4۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کا اعتماد بحال کرنا
5۔ پیداواری صلاحیت میں اضافہ کے لیے صنعتی فروغ

عملی طور سے ان امور کا جائزہ لیا جائے تو ان کی حیثیت محض خواب یا سیاسی بیانات سے زیادہ ثابت نہیں ہو گی۔ حکومت برآمدات میں اضافہ کا غل مچاتی ہے اور ان میں مسلسل کمی ہو رہی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ نظام حکمرانی میں کاروباری و سرمایہ کاری کرنے والے عناصر کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گنجلک و غیر واضح قواعد وضوابط اور رشوت ستانی کی وجہ سے نہ کوئی نئی صنعت لگانا چاہتا ہے اور نہ بیرونی سرمایہ ملک میں آتا ہے۔ اسی لیے صنعتوں کے فروغ کی بات محض زیب داستان تک محدود ہو چکی ہے۔

نواز شریف کو انتخابات سے پہلے ہی گلگت کیوں ویران دکھائی دیا؟

تحریر: سید مجاہد علی

مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف اتوار کو ہونے والے انتخابات کے موقع پر دیگر سیاسی لیڈروں کی طرح اس وقت گلگت بلتستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے علاقے میں ترقیاتی کاموں میں تساہل پر شدید افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ یہاں کی ٹوٹی ہوئی سڑکیں دیکھ کر میرا دل خون کے آنسو روتا ہے۔

میاں نواز شریف نے جلسے میں موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ہمیشہ سے اس علاقے اور یہاں کے عوام سے محبت رہی ہے لیکن اس بار وہ بہت مدت کے بعد وہاں آئے ہیں۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ وزیراعظم شہباز شریف سے بات کریں گے تاکہ اس علاقے میں ترقیاتی کاموں پر توجہ دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دوسروں پر تنقید نہیں کرتے بلکہ اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں۔ گلگت بلتستان کے عوام مجھے ووٹ نہ بھی دیں تو بھی وہ میرے لیے اہم ہیں اور میں اس علاقے کی ترقی کے لیے کام کروں گا۔ کچھ اسی قسم کے وعدے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور ان کی بہن آصفہ بھٹو نے بھی عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیے ہیں۔ یہ سارے بڑے لیڈر جو عام طور سے ایک چھوٹا انتظامی خطہ تو کیا عام طور سے قومی مسائل کو ہی 'غیر ضروری' سمجھتے ہیں، اس وقت البتہ اتوار کے الیکشن سے پہلے گلگت بلتستان کے لوگوں کا دل لبھانے وہاں پہنچے ہوئے ہیں۔

ان وعدوں کی اہمیت پر بات کرنے اور قومی معاشی حالات پر نگاہ ڈالنے سے پہلے یہ واضح کرنا اہم ہے کہ اگرچہ گلگت بلتستان کے انتخابات سے مرکز میں قائم شہباز شریف کی حکومت کو کوئی فرق نہیں پڑے گا اور نہ ہی ملک کے سیاست حالات میں کسی بڑی تبدیلی کا کوئی امکان دکھائی دیتا ہے لیکن اس کے باوجود پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کو گلگت بلتستان میں انتخابی مہم چلانے سے روکا گیا ہے۔ چند دن پہلے قومی اسمبلی کے سابق اسپیکر اسد قیصر گلگت جانا چاہتے تھے لیکن انہیں وہاں جانے سے روک لیا گیا۔ اور آج پارٹی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ چند دیگر لیڈروں کے ہمراہ گلگت کے سفر پر تھے لیکن انہیں پولیس نے روک کر اس علاقے سے نکلنے کی ہدایت کی۔ یوں تو کسی شہری کو ملک کے کسی بھی حصے میں جانے سے روکنے کا کوئی جواز نہیں ہو سکتا۔ اس قسم کی کارروائی انفرادی حقوق اور نقل وحرکت کی آزادی کے آئینی حق کے خلاف ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ اس وقت گلگت بلتستان میں انتخابات منعقد ہو رہے ہیں۔ دونوں بڑی پارٹیوں کے لیڈر جلسے کر کے اپنی حمایت میں رائے عامہ ہموار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن ملک کی ایک بڑی پارٹی کی قیادت کو اس حق سے محروم رکھا گیا ہے۔ اس حوالے سے یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں تحریک انصاف کی شرکت پر کوئی باقاعدہ پابندی عائد نہیں ہے۔ یوں بھی ملک میں مرکز کے زیر نگرانی کام کرنے والے علاقوں میں سیاسی رویوں پر نگاہ ڈال لی جائے تو یہی معلوم ہو گا کہ وہی پارٹی انتخابات میں کامیاب ہوتی ہے جسے اسلام آباد میں اقتدار حاصل ہو۔ اس کی متعدد وجوہات ہو سکتی ہیں۔ اس موقع پر ان سے بحث مطلوب نہیں ہے تاہم یہ ذکر کرنا اس لیے ضروری ہے کہ تحریک انصاف کو اگر پوری آزادی سے انتخابی مہم چلانے اور اس کی ساری قیادت کو گلگت بلتستان میں جلسے کرنے اور ووٹوں کی اپیل کا موقع دے بھی دیا جاتا تو بھی شاید پی ٹی آئی وہاں اقتدار سنبھالنے کی پوزیشن میں نہیں آ سکتی تھی۔ اس کے باوجود اگر اس پارٹی کے لیڈروں کو علاقے میں جانے سے روکا جا رہا ہے اور مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت وہاں جا کر جلسے منعقد کر رہی ہے تو مرکزی حکومت کے علاوہ ان لیڈروں کو بھی اس صورت حال پر جواب دہ سمجھنا چاہیے۔ خاص طور مسلم لیگ (ن) اس وقت مرکز کے علاوہ پنجاب میں حکمران ہے۔ پارٹی لیڈر نواز شریف جو اس وقت گلگت کی صورت حال پر اپنے ٹوٹے ہوئے دل کا حال وہاں عوام کو بتا رہے ہیں، عام طور سے سیاسی معاملات سے الگ تھلگ دکھائی دیتے ہیں۔ وہ اہم ترین قومی یا بین الاقوامی امور پر بھی زبان نہیں کھولتے۔ ملک میں جاری شدید سیاسی بداعتمادی اور بحران کی موجودہ صورت حال میں متعدد مبصران سے درخواست کر چکے ہیں

اُمتِ مسلمہ اور اتحاد کا فقدان

اکثر یہ بات سننے کو ملتی ہے کہ دنیا میں مسلمانوں کے 57 ممالک موجود ہیں، لیکن ان کے درمیان اتحاد، یگانگت اور باہمی ہم آہنگی کا شدید فقدان پایا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی بھی جارح اور طاقتور ملک بآسانی کسی اسلامی ریاست کو نشانہ بنا لیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی مؤثر اجتماعی مزاحمت سامنے نہیں آتی۔ آج تک اسلامی ممالک مل کر ایسا مضبوط عسکری یا سیاسی اتحاد قائم نہیں کر سکے جس سے یہ ظاہر ہو کہ مسلمان واقعی ''ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے'' کے تصور پر عمل پیرا ہیں۔

ہر ملک اپنی سیاسی ترجیحات، ذاتی پسند وناپسند اور معاشی مفادات کی بنیاد پر مختلف گروہوں میں تقسیم نظر آتا ہے۔ امت کے اجتماعی مفاد کے بجائے قومی اور تجارتی مفادات کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اگرچہ تاریخ میں متعدد ایسی شخصیات گزری ہیں جن کی قیادت اور آراء کو غیر معمولی اہمیت حاصل رہی، لیکن وہ بھی اسلامی دنیا کو ایک پائیدار اور مؤثر اتحاد کی شکل دینے میں کامیاب نہ ہو سکیں۔ نہ صرف اسلامی ممالک آپس میں مضبوط اتحاد قائم کر سکے بلکہ وہ دیگر اقوام کے ساتھ بھی ایسے مؤثر اور دوراندیش اتحاد بنانے میں ناکام رہے جن سے ان کی سیاسی اور عسکری بصیرت نمایاں ہوتی۔

یہی عوامل کسی بھی ملک کی کمزور خارجہ پالیسی، معاشی ناتوانی اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ کمزور تعلقات کی عکاسی کرتے ہیں۔ نتیجتاً طاقتور ممالک کو اپنے عزائم کی تکمیل کے لیے سازگار ماحول میسر آ جاتا ہے اور دوسرے ممالک پر اثر ورسوخ قائم کرنا یا ان پر قبضہ جمانا نسبتاً آسان ہو جاتا ہے۔

دوسری جانب تاریخ میں ہمیں ایسے اتحادوں کی مثالیں بھی ملتی ہیں جنہوں نے عالمی سیاست اور جنگی حکمتِ عملی پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ 1882ء میں جرمنی، آسٹریا-ہنگری اور اٹلی کے درمیان ''ٹرپل الائنس'' (AllianceTriple) قائم ہوا، جو عسکری، سفارتی اور سیاسی بنیادوں پر استوار تھا۔ اس اتحاد کے تحت طے پایا کہ کسی ایک رکن ملک پر حملہ تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اس اتحاد کا عملی مظاہرہ پہلی جنگِ عظیم میں دیکھنے کو ملا، جہاں ایک طرف یہ ممالک تھے جبکہ دوسری جانب برطانیہ، فرانس اور روس کا اتحاد موجود تھا۔ بعد ازاں امریکہ بھی اتحادی قوتوں میں شامل ہو گیا۔ اس جنگ میں تقریباً دو کروڑ انسان ہلاک ہوئے، مگر اس کے باوجود اتحادی ممالک اپنے معاہدوں پر قائم رہے۔

اسی طرح دوسری جنگِ عظیم میں بھی دو بڑے اتحاد سامنے آئے۔ ایک طرف اتحادی قوتیں (Allies) تھیں جن میں امریکہ، برطانیہ، سوویت یونین، فرانس اور چین شامل تھے، جبکہ دوسری جانب محوری طاقتیں (Axis Powers) یعنی جرمنی، اٹلی اور جاپان تھے۔ یہ اتحاد عسکری، سفارتی، معاشی اور مشترکہ جنگی منصوبہ بندی کی بنیاد پر قائم کیے گئے تھے تاکہ جنگ کی صورت میں تمام ممالک ایک دوسرے کی مدد کریں۔ دوسری جنگِ عظیم میں تقریباً چھ سے آٹھ کروڑ افراد ہلاک ہوئے، مگر اس جنگ میں بھی اتحاد کی قوت نمایاں طور پر دکھائی دی۔

واضح رہے کہ اتحاد کا مقصد صرف جنگ و جدال نہیں ہوتا بلکہ اس کے ذریعے معاشی و تجارتی روابط کو فروغ دیا جاتا ہے، امن و استحکام کو مضبوط بنایا جاتا ہے، قدرتی آفات کے دوران ایک دوسرے کی مدد کی جاتی ہے اور سفارتی تعلقات کو وسعت دی جاتی ہے۔ اتحاد قوموں کو طاقت، استحکام اور اعتماد فراہم کرتا ہے۔ اسی مقصد کے تحت 1949ء میں شمالی اوقیانوسی معاہداتی تنظیم (NATO) قائم کی گئی، جس کا بنیادی مقصد مشترکہ دفاع اور سلامتی کو یقینی بنانا تھا۔ اس معاہدے کے مطابق نیٹو کے کسی ایک رکن ملک پر حملہ تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کیا جاتا ہے۔ آج نیٹو میں 32 ممالک شامل ہیں، جن میں ایک مسلم ملک تُرکی بھی شامل ہے، جو 1952ء سے اس اتحاد کا رکن ہے۔

اسی طرح 1955ء میں وارسا معاہدہ (PactWarsaw) قائم کیا گیا، جس میں سوویت یونین، پولینڈ، مشرقی جرمنی، چیکوسلواکیہ اور دیگر اشتراکی ممالک شامل تھے۔ یہ اتحاد بھی مکمل طور پر عسکری، سفارتی اور مشترکہ دفاعی حکمت عملی کی بنیاد پر قائم کیا گیا تھا۔ اس کے تحت کسی ایک رکن ملک پر حملہ تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کیا جاتا تھا۔ یہ اتحاد 1991ء میں سرد جنگ کے خاتمے کے ساتھ ہی ختم ہو گیا۔

اسلامی دنیا میں 1945ء میں عرب لیگ (LeagueArab) قائم ہوئی، جس کا مقصد عرب ممالک کے درمیان قریبی تعلقات، خودمختاری کے تحفظ، معاشی تعاون، ثقافتی روابط اور سماجی بہبود کو فروغ دینا تھا۔ تاہم اس تنظیم کے بنیادی خدوخال میں امتِ مسلمہ کے ہمہ گیر اتحاد کا تصور نمایاں نہیں تھا۔ بعد ازاں 1969ء میں اسلامی تعاون تنظیم (IslamicofOrganization OIC-Cooperation) کا قیام عمل میں آیا، جس میں 57 اسلامی ممالک شامل ہوئے۔ اس تنظیم کا مقصد اسلامی ممالک کے درمیان تعاون کو فروغ دینا، مشترکہ مفادات کا تحفظ کرنا، مسلم دنیا کے مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا اور سیاسی، معاشی وسماجی میدان میں روابط کو مستحکم بنانا تھا۔ تاہم یہ تنظیم بھی امتِ مسلمہ کے مشترکہ دفاع اور مؤثر سیاسی وعسکری اتحاد کی مکمل ترجمان ثابت نہ ہو سکی۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی اسلامی دنیا ایک مضبوط اور مؤثر سیاسی وعسکری اتحاد سے محروم دکھائی دیتی ہے۔

جب تک اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط سیاسی، معاشی اور عسکری اتحاد قائم نہیں ہوتا، جارح طاقتیں اپنے عزائم میں کامیاب ہوتی رہیں گی اور مسلم دنیا کمزور سے کمزور تر ہوتی جائے گی۔ علامہ محمد اقبال نے اسی حقیقت کو یوں بیان کیا ہے:

فرد قائم ربطِ ملت سے ہے، تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام اسلامی ممالک ایسا مضبوط سیاسی اور عسکری اتحاد قائم کریں جو نہ صرف مشترکہ مفادات کا تحفظ کرے بلکہ خطے میں طاقت کے توازن کو بھی برقرار رکھے۔ ایسا اتحاد عالمی سطح پر ایک مؤثر سیاسی حقیقت کے طور پر ابھر سکتا ہے جس کی متعین کردہ حدود کو عبور کرنا کسی بھی جارح قوت کے لیے آسان نہ ہو۔ جس طرح ایک مضبوط دیوار کسی عمارت کو استحکام بخشتی ہے، اسی طرح اتحاد قوموں کو مضبوط بناتا ہے۔ لیکن جب دیوار گر جائے تو لوگ وہاں سے راستہ بنا لیتے ہیں۔ اگر امتِ مسلمہ نے اپنے اندر موجود انتشار اور باہمی اختلافات پر قابو نہ پایا تو اس کے سیاسی، معاشی اور عسکری نتائج مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔ حقیقت یہی ہے کہ اتحاد قوموں کو قوت بخشتا ہے، کیونکہ بکھرے ہوئے موتی کبھی ہار نہیں بن سکتے۔

ابھی کچھ ہی دن پہلے کی بات

ابھی کچھ ہی دن پہلے کی بات ہے کہ میں سر احمد ظہیر صاحب کی کلاس میں تھوڑی دیر سے پہنچا وہاں طلبہ وطالبات کے درمیان بحث ومباحثہ چل رہا تھا کہ کسی مملکت کو چلانے کے لیے کون سا سیاسی نظام بہتر ہے کچھ دوستوں نے پارلیمانی جمہوریت کو بہتر قرار دیا کچھ نے صدارتی نظام کو۔ دوستوں نے دیگر سیاسی نظاموں پر بھی تفصیل سے بات کی جن میں کمیونزم بادشاہت اور اس کی اقسام شامل تھیں جیسے آئینی بادشاہت موروثی بادشاہت یا مذہبی بادشاہت چند لوگوں کا یہ بھی خیال تھا کہ یہ قوم صرف ڈنڈے کو مانتی ہے اس لیے ڈکٹیٹر شپ ہونی چاہیے جبکہ چند دوستوں نے مذہبی حکومت کو امن اور ترقی کا واحد راستہ قرار دیا میں چونکہ دیر سے کلاس میں پہنچا تھا اس لیے آخر میں گفتگو کا موقع ملا۔ میں نے شروع میں ہی کہا کہ تمام نظامِ حکومت اچھے ہو سکتے ہیں اگر ان میں ایک چیز شامل ہو جائے اور وہ ہے مضبوط نظامِ انصاف اس حوالے سے قرآن کریم کی سورۃ الحدید آیت نمبر 25 کا حوالہ بھی ہے کہ: "بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح دلائل کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں" اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں پر انصاف قائم کرنے کی ذمہ داری رکھی ہے اگر ہم پاکستان کے نظامِ انصاف کو دیکھیں تو پاکستان 130 نمبر پر آتا ہے (RuleProjectJusticeWorld IndexLawof) بھارت 86 نمبر پر ہے جبکہ لبنان جو دہائیوں سے خانہ جنگی اور اسرائیلی جارحیت سے متاثر ہے وہ بھی پاکستان سے بہتر یعنی 107 نمبر پر ہے ساری انسانی تاریخ دیکھ لیں کوئی معاشرہ یا مملکت اس وقت تک قائم رہی جب تک وہاں انصاف قائم رہا پاکستان میں عدالتی نظام کی کمزوری کی وجہ سے عام آدمی شدید مشکلات کا شکار ہے مثال کے طور پر ایک واقعہ میرے علم میں آیا کہ پولیس نے بغیر ایف آئی آر درج کیے ایک شخص کو اس کے گھر سے اٹھا لیا جب مجھے اطلاع ملی تو میں نے تھانے کے ایس ایچ او کو کال کی انہوں نے کہا کہ "چھوڑ دیتے ہیں" لیکن بعد میں کال کی تو انہوں نے فون نہیں اٹھایا جس پولیس افسر نے اس بے گناہ شخص کو گھر سے اٹھایا تھا وہ رات کو اس کی بیوی کو فون بھی کرتا رہا تاکہ اسے چھوڑنے کے لیے رقم طلب کی جا سکے اس بے گناہ شخص کو چھوڑنے کے لیے پولیس نے 15 ہزار روپے بھی لیے حالانکہ وہ شخص روزانہ ایک ہزار روپے سے کچھ زیادہ کماتا تھا اور کرائے کے مکان میں اپنی بیوی اور ایک بچے کے ساتھ رہتے ہیں وہ اس نقصان کو کیسے پورا کرے گا؟ اس طرح کے درجنوں واقعات فیصل آباد میں پیش آتے رہے ہیں پولیس افسران کی اس زیادتی کو روکنے والا کوئی نہیں اور یہی چیزیں معاشرے میں افراتفری کی وجہ بنتی ہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کا اعتماد ختم ہوتا جا رہا ہے اور لوگ خود اپنے فیصلے کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں حکومتِ وقت اور بیوروکریسی اپنے معاملات جیسے چاہیں حل کریں لیکن عام آدمی کے لیے سستا اور فوری انصاف ہونا چاہیے اس پر بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے لیکن حکومت نئے قوانین بنانے پر توجہ دیتی ہے جبکہ ضرورت نئے قوانین کی نہیں بلکہ موجودہ قوانین پر عمل درآمد کی ہے پچھلے کچھ سالوں سے پاکستان کے اندرونی حالات جس نہج پر پہنچ چکے ہیں اگر انہیں فوری طور پر درست نہ کیا گیا اور ہنگامی بنیادوں پر فیصلہ سازی اور انصاف فراہم نہ کیا گیا تو عوام میں موجود لاوا پھٹ سکتا ہے جس کے نتائج انتہائی خطرناک ہو سکتے ہیں

انٹرنیشنل

لندن: چیرنگ کراس اسٹیشن کے باہر مسافر بس پکڑنے کے لیے انتظار کر رہے ہیں

تہران: کویت کے ہوائی اڈے پر حملہ نہیں کیا، ایرانی پاسداران انقلاب کی تردید

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ ایران نے کویت کے ہوائی اڈے پر حملہ نہیں کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان پاسداران انقلاب نے کہا کہ ہوائی اڈے پر تباہی ایرانی میزائل روکنے کے دوران امریکی دفاعی نظام میں خرابی کے باعث ہوئی۔ سینٹرل کمانڈ نے ترجمان ایرانی پاسداران انقلاب کے بیان کی تردید کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ کویت ایئرپورٹ کو امریکی میزائل انٹرسیپٹر سے نقصان نہیں پہنچا۔ ہوائی اڈے پر تباہی ایرانی میزائل روکنے کے دوران امریکی دفاعی نظام میں خرابی کے باعث ہوئی، بیان

طلباء اور کارکن چلی کے شہر سینٹیاگو میں مارچ کر رہے ہیں

حزب اللہ نے اسرائیل پر حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، ٹرمپ

ایران کے ساتھ مذاکرات اچھے جا رہے ہیں، فرانس میں جی 7 اجلاس میں شرکت کروں گا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم نے پہلی بار حزب اللہ سے بات کی ہے، انہوں نے اسرائیل پر حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں گفتگو جرتے ہوئے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات اچھے جا رہے ہیں، ممکن ہے کہ ہفتے کے آخر تک ایران امریکا مذاکرات میں کوئی پیشرفت ہو۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے بھی لبنان پر حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بمباری سے زیادہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی موثر ہے، مفاہمت کی یادداشت پر میرے دستخط کے بعد آبنائے ہرمز کھلے گی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ معاہدے پر دستخط کے قریب ہیں، ایران کے ساتھ مذاکرات دنوں میں طے پاسکتے ہیں، ایران کی افزودہ یورینیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فرانس میں ہونے والے جی 7 اجلاس میں شرکت کروں گا، 14 جون کو وائٹ ہاس میں یو ایف سی فائٹ کے بعد فرانس روانہ ہوں گا، وائٹ ہاس میں اس سطح کی فائٹس پہلے کبھی نہیں ہوئیں ایران کے ساتھ مذاکرات اچھے جا رہے ہیں، فرانس میں جی 7 اجلاس میں شرکت کروں گا، گفتگو

کشمیری بچے بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سب سے زیادہ شکار

جنوری 1989 سے اب تک 9 سو 33 بچے شہید، 1 لاکھ 8 ہزار 7 بچے یتیم ہوئے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں معصوم کشمیر بچے بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سب سے زیادہ شکار ہیں۔ بے لگام بھارتی فورسز اہلکاروں نے جنوری 1989 سے اب تک 9 سو 33 بچے شہید جبکہ 1 لاکھ 8 ہزار 7 بچے یتیم کر دیے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے ریسرچ سیکشن کی طرف سے آج ''جارحیت کا شکار معصوم بچوں کے عالمی دن'' پر جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ جنوری 1989 سے اب تک بھارتی فورسز کے ہاتھوں شہید ہونے والے 96 ہزار 4 سو 97 کشمیریوں میں 933 بچے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قابض بھارتی فورسز کی طرف اس عرصے کے دوران بڑے پیمانے پر قتل وغارت کے نتیجے میں علاقے میں 1 لاکھ 8 ہزار 7 بچے یتیم ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی فوجیوں، پیرا ملٹر اور پولیس اہلکاروں کی طرف سے فائر کیے گئے پیلٹ، گولیوں اور آنسو گیس کے گولوں سے سکول کے بچوں اور لڑکیوں سمیت ہزاروں افراد زخمی بھی ہوئے۔ زخمی ہونے والے معصوم بچوں میں حیا جان، شاہد فیاض، اویس احمد، آصف احمد شیخ، انشا مشتاق، عاقب ظہور، الفت حمید، بلال احمد بٹ، طارق احمد گوجری اور فیضان اشرف تانترے سمیت سینکڑوں افراد شامل ہیں۔ پیلٹ چھرے لگنے سے ان بیگناہوں کی ایک یا دونوں آنکھوں کی بینائی مکمل طور پر ختم ہوگئی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور جعلی مقابلوں کے دوران سینکڑوں لڑکوں کے ساتھ ساتھ 19 سال سے کم عمر کی لڑکیوں کو بھی شہید کیا جا چکا ہے جب کہ 19 سال سے کم عمر لڑکوں کی ایک بڑی تعداد کو متبوضہ علاقے اور بھارت کی مختلف جیلوں میں کالے قوانین کے تحت غیر قانونی حراست کا سامنا ہے۔ دریں اثنا کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں ایک بیان میں کہا کہ آج جب دنیا بھر میں جارحیت کا نشانہ بننے والے معصوم بچوں کا عالمی دن منایا جا رہا ہے وہیں متبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں کی طرف سے بڑی تعداد میں کم سن بچوں کے ساتھ زیادتی اور ناروا سلوک مسلسل جاری ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ، او آئی سی، یورپی یونین، انسانی حقوق اور بچوں کے تحفظ کی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ آگے آئیں اور کشمیری بچوں کو بھارتی ظلم وتشدد سے بچائیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوجی نہ صرف معصوم بچوں کو گرفتار کرتے ہیں بلکہ انہیں انسانی ڈھال کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فورسز نے گزشتہ تین دہائیوں کے دوران مقبوضہ علاقے میں بچوں کی ایک بڑی تعداد کو یتیم اور زخمی کیا ہے

اسرائیل اور لبنان جنگ بندی پر متفق، 22 جون کو دوبارہ مذاکرات کرینگے

حزب اللہ کی جانب سے اسرائیل پر مکمل طور پر حملے بند کیے جائیں گے اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیل اور لبنان جنگ بندی پر متفق ہوگئے۔ امریکی ثالثی میں واشنگٹن میں ہونے والے مذاکرات کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق جنگ بندی کا مقصد خطے میں کشیدگی کم کرنا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ اسرائیل اور لبنان نے بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے، دونوں فریق 22 جون کو دوبارہ مذاکرات کریں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق حزب اللہ کی جانب سے اسرائیل پر مکمل طور پر حملے بند کیے جائیں گے اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق پائلٹ زونز بنائے جائیں گے جن پر لبنانی فوج کا کنٹرول ہوگا، غیر ریاستی عناصر داخل نہیں ہوسکیں گے۔ اسرائیل اور لبنان نے عزم دہرایا کہ ایک دوسرے کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں کیے جائیں گے اور جامع معاہدہ کے لیے اقدامات کریں گے۔ حزب اللہ کی جانب سے اسرائیل پر مکمل طور پر حملے بند کیے جائیں گے اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا، محکمہ خارجہ، اور جنوبی لیطانی سیکٹر خالی کرنا ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق پائلٹ زونز بنائے جائیں گے جن پر لبنانی فوج کا کنٹرول ہوگا، غیر ریاستی عناصر داخل نہیں ہوسکیں گے

انگلینڈ میں سفید فام نوجوان کے قتل کیخلاف احتجاج، 11 پولیس افسران زخمی

لندن (این این آئی) انگلینڈ میں 18 سالہ سفید فام نوجوان ہنری نوواک کے قتل کے خلاف دائیں بازو کے حامیوں کے احتجاج کے سبب 11 پولیس افسران زخمی ہوگئے جبکہ سو مظاہرین کو گرفتار کرلیا گیا۔ برطانیہ کے وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے اپنے بیان میں ہنری نوآک کی گرفتاری کے واقعہ کو پریشان کن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گرفتاری کی ویڈیو دیکھی ہے جو کہ دہشت ناک ہے، انڈی پینڈینٹ آفس فار پولیس کنڈکٹ کو معاملہ کی تہہ تک جانا چاہیے۔ کیئر اسٹارمر کا کہنا تھا کہ نسل پرستی کے الزامات کا بھی جواب تلاش کرنا ہوگا۔ دوسری جانب انگلینڈ میں ہیمشائر اینڈ آئل وائٹ چیف کانسٹیبل الیکسز بون نے اٹھارہ برس کے ہنری نوواک کی گرفتاری پر معافی مانگ لی۔ واضح رہے کہ نوواک کو ٹھکڑی لگائی گئی تھی۔

لزبن، پرتگال میں ملک گیر عام ہڑتال کے دوران مسافر بس اسٹاپس پر انتظار کر رہے ہیں

ہنٹنگٹن بیچ: کیلیفورنیا کے ریپبلکن گورنر کے امیدوار اسٹیو ہلٹن کے حامی ان کے پرائمری نائٹ ایونٹ میں خوش ہیں

سپورٹس SPORTS

اسرائیل نے فلسطین ویمن فٹبال ٹیم کی 2 انٹرنیشنل پلیئرز کو حراست میں لے لیا

مغربی کنارہ (این این آئی) اسرائیل نے فلسطین ویمن فٹبال ٹیم کی دو انٹرنیشنل پلیئرز رند الحلاوانی اور نٹالی ابو دایہ کو حراست میں لے لیا۔ میڈیا رپورٹ کیمطابق نٹالی ابو دایہ کو متبوضہ مغربی کنارے میں یونیورسٹی کے طلبہ ہاسٹل پر چھاپے کے دوران جب کہ رند الحلاوانی کو متبوضہ بیت المقدس کے پولیس اسٹیشن بلا کر حراست میں لیا گیا۔ دوسری جانب فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن کی جانب سے ایت ھلیلیس کو باضابطہ نشانہ بنائے جانے کی مذمت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن نے فیفا سے فوری کارروائی کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن کی جانب سے ایتھلیٹس کو باضابطہ نشانہ بنائے جانے کی مذمت، فوری کارروائی کا مطالبہ، فلسطین فٹبال ایسوسی ایشن کی جانب سے ایتھلیٹس کو باضابطہ نشانہ بنائے جانے کی مذمت، فوری کارروائی کا مطالبہ

کنگسٹن: سری لنکا کے کوسل مینڈس سبینا پارک میں ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے ایک میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں۔

لکسمبرگ: اٹلی کے کھلاڑی لکسمبرگ اور اٹلی کے درمیان بین الاقوامی دوستانہ میچ کے اختتام پر جیت کا جشن منا رہے ہیں

بھارتی کرکٹ بورڈ نے سوریا کمار یادیو کو ٹی 20 کپتانی سے ہٹا دیا

ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ جتوانے کے تین ماہ بعد خراب فارم کی وجہ سے ٹیم سے بھی باہر کر دیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ نے سوریا کمار یادیو کو ٹی 20 کپتانی سے ہٹا دیا جبکہ خراب فارم کی وجہ سے انہیں ٹیم سے بھی باہر کر دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ہوم گراؤنڈ پر ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ جتوانے کے تین ماہ بعد سوریا کمار یادیو کو کپتانی سے ہٹا دیا گیا ہے جبکہ یہ فیصلہ رواں ماہ کے آخر میں شروع ہونے والے آئرلینڈ اور انگلینڈ کے دوروں سے قبل کیا گیا ہے۔ بی سی سی آئی، ٹیم مینجمنٹ اور سلیکشن کمیٹی کے ساتھ مشاورت کے بعد نئے کپتان کا تقرر کرے گا۔ بی سی سی آئی کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے بھارتی میڈیا کو بتایا کہ سلیکشن کمیٹی، بی سی سی آئی اور ٹیم مینجمنٹ نے کوچ گوتم گمبھیر سے مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ بھارت کو اب یہاں سے ایک نئے کپتان کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ سوریا کی کپتانی میں ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ضرور جیتا تاہم ان کی حالیہ فارم اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے سب کا یہی خیال تھا کہ اب آگے بڑھنے کا وقت آ گیا ہے۔ بھارتی ٹیم انگلینڈ میں پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلنے سے پہلے آئرلینڈ میں دو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔ بطور بلے باز سوریا کی فارم ایک بڑی تشویش کا باعث بنی ہوئی تھی اور وہ گزشتہ دو سالوں سے خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکے، اگرچہ انہوں نے راجستھان رائلز کے خلاف نصف سنچری بنا کر اپنے سیزن کا اختتام کیا تاہم وہ اس سیزن کی 13 اننگز میں 20.76 کی اوسط سے صرف 270 رنز ہی بنا سکے۔ یاد رہے کہ 2024 میں ویسٹ انڈیز میں ورلڈ کپ کی جیت کے بعد جب روہت شرما اس فارمیٹ سے ریٹائر ہوئے، تو بھارت کی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کی کپتانی سوریا کے سپرد کی گئی تھی۔

نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ، پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

اس موقع پر پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا کے علاوہ شائقینِ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام جاری نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ کے تیسرے روز پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ اس موقع پر پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا کے علاوہ شائقینِ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ لیاقت جمنازیم اسلام آباد میں چیمپئن شپ کے تیسرے روز کھیلے گئے پانچ میچز میں پاکستان واپڈا نے پاکستان نیوی کو 36-32 پوائنٹس سے، پاکستان آرمی نے پاکستان پولیس کو 35-16 پوائنٹس سے، پاکستان واپڈا نے ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کو 38-23 پوائنٹس سے، پاکستان آرمی نے پاکستان ائیر فورس کو 51-31 پوائنٹس سے اور ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے پاکستان پولیس کو 62-30 پوائنٹس سے ہرا دیا۔ چیمپئن شپ کے میچز سنگل لیگ کی بنیاد پر کھیلے گئے جس میں پاکستان آرمی اور پاکستان واپڈا نے فائنل میں جگہ بنائی۔ تیسری پوزیشن کے میچ کے لئے پاکستان نیوی اور پاکستان ایئر فورس جبکہ پانچویں پوزیشن کا میچ پاکستان پولیس اور ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ نیشنل ایشین سٹائل کبڈی چیمپئن شپ، پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، ائیر پورٹ سیکیورٹی فورس نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

فرنچ اوپن میں تیسرا بڑا اپ سیٹ، ٹاپ سیڈ سبالینکا بھی آؤٹ ہوگئیں

کوارٹر فائنل میں سبالینکا کو ڈیانا شنائیڈر نے شکست دی، ٹاپ سیڈ بیلاروس کی پلیئر کو عالمی نمبر 23 روسی کھلاڑی نے ناک آؤٹ کیا

پیرس (این این آئی) فرنچ اوپن ٹینس میں ایک اور بڑا اپ سیٹ ہوگیا، ٹاپ سیڈ آریانا سبالینکا بھی ویمنز سنگلز سے آؤٹ ہوگئیں۔ ویمن سنگلز کے کوارٹر فائنل میں سبالینکا کو ڈیانا شنائیڈر نے شکست دے دی۔ ٹاپ سیڈ بیلاروس کی پلیئر کو عالمی نمبر 23 روسی کھلاڑی نے ناک آؤٹ کیا۔ ڈیانا شنائیڈر کی کوارٹر فائنل میں جیت کا اسکور 6-3، 7-5 اور 6-0 رہا۔ خیال رہے کہ یہ ایونٹ میں اب تک تیسرا بڑا اپ سیٹ ہے۔ اس قبل ٹاپ سیڈ یانک سینر کو دوسرے راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ بعد ازاں دوسرا اپ سیٹ اس وقت سامنے آیا جب برازیل کے 19 سالہ نوجوان زاوفونسیکا نے سابق چیمپئن نواک جوکووچ کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دیکر فرنچ اوپن سے آؤٹ کیا۔

فیفا ورلڈ کپ 104 میں سے 97 میچز شدید گرمی سے متاثر ہوسکتے ہیں، رپورٹ

موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے اکثر میچز پر موسمیاتی تبدیلی کے اثر انداز ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 104 میں سے 97 میچز شدید گرمی سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی نے ورلڈ کپ میچز میں کھلاڑیوں کی کارکردگی متاثر ہونے کے امکانات بڑھا دیئے ہیں، تقریباً نصف ورلڈ کپ میچز میں کارکردگی متاثر کرنے والی گرمی کا خدشہ 50 فیصد سے زائد ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ورلڈ کپ 2026 میں بڑھتا درجہ حرارت کھیل کی رفتار اور معیار پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے۔ ماہرین نے شدید گرمی کو کھلاڑیوں اور شائقین دونوں کے لیے خطرہ قرار دے دیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ 28 ڈگری سینٹی گریڈ سے زائد درجہ حرارت کھلاڑیوں کی کارکردگی کم کرسکتا ہے، شدید گرمی کے باعث ورلڈ کپ میچز میں رفتار، حکمت عملی اور معیار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے، رپورٹ کے درمیان 26 جون کا میچ شدید گرمی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے، گوڈالاخارا میں یورا گوئے اور ایسپین میچ میں شدید گرمی کے امکانات موسمیاتی تبدیلی سے 37 فیصد بڑھ گئے۔ بین الاقوامی ادارے کی رپورٹ میں ورلڈ کپ فائنل میں بھی شدید گرمی کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ماہرین نے شدید گرمی کو کھلاڑیوں اور شائقین دونوں کے لیے خطرہ قرار دے دیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ 28 ڈگری سینٹی گریڈ سے زائد درجہ حرارت کھلاڑیوں کی کارکردگی کم کرسکتا ہے، شدید گرمی کے باعث ورلڈ کپ میچز میں رفتار، حکمت عملی اور معیار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث فٹبالرز کی دوڑنے اور تیزی سے ریکور ہونے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے، رپورٹ

نیشنل کوچنگ کورسز 3 جولائی سے مظفر آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام نیشنل کوچنگ کورسز 3 جولائی سے مظفر آباد، آزاد جموں وکشمیر میں شروع ہوگا۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چار کھیلوں کے کورسز منعقد ہونگے جن میں تھرو بال، روپ سکیپنگ، پیکل بال اور کیچ بال کے کھیل شامل ہیں اور کورسز کے دوران کورسز کے شرکا کو کوالیفائیڈ کوچز اور ٹیکنیکل آفیشلز لیکچرز دیں گے۔ کورسز میں ملک بھر سے مرد اور خواتین تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز، کوچز اور کھلاڑی اپنے اپنے ناموں کی 26 جون تک رجسٹریشن pakistanstudentsolympic@gmail.com یا واٹس اپ +923013318777 پر کروا سکتے ہیں، یہ کورس 5 جولائی تک جاری رہے گا

مونا کتا: جینکائی گالف کلب میں پلینس لیڈیز کپ کے پہلے راؤنڈ کے دوران جاپان کی ریکا یابوتا نے اپنا ٹی شاٹ پہلے ہول پر مارا

پیرس: آریانا سبالینکا اپنے ویمنز سنگلز کوارٹر فائنل میچ کے دوران ڈیانا شنائیڈر کے خلاف بیک ہینڈ کھیل رہی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

شہر کی تعمیر وترقی کیلئے فرزند شیخوپورہ میاں جاوید لطیف کی قیادت میں ہم کردار ادا کرتے رہیں گے: میاں رفاقت علی

عوام کی فلاح وبہبود ہماری اولین ترجیح ہے پارٹی رہنما وکارکنان میاں جاوید لطیف کی قیادت میں متحد ہیں اور شہر کو تعمیر وترقی کا گہوارہ بنانے کے ویژن کی تکمیل یقینی بنا کر دم لیں گے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سٹی جنرل سیکرٹری میاں رفاقت علی نے کہا ہے کہ شہر کی تعمیر وترقی کیلئے سابق وفاقی وزیر فرزند شیخوپورہ میاں جاوید لطیف کی قیادت میں ہم کردار ادا کرتے رہیں گے عوام کی فلاح وبہبود ہماری اولین ترجیح ہے پارٹی رہنما وکارکنان میاں جاوید لطیف کی قیادت میں متحد ہیں اور شہر کو تعمیر وترقی کا گہوارہ بنانے کے ویژن کی تکمیل یقینی بنا کر دم لیں گے، پریس کلب شیخوپورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے میاں رفاقت علی نے کہا کہ پاکستان کی جمہوری حکومتوں کی تاریخ میں جتنا کام مسلم لیگ (ن) کے ادوار حکومت میں ہوا ہے کسی دور میں نہیں ہوا، اب بھی (ن) لیگ ہی پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکال کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن کر رہی ہے، بانی پی ٹی آئی نے چار سالہ دور حکومت میں ملک کا بیڑا غرق کیا مگر ہم نے سیاسی و پارٹی مفادات کو پس پشت ڈال کر ریاستی مفادات کا تحفظ کیا، ابتدائی دنوں میں حکومت نے سخت فیصلے کیے لیکن اللہ کے فضل سے ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچا لیا اور اب پارٹی قائد میاں نواز شریف کی قیادت میں وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز عوامی فلاح وبہبود کی مثالی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں جن کے انقلابی اقدامات سے ملک میں پھر سے خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے (ن) لیگ کا بنیادی ایجنڈا عوام کی خدمت کرنا ہے، حکومت عوامی خوشحالی یقینی بنا کر دم لے گی پاکستان میں میگا منصوبوں کی تکمیل سمیت دیگر مثالی عوامی خدمات (ن) لیگ کی قیادت کا اعزاز ہیں اور خدمت کے اس سفر کو اب مزید آگے بڑھایا جا رہا ہے۔

مسلمانوں کی کامیابی اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے میں مضمر ہے: رانا محمد اکرم

اسلامی تعلیمات کو عام کرنے کیلئے ہمیں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال یقینی بنانا ہوگا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریلوے روڈ کرامت مارکیٹ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری حاجی الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ مسلمانوں کی کامیابی اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے میں مضمر ہے حضرت محمد مصطفی ﷺ کی سیرت کو اپنا کر ہم دین ودنیا میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں اسلامی تعلیمات کو عام کرنے کیلئے ہمیں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال یقینی بنانا ہوگا تاکہ معاشرے کی سمت درست کی جا سکے اسلام نے ہر طرح کی مذہبی منافرت کی حوصلہ شکنی کی ہے اور انسانوں کی بھلائی وبھائی چارے کے فروغ کا درس دیا ہے جسے اپنا کر مسلمان اپنی عظمت رفتہ کی بحالی یقینی بنا سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی اطاعت کی جائے اور صحابہ اکرم علیہم رضوان کے نقش قدم پر چلا جائے قبر میں سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا مسلمانوں کو نماز کی پابندی یقینی بنانے سمیت دیگر اسلامی تعلیمات پر مکمل عمل پیرا ہونا ہوگا کفار اور یہود وہنود مسلمانوں کی بے عملی کو بنیاد پر بنا کر اسلامی تشخص پر حملہ آور ہیں جن کا راستہ روکنے کیلئے مسلمانوں کو اپنے کردار وگفتار میں مثبت تبدیلیاں لانا ہوں گی جس طرح اہلبیت اطہار اور صحابہ کرام علیہم رضوان نے اپنی زندگیاں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں بسر کیں اسی طرح ہمیں بھی اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنانا ہوگا اور حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ کو عملی نمونہ بنا کر خود کو ایک باعمل مسلمان ثابت کرنا ہوگا اسی میں ہماری دنیاوی و اخروی کامیابی ممکن ہے اسلام کی تعلیمات فطری طور پر امن وبقائے باہمی کا درس دیتی ہیں آج کے نوجوان کی علمی استعداد اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیت تکنیکی اور سائنسی ہے لہٰذا علمائے کرام نئی نسل سے موثر انداز میں مکالمہ کیلئے مربوط حکمت عملی وضع کریں تاکہ نوجوان نسل کی حقیقی رہنمائی یقینی بنائی جا سکے۔

آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کا شیڈول جاری

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ کاغذات نامزدگی آج سے جمع کروائے جاسکے گے پولنگ 27 جولائی کو ہوگی۔ آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی آج 9 جون سے 16 جون تک ریٹرننگ آفس جمع کروائے جاسکے گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 20 جون اور امیدواروں کی لسٹ اسے روز جاری کر دی جائیگی۔ کاغذات نامزدگی پر اعتراضات 21 جون سے 24 جون تک الیکشن کمیشن آفس (مظفر آباد) جمع کروائینگے۔ 26 اور 27 جون کو اعتراضات کے خلاف اپیل کی جاسکے گی جبکہ اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی واپس لینے کی تاریخ 30 جون ہو گی۔ اُمیدواروں کی فہرست یکم جولائی کو جاری کی جائیگی جبکہ اُمیدواروں کو 2 جون کو نشانات آلاٹ کیے جائینگے۔ اُمیدواروں کی نشانات کے ساتھ حتمی فہرست 2 جولائی کو جاری کی جائے گی، آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات 27 جولائی کو ہونگے۔

خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ ایک ماہ میں اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل کو مختلف 60 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ گزشتہ ماہ کے دوران گھریلو تشدد※ لڑائی جھگڑے※ میاں بیوی کے لڑائی جھگڑے کی 30 درخواستیں موصول ہوئیں۔ ایک ماہ میں 5 ہراسمنٹ، 16 لین دین ودیگر معاملات کی 20 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔

ساہیوال کلب میں منعقدہ آل پاکستان نیشنل رینکنگ ٹینس ٹورنامنٹ اختتام پزیر ہوگیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیراسے) ساہیوال کلب میں منعقدہ آل پاکستان نیشنل رینکنگ ٹینس ٹورنامنٹ اختتام پزیر ہوگیا جس میں ملک بھر سے 180 سے زائد کھلاڑیوں اور آفیشلز نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کے سنگل فائنل میں اختتام ہمایوں نے عمران بھٹی کو دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد سے شکست دی۔ ڈبل مقابلوں میں طلحہ وحید اور ابوبکر کی ٹیم نے باسط اور وقار کی ٹیم کو سے ہرایا۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار ٹینس مقابلوں میں باپ طلحہ وحید اور بیٹے ابوبکر کی ٹیم نے ڈبل ٹائٹل اپنے نام کیا۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد نے شہر میں جاری سیوریج کے میگا پراجیکٹ کے ترقیاتی منصوبے کا دورہ

ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ اور دیگر افسران بھی ساتھ تھے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے شہر میں جاری سیوریج کے میگا پراجیکٹ کے ترقیاتی منصوبے کا دورہ کیا اور وہاں تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ اور دیگر افسران بھی ساتھ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے علی پور روڈ، قاضی پورہ اور دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں سیوریج کے میگا پراجیکٹ کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سوا 7 ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے اس میگا سیوریج پراجیکٹ کی معیار اور مقررہ مدت میں تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ تعمیراتی کام میں تاخیر اور ناقص میٹریل کا استعمال کسی صورت قابل برداشت نہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کنٹریکٹر کو ہدایت کی کہ جس بھی سائٹ پر تعمیراتی کام چل رہا ہو وہاں عوام کے لیے حفاظتی واحتیاطی اقدامات کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے اور کوشش کی جائے کہ اندرون شہر سیوریج لائنیں بچھانے کا کام جلد از جلد مکمل ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے سیوریج منصوبے کے دوران بالخصوص مین ہولز کی معیار کے مطابق تعمیر اور حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ علاقے کی تعمیر وترقی، نکاسی آب کے لیے شروع کیے جانے والے یہ میگا پراجیکٹ حکومت پنجاب کا ایک بڑا عوامی فلاحی منصوبہ ہے اور انشاء اللہ اس کی تکمیل سے شہر میں نکاسی آب اور بالخصوص مون سون سیزن میں نکاسی کے مسائل ختم ہونگے۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ بوائز کالج اور گورنمنٹ ڈبل سیکشن گرلز ہائی سکول کا بھی دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے مختلف امتحانی سنٹرز کا دورہ کرتے ہوئے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے پر امن، شفاف انعقاد کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں، کالجوں کی انتظامیہ اور امتحانی عملے کو ہدایت کی کہ تمام سینٹرز پر بجلی اور پانی کا خاص طور پر بندوبست کیا جائے۔

تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں اپنی فعال موجودگی کو یقینی بنائیں: ڈپٹی کمشنر

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیراسے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں اپنی فعال موجودگی کو یقینی بنائیں اور عام مارکیٹس اور بازاروں میں قیمتوں کے حقیقی استحکام پر توجہ دیں۔ ہر مجسٹریٹ روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ کا دورہ کرے اور گرانفروشی کی شکایت پر موقع پر ہی بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ساتھ دکانیں سیل کرنے اور ملوث افراد کو جیل بھیجنے کے اختیارات کا بھرپور استعمال کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی ہفتہ وار کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور مقررہ نرخوں پر اشیائے خورونوش کی دستیابی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے

حکمرانوں کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہیں: ملک ذوالفقار جکھڑ

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں سستی ہونے کے باوجود حکومت عوام پر بم گرا کر جینا دوبھر کر چکی ہے

ملکہ اچوک (نامہ نگار) سیاسی وسماجی راہنما ملک ذوالفقار جکھڑ نے حکمرانوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں سستی ہونے کے باوجود حکومت اور ان کی کابینہ عوام پر روز بروز مہنگائی کے بم گرا کر عوام کا جینا دوبھر کر چکی ہے۔ ملک ذوالفقار جکھڑ نے کہا کہ حکمرانوں کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ پی ٹی آئی حکومت میں جب پٹرول 120 ڈالر فی بیرل تھا، تب بھی عمران خان نے عوام کی سہولت کے لیے اسے 150 روپے پر فروخت کیا۔ "لیڈر میں اور لٹیروں میں فرق ہوتا ہے"۔ ملک ذوالفقار جکھڑ نے عوام سے اپیل کی کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اللہ پاک اس مسلط کردہ گروہ سے ملک پاکستان کو نجات دلائے پاکستان ہو یا آزاد کشمیر کی عوام جو بھی حکومت سے اپنے حقوق کی بات کرے اُسے دہشت گرد قرار دیا جاتا ہے خدارا ہوش کے ناخن لیں اور ملک اور عوام کے حالات پر رحم کریں اور عوام کی رائے کے کو مدنظر رکھتے ہوئے ملکی بہتری کے لیے فیصلے کرتے ہوئے ملک کی جان چھوڑ دیں

سانگلاہل: محرم الحرام میں امن وایمان کے پیش نظر امن کمیٹی کا اہم اجلاس

محرم الحرام میں امن وامان کا قیام اور بھائی چارے کا فروغ اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت

سانگلاہل (تحصیل رپورٹر رانا اکرم حمید) اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت اور ڈی ایس پی نصر اللہ خان چٹھہ کی صدارت اہم اجلاس کا انعقاد، سانگلاہل محرم الحرام کے مقدس مہینے میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے، مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اسسٹنٹ کمشنر آفس سانگلاہل میں امن کمیٹی کے ایک اہم اور خصوصی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر سانگلاہل اسامہ امانت اور ڈی ایس پی سرکل نصر اللہ خان چٹھہ نے مشترکہ طور پر کی۔ اجلاس میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اللہ وسایا، چیف آفیسر (سی او) میونسپل کمیٹی رحمن لطیف سمیت امن کمیٹی کے معزز ممبران، علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر کے مقامی رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے امن کمیٹی کے ممبران کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے دوران شہر میں مثالی امن برقرار رکھنے کے لیے تمام مکاتب فکر کا تعاون ناگزیر ہے ڈی ایس پی نصر اللہ خان چٹھہ اور ایس ایچ او اللہ وسایا نے محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لیے سکیورٹی پلان پر تفصیلی گفتگو کی اور امن وامان کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا عزم دہرایا۔ سی او میونسپل کمیٹی رحمن لطیف کو ہدایت کی گئی کہ جلوس کے راستوں پر صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس کی بحالی اور تجاوزات کے خاتمے کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے۔ امن کمیٹی کے ممبران نے انتظامیہ کو یقین دلایا کہ وہ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی شہر میں امن، رواداری اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھنے کے لیے مقامی انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں اجلاس کے اختتام پر وطن عزیز پاکستان کی یکجہتی، خوشحالی، امن وامان اور عالم اسلام کے اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

سابق کونسلر رانا ارشد مٹھو نے بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان کر دیا

عوام کی خدمت کا مشن جاری رکھا جائے گا: لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے



سانگلاہل (تحصیل رپورٹر رانا اکرم حمید) بلدیہ سانگلہ ہل کے سابق کونسلر رانا ارشد مٹھو نے اپنی یونین کونسل سے بلدیاتی انتخابات لڑنے کا اعلان کر دیا انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کا مشن جاری رکھا جائے گا لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے اپنی یونین کونسل کے تمام بنیادی مسائل حل کریں گے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے انتخابات سے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف ملتا ہے جمہوریت کو مضبوط بنانے کیلئے بلدیاتی الیکشن نمایاں کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے حلقہ کے عوام کا بھرپور اعتماد حاصل ہے کامیابی کے بعد ان کو مایوس نہیں کریں گے ان کی توقعات پر پورا اتریں گے

سرکاری ہسپتالوں میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، کمشنر گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی نے گورنمنٹ میٹرنٹی ہسپتال سیٹلائٹ ٹاؤن کا دورہ کر کے انتظامات، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی اشعر جمیل بھی ان کے ہمراہ تھے کمشنر محمد علی نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی فراہمی اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت حکومت کی خصوصی ترجیحات میں شامل ہے اور سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کے مسائل کے فوری حل اور بہتر ماحول کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

شہر کی خوبصورتی اور عوامی سہولیات میں بہتری اولین ترجیح، کمشنر

گوجرانوالہ (ظہیر عباس) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی نے سیٹلائٹ ٹاؤن میں جاری بیوٹیفیکیشن سکیمز کا معائنہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری علاقوں کی خوبصورتی، صفائی اور بہتر شہری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی اشعر جمیل اور سی او کارپوریشن قیصر امین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر محمد علی نے مختلف ترقیاتی اور تزئین وآرائش کے منصوبوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سکیمز کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گرین بیلٹس، پارکس، سڑکوں اور عوامی مقامات کی خوبصورتی سے نہ صرف شہر کا حسن بڑھتا ہے بلکہ شہریوں کو خوشگوار ماحول بھی میسر آتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ صفائی، شجرکاری اور تزئین وآرائش کے کاموں کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ گوجرانوالہ کو ایک صاف، سرسبز اور خوبصورت شہر بنایا جاسکے۔

گلگت کے عوام نے جمہوریت ترقی اور عوامی خدمت کے حق میں فیصلہ دیا ہے

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ایسی حکومت تشکیل دے گی: ملک محمد اسحاق

نارنگ منڈی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ملک محمد اسحاق نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام نے جمہوریت ترقی اور عوامی خدمت کے حق میں فیصلہ دیا ہے پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ایسی حکومت تشکیل دے گی جو عوامی توقعات کے مطابق خطے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے عملی اقدامات کرے گی پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی مفاہمت اور جمہوری سوچ ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں ہے انہوں نے کہا کہ چیرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی بصیرت اور مدبرانہ قیادت کی بدولت گلگت بلتستان میں ایک مضبوط، فعال اور عوام دوست حکومت معرض وجود میں آئے گی گلگت بلتستان کے عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ پارٹی قیادت اور کارکنوں کے لیے باعث اعزاز ہے عوام کے اس اعتماد کے نتیجے میں خطے میں ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح وبہبود کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لیے جدوجہد کی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی قیمتی قربانیاں بھی پیش کی ہیں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نظریات اور جمہوری مشن کو جاری رکھتے ہوئے پارٹی عوامی خدمت اور قومی ترقی کے سفر کو مزید آگے بڑھائے گی عوام ہی اصل طاقت کا سرچشمہ ہیں اور پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی امنگوں کی ترجمان بن کر ملک وقوم کی خدمت کرتی رہے گی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں ضلعی افسران اور مختلف مسالک کے علماء کرام کمیٹی کے ممبران نے بھی شرکت کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس، اجلاس میں ایم پی ایم محمد منیر اور ایس پی انویسٹیگیشن ملک داؤد سمیت دیگر ضلعی افسران اور مختلف مسالک کے علماء کرام کمیٹی کے ممبران نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے محرم الحرام کے سلسلہ میں امن عامہ کے لیے باہمی بھائی چارے کی فضا پروان چڑھانے کی ہدایات جاری کیں اور مذہبی منافرت اور فرقہ واریت کے خلاف مشترکہ کاوشوں کے بھی احکامات دیے۔ اس موقع پر علماء کرام اور امن کمیٹی کے ممبران نے محرم الحرام پر مثالی کوارڈینیشن کے لیے گزارشات پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ ضلع اوکاڑا امن کا گہوارہ ہے۔ تمام سٹیک

ہولڈرز کے مابین مثالی ہم آہنگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام پر اتحاد بین المسلمین کی اعلیٰ مثال قائم کی جائے۔ باہمی اختلافات کو پس پشت ڈال کر یگانگت اور محبت کو فروغ دیں۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ محرم الحرام میں عقیدت اور یکجہتی کا مظاہرہ کیا جائے۔ سوشل میڈیا پر مذہبی منافرت اور افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ اجلاس کے اختتام پر ملکی ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

واسا اوکاڑہ کے ایم ڈی کا شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ، جاری منصوبوں کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مینیجنگ ڈائریکٹر واسا اوکاڑہ عبدالوحید نے آج شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور صفائی، نکاسی آب اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایم ڈی نے شہر میں جاری صفائی ستھرائی، نکاسی آب کے نظام اور جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایم این اے چوہدری ریاض الحق اور اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ بھی ہمراہ تھے۔ ایم این اے چوہدری ریاض الحق نے جاری منصوبوں اور شہری مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایم ڈی واسا عبدالوحید نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں کو بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ واسا حکام کے مطابق شہری مسائل کا فوری حل، عوام کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ واسا اوکاڑہ نے عوامی خدمت کو اپنی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، مؤثر نکاسی آب اور بہتر صفائی ستھرائی کے لیے کام جاری ہے۔

ستی پبلک سکول کے عزیزیہ ہال میں سالانہ مشاعرے کا انعقاد

محفل مشاعرہ میں وکلاء، اساتذہ، صحافیوں، سماجی تنظیموں کے نمائندوں اور طلباء نے بھی شرکت کی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) بزم ارباب ذوق اور پنجابی ادبی وہیڑا تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیر اہتمام ستی پبلک سکول کے عزیزیہ ہال میں سالانہ مشاعرے کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت چونیاں سے آئے شاعر باؤ علی شاکر نے کی جبکہ مہمانان خصوصی میں نواب بخاعت حسین اعوان قطب شاہی، بختیار علی سیال ایڈووکیٹ سپریم کورٹ وسابق جج لاہور، اشتیاق حسین اثر پھول نگر، مشتاق قمر چشتیاں، زاہد صدیقی نارووال کے ساتھ ساتھ پروفیسر آصف عارف ھلہ بھی موجود تھے، مشاعرہ کی نقابت معروف پنجابی شاعر اور پنجابی ادبی وہیڑا کے بانی صدر ملک ارشاد نے کی، مہمان شعراء میں پروفیسر نزر بھنڈر، خاکسار خالد اقبال خالد لاہور، اشرف خان شاذی قصور، اعواز عین، نصر خیالی الہ آباد، ڈیوڈ پرسی، جی ایم ساقی لاہور، محمد یحییٰ شاہد پیالہ کلاں، حافظ صادق فدا دینا ناتھ، یاسین یاس، ڈاکٹر زاہد صدیقی، نزیر نزر، مزمل زائر پھول نگر سے تشریف لائے، ان کے علاوہ پروفیسر ڈاکٹر قمر الزماں قمر، صابر علی میراں، چوہدری نزیر نزر، سابق ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر ملک محمد یوسف انور، مبشر حصار، محمد تسلیم اور محمد احمد شبیر نے بھی اپنا اپنا کلام پیش کیا، مشاعرہ کے آخر پر پنجابی ادبی وہیڑا کے نائب صدر اظہر صدیق انصاری نے سب حاضرین کا شکریہ ادا کیا، محفل مشاعرہ میں وکلاء، اساتذہ، صحافیوں، سماجی تنظیموں کے نمائندوں اور طلباء نے بھی شرکت کی، سامعین نے شاعروں کو ان کے بہترین کلام پر دل کھول کر خوب داد دی، ان کا کہنا تھا کہ ایسے ادبی پروگرام اور مشاعرے ہوتے رہنے چاہییں، آخر پر پنجابی ادبی وہیڑا کے سینئیر نائب صدر اعجاز الحسن آرائیں نے پیارے پاکستان کی سلامتی وترقی کے لیے دعا کے ساتھ مشاعرے کا اختتام کیا، بعد ازاں تمام شرکاء کی تواضع بھی کی گئی۔

پاکستان سیاحتی اعتبار سے دنیا میں بے مثال ملک ہے: شان شہباز بٹ

وطن عزیز میں سیاحت کیے فروغ کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے چاند بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان دنیا کے خوبصورت ترین ممالک کی فہرست میں آتا ہے اس کی وجہ اسکی قدرتی خوبصورتی اور دلکش موسم ہیں جو دنیا بھر کے ممالک میں اسے ممتاز کرتے ہیں۔ ملکی خوبصورتی کا ابھی تک 40 فیصد حصہ ایکسپلور ہوا ہے جب کہ 60 فیصد مخفی ہے جس کو دکھانے اور ان بے مثال قدرتی مناظر کے دلفریب نظارے دکھانے کیلئے مضبوط انفراسٹرکچر اور سیاحوں کیلئے محفوظ پناہ گاہیں قائم کرنے چاہیے۔ ان باتوں کا اظہار دبئی سے سیاحت کیلئے شمالی علاقہ میں آئے ہوئے پاکستانیوں شانی بٹ و چاند بٹ برادران نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے سیاحت کے فروغ کیلئے موثر وتعمیر کیے جو بہترین اقدامات ہیں مگر اس کے باوجود شمالی علاقہ جات خصوصاً چترال سے کافرستان بمبوریت روڈ، سوات بحرین سے کالام اور مہوڈنڈ جھیل اسی طرح کروٹ سمیت دیگر نئی جگہوں تک رسائی کیلئے روڈ انفراسٹرکچر کی طرف سفر توجہ دی جائے تو سیاحت ایک انڈسٹری کے طور پر اربوں ڈالر ملکی معیشت میں شامل کر سکتی ہے۔

"بخشیش کلچر" کے خاتمے کے دعوے تاحال عملی شکل اختیار نہ کرسکے

سرکاری اسپتالوں میں بخشش اور رشوت ستانی کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت ضلع بھر کے سرکاری اسپتالوں میں "بخشیش کلچر" کے خاتمے کے دعوے تاحال عملی شکل اختیار نہ کرسکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اسپتالوں کے بعض مخصوص شعبوں میں آج بھی مریضوں اور ان کے لواحقین سے مختلف حیلوں بہانوں سے بخشیش کے نام پر رقم وصول کی جاتی ہے، جس سے نہ صرف عوام کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ محکمہ صحت کی ساکھ بھی متاثر ہو رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع جہلم کی چاروں تحصیلوں کے سرکاری اسپتالوں میں خصوصاً لیبر رومز میں بچے یا بچی کی پیدائش کے موقع پر بعض اہلکاروں کی جانب سے دیدہ دلیری کے ساتھ بخشش طلب کیے جانے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ خوشی کے اس موقع پر لواحقین کو نفسیاتی دباؤ میں لا کر رقم دینے پر مجبور کیا جاتا ہے، جبکہ غریب اور سفید پوش طبقہ اس رویے سے شدید پریشانی کا شکار ہے۔ شہریوں نے یہ بھی الزام عائد کیا ہے کہ بعض آپریشن تھیٹرز میں تعینات اہلکار بھی مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے غیر ضروری مطالبات کر کے اداروں کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے کرپشن اور رشوت ستانی کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات کے باوجود بعض عناصر اصلاح احوال میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ شہریوں، سماجی حلقوں اور مریضوں کے لواحقین نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں بخشش اور رشوت ستانی کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، متعلقہ شعبوں کی نگرانی سخت کی جائے اور ملوث عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لا کر عوام کو اس غیر قانونی اور غیر اخلاقی رویے سے نجات دلائی جائے۔

جہلم تھانہ کالا گجراں کے علاقے میں خواتین اور بچیوں کو ہراساں کرنے کے واقعات میں اضافہ

تھانہ کالا گجراں کے علاقے کی رہائشی متاثرہ خاتون اپنی آواز ارباب اختیار تک پہنچانے کے لیے پریس کلب پہنچ گئی



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تھانہ کالا گجراں کے علاقے میں خواتین اور بچیوں کو ہراساں کرنے کے واقعات میں اضافہ۔ تھانہ کالا گجراں کے علاقے کی رہائشی متاثرہ خاتون اپنی آواز ارباب اختیار تک پہنچانے کے لیے پریس کلب پہنچ گئی اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، متاثرہ خاتون مسمات (ا) نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ کالا گجراں میں چند اوباش عناصر پر مشتمل ایک مخصوص گروہ عرصہ دراز سے گھریلو خواتین اور نوجوان بچیوں کو ہراساں کرنے کے لیے مختلف ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے ان کے مطابق مذکورہ عناصر خواتین کی عزت ووقار کو مجروح کرنے کے لیے سوشل میڈیا کا سہارا لیتے ہیں اور مبینہ طور پر تصاویر ودیگر مواد شیئر کر کے انہیں ذہنی اذیت میں مبتلا کرتے ہیں خاتون کا کہنا تھا کہ چند روز قبل وہ اپنے شوہر کے ہمراہ کسی کام کے سلسلے میں جا رہی تھیں کہ راستے میں انہیں روکنے کی کوشش کی گئی۔ احتجاج کرنے پر مبینہ طور پر انہیں ہراساں اور بلیک میل کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا، جس کے باعث وہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہیں متاثرہ خاتون نے بتایا کہ تھانہ کالا گجراں میں تحریری درخواست جمع کروا دی ہے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب پولیس اور انچارج سی سی ڈی پنجاب چوہدری سہیل ظفر چٹھہ سے مطالبہ ہے کہ معاملے کا نوٹس لے کر شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور خواتین و بچیوں کو ہراساں کرنے میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ معاشرے میں خوف وہراس کا خاتمہ ہو اور خواتین بلا خوف وخطر اپنی روزمرہ زندگی، تعلیم اور دیگر معمولات جاری رکھ سکیں شہری حلقوں نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کی عزت، تحفظ اور وقار پر حملہ کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کی جائیں، تاکہ کوئی بھی اوباش شخص کسی کی بہن، بیٹی یا خاندان کی عزت کو نشانہ بنانے کی جرات نہ کرسکے اور قانون کی بالادستی یقینی بنائی جاسکے۔



تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے بچی سمیت تین افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے بچی سمیت تین افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق فیصل آباد روڈ چک نمبر 129 کے قریب ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل کی راہگیر بچی سے ٹکر، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے فوراً جائے حادثہ پر ریسپانس کیا، حادثہ کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار 3 افراد اور راہگیر بچی زخمی، ریسکیو امدادی ٹیم زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر منتقل کر رہی ہے، زخمیوں کی شناخت شہناز بی بی زوجہ ذوالفقار 50 سال سکنہ چک نمبر 12، فرزانہ بی بی دختر محسن 25 سال سکنہ چک نمبر 12، ملائکہ دختر اظہر 9 سال سکنہ چک نمبر 129 کوٹرے، ذوالفقار ولد دوست محمد 52 سال سکنہ چک نمبر 12 کے نام سے ہوئی ہے۔

دیپالپور میں ٹریفک حادثہ، 5 سالہ بچی جاں بحق، 3 زخمی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکپتن روڈ پر اڈہ پیرولی کے قریب ٹرک اور رکشہ کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 5 سالہ بچی جاں بحق اور دو خواتین سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ زخمیوں کو موقع پر طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ جاں بحق ہونے والی بچی کی نعش بھی ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال پہنچا دی گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والی بچی کی شناخت نور فاطمہ دختر فیاض کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمیوں میں 17 سالہ اویس ولد سرفراز سکنہ بونگہ حیات، 20 سالہ اقراء دختر مرتضیٰ اور 35 سالہ رانی بی بی زوجہ جمشید ساکنان بستی عبداللہ دیپالپور شامل ہیں۔

بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ ہلاک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر دیپالپور کے علاقے میں پولیس مقابلے کے دوران بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ ہلاک ہوگیا جبکہ اس کے تین ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے ڈاکو کی شناخت جہانگیر کے نام سے ہوئی ہے، جو 50 سے زائد سنگین مقدمات میں ملوث تھا۔ ملزم پاکپتن، وہاڑی، ساہیوال اور ننکانہ صاحب سمیت مختلف اضلاع میں سنگین جرائم کا ریکارڈ ہولڈر نکلا۔ تفتیش کے دوران انکشاف ہوا کہ ملزم ٹرانسفارمر چوری کی وارداتوں میں بھی ملوث تھا۔ پولیس نے فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

ابتدائی حلقہ بندیوں پر اعتراضات 23 جون تک جمع کروائے جاسکتے ہیں

مقررہ تاریخ کے بعد کسی قسم کا کوئی اعتراض قبول نہیں کیا جائیگا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر حافظ آباد خالد رشید کا کہنا ہے کہ ابتدائی حلقہ بندیوں پر اعتراضات 23 جون تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ اعتراضات کے لیے فارم ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن کے دفتر سے حاصل کر کے اعتراضات الیکشن کمیشن کے ریجنل آفس گجرات جمع کروانا ہونگے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کسی قسم کا کوئی اعتراض قبول نہیں کیا جائیگا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خالد رشید کا کہنا تھا کہ اعتراض فارم کے ساتھ یونین کونسل کے تصدیق نقشہ جات اور ضروری کاغذات کے پانچ مکمل سیٹ جمع کروانا ضروری ہونگے۔ تصدیق شدہ نقشہ جات ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن کے دفتر سے حاصل کیے جاسکتے ہیں اور درخواست گزار جتنی یونین کونسلوں کے اعتراضات جمع کروائے گا

ڈی پی او اوکاڑہ کی ہدایت پر کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل موقع پر حل کرنے کے احکامات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی ہدایت پر ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم ارشد ندیم نے کمیونٹی لائسنزون ہال میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل پیش کیے۔ ڈی ایس پی ارشد ندیم نے ہر سائل کو توجہ سے سنا اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مضبوط کرنا اور شہریوں کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ حکام کے مطابق یہ سلسلہ روزانہ جاری رہے گا تاکہ عوام کو تھانوں کے چکر نہ لگانے پڑیں اور انہیں فوری ریلیف مل سکے۔

دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

درجنوں افراد کو گرفتار کر لیا جبکہ ناجائز اسلحہ اور دیسی شراب بھی برآمد کر لی

نارنگ منڈی (نامہ نگار) تھانہ نارنگ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر اور دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے درجنوں افراد کو گرفتار کر لیا جبکہ ناجائز اسلحہ اور دیسی شراب بھی برآمد کر لی ایس ایچ او تھانہ نارنگ نوید اقبال کی سربراہی میں پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے نصف درجن کے قریب ملزمان کے قبضے سے ناجائز اسلحہ اور تقریباً 20 لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس نے دفعہ 144 کے تحت نہروں راجباہوں اور ندی نالوں میں نہانے پر عائد پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی کی سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ نوید اقبال نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی دفعہ 144 پر سختی سے عملدرآمد کرایا جا رہا ہے اور خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی جاری رہے گی والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں اور انہیں نہروں راجباہوں اور دیگر آبی گزرگاہوں میں نہانے سے روکیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جاسکے۔

ملک بھر میں عوام کا اعتماد دوبارہ پیپلز پارٹی پر بحال ہو رہا ہے: محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ

عوام نے ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کی عوام دوست پالیسیوں، جمہوری اقدار اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما اور سابق صدر بار محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حالیہ کامیابی اس امر کی غماز ہے کہ ملک بھر میں عوام کا اعتماد دوبارہ پیپلز پارٹی پر بحال ہو رہا ہے اور پارٹی ایک مرتبہ پھر قومی سیاست میں مضبوط اور موثر قوت کے طور پر ابھر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کی عوام دوست پالیسیوں، جمہوری اقدار اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا ہے، جس کا اظہار مختلف انتخابات میں پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے ہو رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جس دانشمندی، بصیرت اور سیاسی حکمت عملی کے ساتھ پارٹی کو منظم کیا ہے، اس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں پارٹی کارکنوں کو متحرک کیا گیا ہے۔ تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنایا گیا ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر آواز بلند کی جا رہی ہے، جس کے باعث عوام کی بڑی تعداد دوبارہ پیپلز پارٹی کے ساتھ کھڑی نظر آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے آئندہ انتخابات میں بھی پاکستان پیپلز پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کرے گی کیونکہ عوام روایتی سیاسی نعروں کے بجائے عملی کارکردگی اور عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری نوجوان نسل کی امید بن کر ابھرے ہیں اور ان کی قیادت میں پارٹی ملک کے ہر طبقے کی نمائندگی کر رہی ہے محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ آئندہ عام انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب سمیت چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقتدار میں آکر معیشت کی بحالی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، مہنگائی پر قابو پانے، کسانوں، مزدوروں اور نوجوانوں کے مسائل حل کرنے کے لیے موثر اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے نظریات آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہیں اور یہی نظریاتی سیاست پاکستان پیپلز پارٹی کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پیپلز پارٹی ملک میں جمہوریت، قانون کی حکمرانی، سماجی انصاف اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور ایک ترقی یافتہ، خوشحال، مستحکم اور ناقابل تسخیر پاکستان کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ نے وکلاء اور دیگر کارکنوں میں مٹھائی بھی تقسیم کی۔

نوشہرہ ورکاں اور گردونواح میں 3 مختلف ٹریفک حادثات میں 35 سالہ عدنان جان بحق

2 افراد شدید زخمی پہلا حادثہ مجوچک کے رہائشی الیاس حجام کا جواں سالہ بیٹا ظفر علی خاں ٹول پلازہ پر ملازم تھا ڈیوٹی پر جانے کے لیے بس پر سوار ہوتے ہوئے نیچے گر گیا

3 بچوں کا باپ گوجرانوالہ گریڈ اسٹیشن سے ڈیوٹی سے فارغ ہو کر موٹر سائیکل پر اپنے گھر آرہا تھا نزد ٹول پلازہ موٹر سائیکل تیز رفتاری کی وجہ سے بجلی کے پول سے ٹکرانے سے موقع پر جاں بحق ہو گیا

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر) نوشہرہ ورکاں اور گردونواح میں 3 مختلف ٹریفک حادثات میں 35 سالہ عدنان جان بحق جبکہ 2 افراد شدید زخمی پہلا حادثہ مجوچک کے رہائشی الیاس حجام کا جواں سالہ بیٹا ظفر علی خاں ٹول پلازہ پر ملازم تھا ڈیوٹی پر جانے کے لیے بس پر سوار ہوتے ہوئے نیچے گر گیا جس سے ٹانگ ٹوٹ گئی ریسکیو 1122 ٹھٹے عالی کی ٹیم نے بروقت موقع پر پہنچ کر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد گوجرانوالا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا دوسرا حادثہ ٹھٹے عالی کے نواحی گاؤں بھا کرانوالی کا رہائشی محکمہ واپڈا کا ملازم 35 سالہ عدنان 3 بچوں کا باپ گوجرانوالہ گریڈ اسٹیشن سے ڈیوٹی سے فارغ ہو کر موٹر سائیکل پر اپنے گھر آرہا تھا نزد ٹول پلازہ موٹر سائیکل تیز رفتاری کی وجہ سے بجلی کے پول سے ٹکرانے سے موقع پر جاں بحق ہو گیا ریسکیو 1122 ٹھٹے عالی کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی ان سے قبل ہی جاں بحق ہو چکا تھا تیسرا حادثہ نوشہرہ ورکاں سکول جاتے 12 سالہ طالب علم ٹریفک حادثے میں زخمی نوشہرہ ورکاں مٹو بھائیکے روڈ پر جنرل بس اسٹینڈ کے قریب ٹریفک حادثے میں 12 سالہ طالب علم زخمی ہوگیا۔ عینی شاہدین کے مطابق ایان ولد شاہد، سکنہ وڈھاون سکول یونیفارم میں اپنے بہن بھائیوں کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سکول جا رہا تھا کہ راستے میں اس کی موٹر سائیکل دوسری موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ایان کی بائیں ٹانگ فریکچر ہوگئی، جبکہ خوش قسمتی سے اس کے بہن بھائیوں سمیت کسی اور شخص کو کوئی چوٹ نہیں آئی۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 نوشہرہ ورکاں کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی، ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور زخمی بچے کو مزید علاج کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں منتقل کر دیا۔ ریسکیو حکام نے والدین سے اپیل کی ہے کہ کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل چلانے سے گریز کروائیں اور ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں تاکہ ایسے حادثات سے بچا جا سکے

شرقپور شریف میں دن دیہاڑے ڈکیتی، لاکھوں روپے نقدہ اور قیمتی موبائل لوٹ لیا گیا

شرقپور (نامہ نگار) شرقپور شریف میں امن و امان کی صورتحال ایک بار پھر سوالیہ نشان بن گئی جب پولیس اسٹیشن کے قریب واقع ایک موبائل شاپ پر تین مسلح ڈاکوؤں نے دن دیہاڑے دھاوا بول دیا اور لاکھوں روپے مالیت کی نقدی اور قیمتی موبائل فونز لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس سٹیشن کے انتہائی قریب پیش آنیوالی اس واردات نے شہریوں اور تاجروں کے دل میں خوف پیدا کر دیا ہے۔ پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ کر تحقیقات کا آغاز تو کیا مگر ابھی تک ملزمان گرفتار نہ ہوسکے۔

ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے عہدیداران کی صدر سید عرفان شاہ کی قیادت میں صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری کے ساتھ نشست

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے عہدیداران کی صدر سید عرفان شاہ کی قیادت میں صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری کے ساتھ نشست ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کی تعمیر صحافی کالونی سمیت صحافیوں کے مسائل پر تفصیلی گفتگو صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری نے ضلع قصور صحافیوں کے تمام مسائل کے حل کے لئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی وفد میں بانی ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور سردار شریف سوہڈل۔ چیئرمین ملک عبدالعزیز۔ صدر ڈی یو جے مہر محمد نواز کریمی۔ چوہدری ظفر اقبال۔ رانا منصور احمد۔ ملک مختار احمد شاہین۔ واحد ملک۔ نعیم اقبال بھلر۔ محمد رضا ایڈووکیٹ۔ ودیگر شامل تھے۔ ایک گھنٹہ سے زائد جاری رہنے والی میٹنگ میں صدر سید عرفان احمد شاہ نے ضلع قصور کے صحافیوں کے لئے ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کی نئی بلڈنگ اور صحافیوں کو صحافی کالونی کی شکل میں چھت مہیا کرنے کے لئے مشاورت کی جو صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری نے ہر سطح پر تعاون کی پیشکش کی اور ہر طرح کے تعاون کی پیشکش کی جس پر ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کے عہدیداران نے لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری کا شکریہ ادا کیا۔

E-Gadget ایپلیکیشن کے ذریعے 221 گمشدہ وچوری شدہ موبائل فونز برآمد

ایس ایس پی آپریشنز گوجرانوالہ غیور احمد خاں نے سی پی او آفس میں منعقدہ تقریب کے دوران موبائل فونز ان کے اصل مالکان کے حوالے کیے

گوجرانولہ (پرویز مغل) سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی ہدایت پر گوجرانوالہ پولیس جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے ذریعے شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ اسی سلسلہ میں آئی ٹی برانچ گوجرانوالہ نے E-Gadget ایپلیکیشن کی مدد سے مختلف واقعات میں گمشدہ اور چوری شدہ 221 موبائل فونز کامیابی سے ٹریس کر لیے۔ موبائل فونز ان کے اصل مالکان کے حوالے کرنے کے لیے سی پی او آفس گوجرانوالہ کے کانفرنس روم میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ایس ایس پی آپریشنز گوجرانوالہ غیور احمد خاں نے شہریوں میں موبائل فونز تقسیم کیے اور انہیں ان کی امانتیں واپس کیں۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشن غیور احمد خان نے کہا کہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق پولیس فورس کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو بروقت اور مؤثر خدمات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ E-Gadget سمیت دیگر جدید ڈیجیٹل ٹولز جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوجرانوالہ پولیس جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، استعداد کار میں اضافے اور عوام دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ موبائل فونز واپس ملنے پر شہریوں نے گوجرانوالہ پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ قیمتی موبائل فونز کی بازیابی گوجرانوالہ پولیس کی پیشہ ورانہ مہارت، مؤثر کارکردگی اور جدید ٹیکنالوجی کے کامیاب استعمال کا منہ بولتا ثبوت ہے، جس سے پولیس پر عوام کے اعتماد میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ سی پی او گوجرانوالہ نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر انچارج آئی ٹی برانچ سب انسپکٹر احمد دھاریوال اور ان کی ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ 1 بقیہ جات

صفدر اور بلاول بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ترقی، جمہوریت اور خدمت کے ایجنڈے کو ووٹ دیا۔دوسری جانب مرکزی سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیر بخاری نے الیکشن کمیشن سے تمام نتائج جلد جاری کرنے کا مطالبہ

بقیہ 2 بقیہ جات

میں شامل اس پیکج کا مقصد صنعتی شعبے کو فروغ دینا، برآمدات میں اضافہ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔حکام کے مطابق اس پروگرام کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs)، مینوفیکچرنگ، فارماسیوٹیکل اور ایگرو پراسیسنگ سیکٹر کو خصوصی مالی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔پیکج کے تحت صنعتی شعبے کو کم شرح سود پر قرضے اور سبسڈی دی جائے گی، جبکہ بعض شعبوں کے لیے شرح سود صفر سے 5 فیصد تک رکھنے کی تجویز بھی شامل ہے۔سرکاری دستاویزات کے مطابق چھوٹے، درمیانے اور بڑے صنعتی منصوبوں کے لیے الگ الگ مالیاتی ماڈلز تیار کیے جائیں گے۔برآمدی صنعتوں کو طویل المدتی اور کم شرح سود والے قرضے فراہم کیے جائیں گے۔مزید یہ کہ صنعتی منصوبوں کے لیے قرض کی مدت 5 سے 10 سال تک رکھنے کی تجویز بھی زیر غور ہے تاکہ سرمایہ کاروں کو بہتر مالی سہولت میسر آ

بقیہ 3 بقیہ جات

یا کہیں اور لے جا کر تلف کر دیں گے۔انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں کام مکمل ہونے تک امریکی فوجیوں کو وہیں رہنا چاہیے، ہوسکتا ہے ہمیں امریکی فوجیوں کی دوبارہ ضرورت پڑے۔امریکی صدر نے مزید کہا کہ مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجیوں کو خطرہ نہیں ہے، امریکی فوجیوں کو واپس بلانا بیوقوفی ہوگی۔ان کا کہنا تھا کہ ایران آپریشن میں ہمارے 13 افراد مارے گئے، ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای شدید زخمی ہیں۔صدر ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ ایران سے معاہدے کے بہت قریب ہیں، ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہوں گے، ایران نے اس حقیقت کو تسلیم کرلیا ہے۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ایران کی موجودہ قیادت پچھلی قیادت سے زیادہ منطقی اور ہوشیار

بقیہ 4 بقیہ جات

کی قیمت 12 ہزار افغانی تھی جواب صرف 500 رہ گئی ہے۔افغان کاشتکار نے کہا کہ افغان طالبان کسانوں کی مشکلات کا حل نکالیں کیونکہ ہم قیمتوں میں شدید کمی سے پریشانی کا شکار ہیں۔ماہرین کے مطابق پاکستانی منڈیوں تک رسائی محدود ہونے سے افغان برآمدات بری طرح متاثر اور زرعی شعبہ بحران کا شکار

بقیہ 5 بقیہ جات

صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔انہوں نے کہا کہ برین ٹیومر ایک خاموش مگر تباہ کن بیماری ہے، جس کے بارے میں عوامی شعور اور آگاہی بے حد ضروری ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ مرض جسمانی تکلیف کے ساتھ ساتھ مریض اور معالج دونوں کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ برین ٹیومر نہ صرف مریض بلکہ ان کے اہل خانہ کے لیے بھی جذباتی اور نفسیاتی امتحان ہوتا ہے۔انہوں نے زور دیا کہ اس بیماری کی بروقت تشخیص اور موثر علاج محفوظ زندگی کی ضمانت ہے۔مریم نواز شریف نے کہا کہ خاموش بیماریوں کے خلاف عوامی شعور و آگاہی پیدا کرنا ہی اصل طاقت ہے، اور بروقت تشخیص اور علاج کے بارے میں آگاہی سے برین ٹیومر جیسے امراض پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ برین ٹیومر سے بچاؤ اور زندگیاں بچانے کے لیے ابتدائی تشخیص اور فوری طبی امداد ناگزیر ہے۔انہوں نے بتایا کہ "صحت مند پنجاب" وژن کے تحت سرکاری ہسپتالوں میں برین ٹیومر سمیت دیگر دماغی امراض کے علاج کی بہترین سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ طبی عملے کی استعداد کار بڑھانے پر بھی کام جاری ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کا پہلا سرکاری نواز شریف کینسر ہسپتال برین ٹیومر کے مریضوں کے لیے بھی امید کی کرن ثابت ہوگا، جہاں تمام مراحل کے کینسر مریضوں کا مفت علاج کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر اینڈ ریسرچ سنٹر جلد فعال کر دیا جائے گا۔انہوں نے برین ٹیومر کے علاج کے لیے خدمات سرانجام دینے والے تمام طبی ماہرین اور اداروں کو خراج تحسین بھی پیش

بقیہ 6 بقیہ جات

کا پیر کو ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق قومی اقتصادی کونسل کے ارکان میں چاروں صوبائی وزرائے اعلیٰ شامل ہیں، اجلاس میں آئندہ مالی سال کا قومی ترقیاتی بجٹ منظوری کے لیے پیش ہونا تھا۔ذرائع نے بتایا کہ حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان معاملات طے نہ ہونے کی وجہ سے اجلاس ملتوی کردیا گیا۔ذرائع نے بتایا کہ قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس وزیراعظم ہاؤس کے شیڈول میں شامل نہیں ہے، قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس اب (آج) منگل کو ہونے کا امکان ہے۔خیال رہے کہ سالانہ بجٹ برائے 27-2026 جون کی 10 تاریخ کو پیش کیے جانے کا امکان

بقیہ 7 بقیہ جات

تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے 27 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کو سراہا اور کہا کہ پاک فوج اور دیگر سیکیورٹی اداروں نے ایک بار پھر ملک دشمن عناصر کے خلاف شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور ملک میں امن وامان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل فخر ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے استحکام اور سلامتی کے لیے پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 8 بقیہ جات

کے مطابق وزیر خارجہ نے فرانسیسی اور قطری وزرائے خارجہ سے بھی فون پر گفتگو کی ہے۔غیرملکی میڈیا کے مطابق اسرائیل کے خلاف ایران کے ردعمل اور خطے کی تازہ صورتحال پر بات کی گئی۔دوسری جانب سعودی وزارت خارجہ کے مطابق سعودی عرب اور قطری وزرائے خارجہ کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے،جس میں خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ 9 بقیہ جات

ہے۔ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں بجٹ کے پیش کیے جانے میں مزید تاخیر کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔وفاقی بجٹ اب 10 جون کے بجائے 12 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے قومی اقتصادی کونسل کا پیر کو ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا ہے۔اس اجلاس میں آئندہ مالی سال کے قومی ترقیاتی بجٹ کی منظوری کے لیے اہم تجاویز پیش کی جانی تھیں، تاہم اجلاس کو موخر کیا گیا ہے۔حکومتی ذرائع کے مطابق اجلاس کی صدارت وزیراعظم شہباز شریف نے کرنا تھی جبکہ اجلاس کے نئے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے

گا۔واضح رہے کہ قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں ترقیاتی بجٹ اور ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ لیا جانا تھا۔اس کے علاوہ وفاقی وزارتوں اور صوبوں کے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی جانی تھی جبکہ سالانہ ترقیاتی پروگرام اور معاشی ترقی کی شرح کے ہدف پر بھی غور ہونا تھا۔اجلاس میں ترقیاتی بجٹ اور معاشی اہداف کی باضابطہ منظوری قومی اقتصادی کونسل سے لی جانی تھی۔ذرائع نے بتایا کہ نئے مالی سال کے لیے مجوزہ ترقیاتی بجٹ کا مجموعی حجم 4 ہزار 715 ارب روپے رکھا گیا ہے۔اس میں وفاقی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے لیے 1126 ارب روپے جبکہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں کے لیے 3 ہزار 138 ارب روپے تجویز کیے گئے ہیں۔مزید برآں ریاستی ملکیتی ادارے اپنی ترقیاتی اسکیموں پر 451 ارب روپے الگ سے خرچ کریں گے۔ذرائع نے بتایا کہ اجلاس میں 1126 ارب روپے کے ترقیاتی بجٹ میں مزید 200 ارب روپے شامل کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔وزیراعظم کی منظوری کی صورت میں پی ایس ڈی پی کا مجموعی حجم بڑھا کر 1326 ارب روپے کیا جاسکتا

بقیہ 10 بقیہ جات

کا زلزلہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔یوایس سونامی وارننگ سسٹم نے زلزلے کے بعد سونامی کی وارننگ جاری کردی۔جرمن ریسرچ سینٹر فار جیو سائنسز کے مطابق زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔ادارے نے ابتدائی طور پر زلزلے کی شدت 7.3 بتائی تاہم بعد میں اسے بڑھا کر 8.2 کر دیا گیا۔انڈونیشیا کے شمال مشرقی ساحلی علاقوں کے لیے بھی سونامی وارننگ جاری کی گئی ہے۔زلزلے کے بعد تاحال جانی یا مالی نقصان کی فوری اطلاعات موصول نہیں ہوئیں، جبکہ متعلقہ حکام صورتحال کا جائزہ لے رہے

بقیہ 11 بقیہ جات

کو عوامی ایکشن کمیٹی نے دوبارہ اٹھایا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان نشستوں کو ختم کیا جائے۔اس حوالے سے آزاد کشمیر حکومت نے عوامی ایکشن کمیٹی سے مذاکرات بھی کئے جو ناکام ہوگئے جس کے بعد عوامی ایکشن کمیٹی نے 9 جون کو لانگ مارچ کی کال دیدی۔عوامی ایکشن کمیٹی کے تین رہنماؤں کے ساتھ حکومت آزاد کشمیر اور وفاقی حکومت کے پانچ وزراء نے 4 اکتوبر 2025 کو معاہدہ کیا تھا اور اس پر دستخط کئے،آج اسی ایکشن کمیٹی کو کالعدم اور دہشتگرد قرار دیدیا گیا جو سمجھ سے بالاتر ہے حکومت ایسا کر کے عوام الناس کو کیا بتانا چاہتی ہے۔حکومت کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ کشمیریوں کی تحریک ہے جو رکنے والی نہیں،اس تحریک کو اس وقت بہت زیادہ طاقت ملی جب گزشتہ سال جولائی میں آزاد کشمیر سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس محمد اعظم خان نے اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے کے اگلے ہی دن ایک بڑا بیان دیا۔سابق چیف جسٹس محمد اعظم خان نے کہا کہ یہ نشستیں سو فیصد غیر قانونی ہیں اور انہیں اسلام آباد سے اس لیے تیار کیا گیا تھا تاکہ آزاد کشمیر میں رہنے والے 45 لاکھ لوگوں کے ووٹ کی طاقت کو کم کیا جاسکے۔ان کے اس بیان کے بعد جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی نامی عوامی تنظیم نے ان نشستوں کو ختم کرنے کے لیے ہڑتالوں کا اعلان کر دیا۔اس وقت آزاد کشمیر حکومت کی نااہلی کے باعث صورتحال انتہائی گھمبیر ہو چکی ہے اور ایسے میں گزشتہ روز آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم وصدر مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو معلوم نہیں کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کس کے ایجنڈے پر کام کر رہی ہے۔سردار عتیق احمد خان کی اس پریس کانفرنس پر آزاد کشمیر کے لوگوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔کشمیری عوام کا کہنا ہے کہ سردار عتیق احمد خان کو چاہئے تھا کہ وہ یہی پریس کانفرنس دھیرکوٹ، غنی آباد یا باغ میں کرتے۔عوامی ایکشن کمیٹی بارہ سیٹوں کے حوالے سے مکمل وضاحت کرچکی ہے، حکومت اور آزاد کشمیر کی تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا کام بنتا ہے کہ وہ بھی عوامی ایکشن کمیٹی کو مطمئن کرتے لیکن وہ نہیں کر سکے۔

بقیہ 12 بقیہ جات

پھر دریافت ہوا ہے۔لبنان میں جنگ کا آغاز 2 مارچ کو ہوا، جب حزب اللہ نے 28 فروری کو ایران پر ہونے والے ابتدائی امریکی و اسرائیلی حملوں میں ایرانی مرشد علی خامنہ ای کی ہلاکت کے جواب میں اسرائیل پر میزائل فائر کیے۔اسرائیل نے فضائی حملوں اور زمینی جارحیت کے وسیع سلسلے کے ساتھ جوابی کارروائی کی۔غزہ اور حماس تنظیم کے حوالے سے بات کرتے ہوئے نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیلی فوج حماس پر ہر طرف سے گھیرا تنگ کر رہی ہے۔نیتن یاہو نے مزید کہا ہم حماس کو دوبارہ مسلح ہونے کی اجازت نہیں دیں گے اور ان کے سرکردہ رہنماؤں کو ختم کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے

بقیہ 13 بقیہ جات

انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات سمیت دیگر مقدمات میں ملزمہ کی وائس ریکارڈنگ کیلئے پولیس کی درخواست پر وکیل سرکار کو نوٹس جاری کر دیئے۔پولیس نے ملزمہ کی وائس ریکارڈنگ سمیت ڈیجیٹل شواہد پنجاب بھیجنے کیلئے عدالت سے رجوع کیا تھا، پولیس نے ڈیجیٹل شواہد پنجاب لیبارٹری بھیجنے کے لئے درخواست دائر کی۔درخواست میں کہا گیا کہ ملزمہ انمول پنکی کی جیل وائس ریکارڈنگ کرنے کی اجازت دی جائے، ڈیجیٹل شواہد کی فرانزک پنجاب لیبارٹری سے کرانے کا حکم دیا جائے۔پولیس نے کہا کہ ملزمہ کی وائس ریکارڈنگ، وائس میسجز اور کال ریکارڈنگ سمیت ڈیجیٹل شواہد موجود ہیں، تفتیش کے دوران ملزمہ نے ریکارڈنگ اور میسجز اس کے ہونے سے انکار کیا ہے، ملزمہ کہتی ہے کہ وائس میسجز اور ریکارڈنگ میں اس کی آواز نہیں ہے۔درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ وائس ریکارڈنگ، وائس میسجز اور کال ریکارڈنگ سمیت ڈیجیٹل شواہد پنجاب لیبارٹری بھجوائے جائیں، تمام ڈیجیٹل شواہد کا پنجاب لیبارٹری سے فرانزک کرانے کا حکم دیا جائے، فرانزک رپورٹ سے ملزمہ کی آواز ہونے کی تصدیق ہوجائے گی۔دوسری جانب منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کے لاہور میں موجود ایک جعلی سیلری اکاؤنٹ سے کروڑوں روپے کی ٹرانزیکشن کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بینک میں جمع کرائے گئے کاغذات جعلی تھے،کوئی کمپنی موجود ہی نہیں ہے حیرت انگیز طور پر ایک عام آدمی جب بینک میں اکاؤنٹ کھلوانا چاہتا ہے تو اس سے بے انتہا سوال جواب اور دستاویزات مانگی جاتی ہیں مگر پنکی کے معاملے میں ایسا نہیں ہوا، اس کا اکاؤنٹ غیر ملکی بینک کی نیو گارڈن لاہور برانچ میں تھا۔رپورٹ کے مطابق 2019 میں اینٹی نارکوٹکس فورس میں درج مقدمہ نمبر 19/63 کی تفتیشی افسر سب انسپکٹر صوبیہ ارم نے یکم جولائی 2021 کی اپنی رپورٹ میں یہ تحریر کیا تھا کہ پنکی کا لاہور کے علاقے چوبرجی میں ایک ملٹی نیشنل بینک میں سیلری اکاؤنٹ ہے جس میں اس کو ایک کمپنی کا ملازم ظاہر کیا گیا تھا، اس میں کروڑوں روپے کی ٹرانزیکشن ہوتی رہی اور جس وقت بینک نے اسٹیٹمنٹ دیا تو اس کے اکاؤنٹ میں 6 کروڑ 39 لاکھ 88 ہزار 912 روپے کی ٹرانزیکشن موجود تھی اور ملزمہ مفرور قرار دی گئی تھی۔ جب تفتیشی افسر مذکورہ کمپنی کے ایڈریس 10/9 چھٹہ پلازہ، فرسٹ فلور، چوبرجی پر پہنچی تو معلوم ہوا کہ اس نام کی کوئی کمپنی یہاں موجود ہی نہیں ہے۔بینک میں جمع کرائے گئے کاغذات جعلی

بقیہ 14 بقیہ جات

زیر صدارت اجلاس میں آٹو اور آٹو پارٹس پالیسی کے مسودے کو حتمی شکل دینے کیلئے ذیلی کمیٹی کی تشکیل دی گئی۔نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں آٹو اور آٹو پارٹس پالیسی کا جائزہ لیا گیا بالخصوص پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں (EVs) کی منتقلی کے عمل کو تیز کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔پیر کو نائب وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق؟ کمیٹی کو الیکٹرک گاڑیوں (EVs) کو فروغ دینے، مقامی مینوفیکچرنگ کو مضبوط بنانے، معاون حکومتی پالیسیوں کے ذریعے صنعت کی ترقی کو آسان بنانے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، برآمدات بڑھانے اور پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے کی کوششوں میں حصہ

ڈالنے کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایک ایسے مسابقتی، جدید اور پائیدار آٹو موٹو ایکو سسٹم کی ترقی کی اہمیت پر زور دیا جو اقتصادی ترقی کو سہارا دے، صنعتی صلاحیت کو بڑھائے، ہنرمند ملازمتیں پیدا کرے اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ آٹو موٹو سیکٹر کے ذریعے ماحولیاتی پائیداری کو فروغ دے،ایک جامع اور مشاورتی طریقہ کار کو یقینی بنانے کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز (فریقین) کے ساتھ مشاورت سے جائزہ لینے اور پالیسی کے مسودے کو حتمی شکل دینے کے لئے ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی۔ ؟اجلاس میں وزرائے توانائی، پٹرولیم اور موسمیاتی تبدیلی، صنعت و پیداوار کے لئے وزیراعظم کے مشیر، وزرائے مملکت برائے خزانہ اور ریلوے، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، کامرس، صنعت و پیداوار اور پٹرولیم کے سیکرٹریز، نیشنل کوآرڈینیٹر این سی ایم سی، متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام اور ممتاز پالیسی ماہرین اور ماہرین اقتصادیات نے شرکت

بقیہ 15 بقیہ جات

دیا ہے۔اعلامیے کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں شدید گرمی برقرار رہے گی جبکہ 11 اور 12 جون کو بالائی علاقوں میں بارشوں کا امکان ہے۔این ڈی ایم اے کے مطابق سندھ، جنوبی پنجاب اور بلوچستان میں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ متوقع ہے جبکہ 7 سے 10 جون کے دوران بالائی خیبر پختونخوا، اسلام آباد اور شمالی پنجاب بھی شدید گرمی کی لپیٹ میں رہیں گے۔پنجاب کے وسطی اور جنوبی اضلاع میں درجہ حرارت معمول سے نمایاں زیادہ رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق 11 اور 12 جون کو اسلام آباد، خیبر پختونخوا اور شمالی پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش اور تیز ہواؤں کا امکان ہے۔راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور لاہور میں بھی انہی تاریخوں کے دوران بارش متوقع ہے۔سندھ کے کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، میرپورخاص اور تھرپارکر سمیت بیشتر علاقوں میں گرم اور خشک موسم برقرار رہے گا، جبکہ بلوچستان کے شمال مشرقی اضلاع ژوب اور موسیٰ خیل میں 11 اور 12 جون کو گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 16 بقیہ جات

گیا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے صحافی بارک راوڈ سے گفتگو میں کہا کہ ہم ایران کے ساتھ حتمی ڈیل کے بہت قریب ہیں، جو کچھ اب ہو رہا ہے میں نہیں چاہتا کہ اسے اڑا دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ نیتن یاہو جوابی حملہ کرے گا تو یہ سلسلہ ایسے ہی چلتا رہے گا جیسے 47 سال سے چل رہا ہے۔امریکی صدر نے کہا کہ میں ابھی نیتن یاہو کو فون کرنے جا رہا ہوں، نیتن یاہو سے کہوں گا کہ جوابی حملہ نہ کرے۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو مشورہ دوں گا، آپ نے اپنے میزائل داغ دیئے بس اتنا کافی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایران میز پر واپس آئے اور معاہدہ کرے، اسرائیل کی جانب سے بیروت پر آج کے حملے پر خوش نہیں ہوں۔انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا کہ نیتن یاہو کے پاس ایران کے ساتھ معاہدہ قبول کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایران کے حملوں نے امریکا ایران مذاکرات مکمل کرنے کی خواہش کو نہیں بدلا، اگر ڈیل ناکام ہوئی تو ایران پر کمانڈو آپریشن پر غور کریں گے۔

بقیہ 17 بقیہ جات

ساڑھے 18 ارب روپے سے زائد اضافی ٹیکس وصول کیا ہے۔اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں 50 ارب 61 کروڑ روپے وصول کیے گئے تھے، جبکہ رواں مالی سال کے اسی عرصے میں 69 ارب 26 کروڑ روپے کا ٹیکس جمع کیا گیا ہے۔محکمہ ایکسائز کے مطابق گزشتہ مالی سال میں مجموعی طور پر 57 ارب روپے سے زائد ٹیکس وصول کیا گیا تھا، جبکہ رواں سال 11 ماہ کے دوران ہی گزشتہ سال کے مقررہ ہدف سے بھی 12 ارب روپے زائد وصولی ہو چکی ہے۔تفصیلات کے مطابق پراپرٹی ٹیکس کی مد میں سوا 24 ارب روپے اور موٹر وہیکل ٹیکس کی مد میں 39 ارب روپے جمع کیے گئے۔اسی طرح ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 3 ارب 64 کروڑ روپے جبکہ پروفیشنل ٹیکس کی مد میں 1 ارب 54 کروڑ روپے وصول کیے گئے۔حکام کے مطابق محکمہ ایکسائز کو رواں مالی سال میں 73 ارب روپے کا ہدف حاصل کرنا ہے، جس کے لیے مالی سال کے آخری دو ماہ میں ڈیفالٹرز کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ محصولات کے اہداف کے حصول کے لیے تقرریوں اور تبادلوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے، جبکہ مقررہ ٹارگٹ حاصل نہ کرنے والے انسپکٹرز اور ای ٹی اوز کو عہدوں سے ہٹانے کا بھی عندیہ دیا گیا

بقیہ 18 بقیہ جات

پختونخوا اسمبلی کا اجلاس اب 15 جون 2026 کو دوپہر 2 بجے منعقد ہوگا۔یاد رہے کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس 8 جون 2026 (بروز پیر) دوپہر 2 بجے منعقد ہونا

بقیہ 19 بقیہ جات

ی سے گفتگو کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ انسٹی ٹیوٹ کے سینئر فیلو راس ہیرسن نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران دونوں لبنان کو امریکہ کے ساتھ اپنے سفارتی اور سیاسی معاملات میں دباؤ کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسرائیل اس عمل کے ذریعے اس ممکنہ امن معاہدے کو متاثر کرنے کی کوشش کر رہا ہے جسے وہ امریکہ اور ایران کے درمیان قبل از وقت سمجھتا ہے، ایران بھی یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ واشنگٹن کو اس تنازع کے انجام کے بارے میں یکطرفہ فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے، بلکہ تہران بھی اس عمل میں مؤثر کردار رکھتا ہے۔راس ہیرسن نے کہا کہ میرا خیال ہے دونوں فریق کسی نہ کسی طرح اس تنازع کو ٹرمپ کے فیصلہ سازی کے عمل کی طرف لے جا رہے ہیں۔

بقیہ 20 بقیہ جات

میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سمندری آلودگی کے خاتمے کیلئے ویسٹ مینجمنٹ نظام کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے، سمندری آلودگی اور موسمیاتی تبدیلی سے بحری حیات کو شدید خطرات لاحق ہیں، ترقی پذیر ممالک کو ساحلی خطرات اور مالی وسائل جیسے چیلنجز درپیش ہیں، بحری حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کیلئے اقدامات میں تیزی لانے کی ضرورت ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ نوجوانوں کو سمندری تحفظ کی آگاہی مہمات میں فعال طور پر شامل کیا جا رہا ہے، سمندر زمین کے ماحولیاتی توازن اور انسانی بقا کے ضامن

بقیہ 21 بقیہ جات

سیکرٹریٹ میں نافذ کیے گئے جامع کفایت شعاری اور اخراجات میں مؤثر کمی کے پروگرام کے تحت 1 ارب 43 کروڑ 60 لاکھ روپے کی بچت قومی خزانے میں واپس جمع کرادی، یہ بچت وزارت خزانہ کی جانب سے مقررہ ہدف سے 500 فیصد زائد ہے اور مالی سال 26-2025 کے لیے سینیٹ کے مجموعی بجٹ کا 15.9 فیصد بنتی ہے، جو مالی نظم وضبط، ادارہ جاتی ذمہ داری اور عوامی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کی ایک نئی اور شاندار مثال ہے۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اس عمل کی بنیاد اس اصول پر رکھی کہ عوامی عہدہ ایک مقدس امانت ہے اور قومی وسائل کا تحفظ ریاستی ذمہ داری کا بنیادی تقاضا ہے۔ انہوں نے کفایت شعاری اقدامات کا آغاز اپنے دفتر سے کیا اور بعد ازاں ان اقدامات کو پورے سینیٹ سیکرٹریٹ تک وسعت دی، تاکہ مالی نظم وضبط محض علامتی اقدام نہیں بلکہ ایک مستقل ادارہ جاتی روایت بن سکے۔اس پالیسی کے تحت سینیٹ فنانس کمیٹی سے منظور شدہ 18 میں سے 17 ترقیاتی وخریداری منصوبوں کو مؤخر یا معطل کر دیا گیا جس سے نمایاں اور فوری مالی بچت ممکن ہوئی، بھرتیوں اور دیگر غیر ضروری اخراجات کو محدود کیا گیا، انتظامی اخراجات میں کمی لائی گئی جبکہ آپریشنل اخراجات کی کڑی نگرانی کو یقینی بنایا گیا۔اسی طرح سرکاری ٹرانسپورٹ کے استعمال کو نمایاں حد تک محدود کیا گیا، ایندھن کے کوٹے مقرر کیے گئے اور ان کی نگرانی کا مؤثر نظام نافذ کیا گیا۔سرکاری اجلاسوں اور تقریبات میں ضیافت اور ریفریشمنٹ کے انتظامات ختم کیے گئے جبکہ کمیٹی اجلاسوں کو بتدریج ڈیجیٹل اور

ورچوئل ذرائع کی جانب منتقل کیا گیا تاکہ انتظامی اور میزبانی کے اخراجات کم کیے جاسکیں۔مزید برآں، تمام غیر ضروری غیر ملکی دوروں کو بھی معطل کر دیا گیا۔خصوصی طور پر قابل ذکر امر یہ ہے کہ موجودہ مالی سال میں سرکاری گاڑیوں کی خریداری کے لیے 6 کروڑ روپے مختص ہونے کے باوجود ایک بھی نئی گاڑی خریدی نہیں گئی، جو سینیٹ قیادت کی قومی مفاد کو ادارہ جاتی سہولت پر ترجیح دینے کی عملی مثال ہے۔ اسی تسلسل کو برقرار

کا ذریعہ ثابت ہوں

بقیہ 27 بقیہ جات

تے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کیا۔پہلی کارروائی میں ایف آئی آر نمبر 2026/114 کے تحت ندیم احمد کو گرفتار کیا گیا، جو سوشل میڈیا اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع کے ذریعے جنگ آمیز، نازیبا اور توہین آمیز مواد شیئر کرنے میں ملوث تھا۔دوسری کارروائی میں ایف آئی آر نمبر 2026/118 کے تحت قصور کے رہائشی محمد

دنیا تک پہنچا دی، بھارت کی یکطرفہ روش بین الاقوامی دریائی قوانین اور نچلے بہاؤ کے حقوق کے لیے خطرناک مثال بن سکتی ہے، پاکستان کا مؤقف عالمی سطح پر مضبوط ہوا کہ پانی کو جنگ، دباؤ یا انتقام کا ذریعہ نہیں بننا

بقیہ 33 بقیہ جات

نیہ اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ سے بھی فون پر گفتگو کی۔ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق ان رابطوں میں خطے کی موجودہ صورتحال اور بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ

[illegible]

فضل الرحمٰن کی زیر صدارت سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے اہم اجلاس

سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ نوجوان کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم اقدام ہے، سیکرٹری سپورٹس پنجاب

سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ سے مستفید ہونے والے تمام کھلاڑیوں کو باقاعدہ بینک کارڈز جاری کیے جائیں گے، فضل الرحمٰن

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن کی زیر صدارت سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں 243 نئے کھلاڑیوں کو ایک سال کے لیے سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ سے سکالرشپ دینے کی منظوری دی گئی، پیر کے روز پنجاب سٹیڈیم میں ہونیوالے اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل سپورٹس (بقیہ نمبر 36)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن پنجاب سٹیڈیم میں سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے اہم اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

کابینہ کمیٹی خود جاکر تمام ڈویژنز میں انتظامات کا جائزہ لے رہی ہے، خواجہ سلمان رفیق

بین الصوبائی اور بین الاضلاعی بارڈر ایریاز میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے جائیں۔تمام روائتی جلوس ومجالس کو ایس او پیز کے مطابق محفوظ بنایا جائے، بلال یاسین

پنجاب بھر میں امن، یکجہتی اور بھائی چارے کا پیغام عام کررہے ہیں۔صوبہ بھر میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت پابندی کا نفاذ یقینی بنایا جائے، بلال اکبر خان

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کا محرم الحرام سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے سرگودھا میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اور صوبائی وزیر و کو چیئرمین بلال یاسین نے اجلاس میں شرکت کی۔صوبائی وزراء ملک صہیب احمد بھرتھ اور بلال اکبر خان نے بھی شرکت کی۔سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ،

لاہور: صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق اور صوبائی وزراء بلال یاسین، بلال اکبر اور ملک صہیب احمد سیف سٹی کنٹرول روم سرگودھا میں محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹرز کی تیزاب گردی کے واقعہ کے خلاف ہڑتال

بلوچستان کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی کے سوا دیگر تمام سروسز کا بائیکاٹ، ینگ ڈاکٹرز نے احتجاجی ریلی نکالی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹرز نے تیزاب گردی کے واقعے کے خلاف ہڑتال کر دی۔بلوچستان کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی کے سوا دیگر تمام سروسز کا بائیکاٹ کیا، واقعہ کے خلاف کوئٹہ میں ینگ ڈاکٹرز نے احتجاجی ریلی نکالی۔مظاہرین نے سیکرٹری صحت بلوچستان اور ایم ایس سول ہسپتال کے خلاف نعرے لگائے، ڈاکٹرز کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔سیکرٹری صحت بلوچستان، ایم ایس اور سکیورٹی انچارج سول ہسپتال کو معطل کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان نے لیڈی ڈاکٹر کی جان بچانے کے لئے بہادری کا مظاہرہ کرنے والے عبدالرزاق ترکئی کے لئے سول ایوارڈ کا اعلان بھی کردیا ہے۔

راولپنڈی۔ مرید حسن ریلوے ٹریک پر شہری خطرناک انداز میں پیدل چل رہے ہیں جو کہ کسی حادثے کا سبب بن سکتے ہیں

بھارت میں مسلمانوں سے منسوب اداروں کے نام تبدیل کرنے کا سلسلہ جاری

بھوپال کی برکت اللہ یونیورسٹی کا نام تبدیل کرنے کی قرارداد منظور

بھوپال (این این آئی) بھارت میں مسلمانوں سے منسوب اداروں اور مقامات کے نام تبدیل کرنے کا سلسلہ جاری ہے، تازہ ترین واقعے میں بھوپال میں معروف مجاہدین آزادی کے نام سے منسوب برکت اللہ یونیورسٹی کا نام تبدیل کرنے کی تیاری کی جارہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یونیورسٹی کی ایگزیکٹو کونسل نے متفقہ طور پر قرارداد منظور کی کہ ادارے کا نام تبدیل کرکے "ما وگ دیوی بھوجپال یونیورسٹی" رکھا جائے۔ اس تجویز کو اب حتمی منظوری اور نوٹیفکیشن کے لیے مدھیہ پردیش حکومت کو بھیجا جائے گا۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار شمر بہادر سنگھ نے اس پیشرفت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ کونسل نے رواں ہفتے ایک میٹنگ کے دوران تجویز منظور کی ہے اور ریاستی انتظامیہ کو ایک رسمی خط بھیجا جائے گا۔ اس اقدام نے مولانا برکت اللہ بھوپالی کے بارے میں عوامی دلچسپی کو بڑھا دیا ہے جو ایک مجاہد آزادی تھے جن کے نام پر 1988 میں یونیورسٹی کا نام رکھا گیا تھا۔

کراچی، ایف آئی اے ٹیسٹ میں دوسرے امیدواروں کا امتحان دینے والے 3 افراد گرفتار

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے کی مختلف آسامیوں کے لیے جاری فزیکل اور اینڈورنس ٹیسٹ کے دوران نقالی کا بڑا معاملہ سامنے آیا ہے جہاں ایس ایس یو پولیس ہیڈکوارٹر ملیر میں تین افراد کو جعلی شناخت کے ساتھ ٹیسٹ دینے کی کوشش کرتے ہوئے گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ابتدائی دستاویزاتی جانچ کے دوران مشتبہ افراد کی شناخت پر شک ہوا۔

سندھ پولیس نے سیف سٹی کے تحت کراچی میں 40 ہزار گاڑیوں کو بلیک لسٹ کردیا

ایسی گاڑیاں جن کے مالکان کے کوائف مکمل نہیں ہیں وہ بھی بلیک لسٹ ہوں گی، اعلان کردیا

کراچی (این این آئی) سندھ پولیس نے سیف سٹی کے تحت کراچی میں 40 ہزار گاڑیوں کو بلیک لسٹ کردیا، اس حوالے سے پولیس حکام نے کہا ہے کہ ایسی گاڑیوں کے خلاف یکم جولائی سے کارروائی شروع کی جائے گی، ایسی گاڑیاں جو خریدنے کے باوجود تاحال نئے مالک کے نام منتقل نہیں کی گئیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ ایسی گاڑیاں جن کے مالکان کے کوائف مکمل نہیں ہیں وہ بھی بلیک لسٹ ہوں گی، ایسی گاڑیاں جن کے مالکان نے سرکاری واجبات ادا نہیں کیے وہ بھی شامل ہوں گی۔ حکام نے کہا کہ بلیک لسٹ کی جانے والی گاڑیوں کی فہرست مکمل کر لی گئی ہے، ایسی گاڑیاں ضبط کی جاسکتی ہیں، مالکان پر جرمانے بھی کیے جاسکتے ہیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ عوام فوری سندھ پولیس کے پورٹل پر جا کر اپنی گاڑی کی معلومات حاصل کریں۔

بھارت کا ہوابازی کا شعبہ مسلسل بحران کا شکار، دہلی کے ہوائی اڈے پر تین طیاروں کو نقصان

نئی دہلی (این این آئی) دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ایئر انڈیا کے تین طیاروں کو نقصان پہنچنے کے بعد بھارت کے ہوا بازی کے شعبے کو شرمندگی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس سے آپریشنل سیفٹی اور بنیادی ڈھانچے کے انتظام پر شدید تشویش پیدا ہوئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ اتوار کو ٹرمینل 2 پر اس وقت پیش آیا جب اچانک تیز ہوائیں۔

گلگت بلتستان کے عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالنے کی منظم سازش جاری ہے، نیر بخاری

جی بی میں پی پی کی برتری متنازع بنانے کیلئے نتائج میں تاخیر وتبدیلی کی جارہی ہے، پی پی رہنما، بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل نیر بخاری نے الیکشن کمیشن سے گلگت بلتستان کے تمام زیر التواء انتخابی نتائج فوری طور پر جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ نیر بخاری نے اپنے بیان میں الزام عائد کیا کہ پیپلز پارٹی کی انتخابی برتری کو متنازع بنانے کے لیے نتائج میں تاخیر اور تبدیلی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی بی اے 16 اور جی بی اے 17 سمیت کئی حلقوں میں کامیابی کے باوجود نتائج روکے گئے۔ نیر بخاری کے مطابق گلگت بلتستان کے عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالنے کی منظم سازش جاری ہے اور جن نشستوں پر پیپلز پارٹی کامیابی حاصل کر چکی ہے، وہاں نتائج کے اعلان میں بلاجواز تاخیر کی جارہی ہے۔

جی بی اے 17 دیامر 03 داریل اور جی بی اے 15 دیامر 01 میں عوام کے ووٹوں پر دن دیہاڑے ڈاکہ مارا گیا، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا ہے کہ جی بی اے 17 دیامر 03 داریل اور جی بی اے 15 دیامر 01 میں عوام کے ووٹوں پر دن دیہاڑے ڈاکہ مارا گیا ہے۔ اسلم غوری نے اپنے بیان میں کہا کہ حاجی رحمت خالق اور مفتی ولی الرحمان کی یقینی جیت کو دھاندلی کے ذریعے شکست میں تبدیل کیا جارہا ہے۔

حریت رہنماؤں کی مسلسل غیرقانونی نظربندی پر اظہار تشویش

سرینگر (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارت اور مقبوضہ علاقے کی مختلف جیلوں میں بند حریت رہنماؤں اور کارکنوں کی مسلسل غیر قانونی نظربندی پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم بٹ، محمد یاسین ملک، شبیر احمد شاہ، آسیہ اندرابی اور دیگر حریت رہنما، کارکنان اور نوجوان بھارت اور مقبوضہ علاقے کی۔

مرکزی علماء کونسل اجلاس، آزاد کشمیر صورتحال پر فوری کارروائی کا مطالبہ

دہشت گردی، ڈیجیٹل پروپیگنڈا کی مذمت، ریاستی اداروں کی حمایت اور بجٹ میں ریلیف کا مطالبہ

لاہور (زیڈ این این) مرکزی مجلس شوریٰ مرکزی علماء کونسل پاکستان کا اجلاس ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مجلس شوریٰ کے اراکین نے کہا کہ آزاد کشمیر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے توڑ پھوڑ، ہنگامہ آرائی اور ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کی کوششوں کو فوری طور پر روکا جائے اور حکومت اس حوالے سے سخت اور مؤثر کارروائی کرے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ احتجاج ہر شہری کا آئینی اور جمہوری حق ہے تاہم احتجاج کی آڑ میں قانون کو ہاتھ میں لینا اور عوام کی زندگی کو مفلوج کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ مقررین نے کہا کہ آزاد کشمیر ہمیشہ امن، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کی علامت رہا ہے، جبکہ کشمیر کا استحکام پاکستان کے استحکام سے جڑا ہوا ہے۔ آزاد کشمیر میں امن، ترقی اور خوشحالی پورے ملک کے مفاد میں ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم بحر منایا گیا

اس سال اقوام متحدہ کا موضوع ہے ری امیجن یعنی سمندر کیساتھ اپنے رشتے کو نئے انداز سے سمجھنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پیر کو عالمی یوم بحر منایا گیا، اس سال اقوام متحدہ کا موضوع ہے ری امیجن Reimagine یعنی سمندر کے ساتھ اپنے رشتے کو نئے انداز سے سمجھنا ہے، زمین کا تقریباً تین چوتھائی حصہ پانی سے گھرا ہوا ہے، سمندر گرمی کو جذب اور فضا میں موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ کو کم کرکے کرہ ارض کے توازن کو برقرار رکھتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق انسانی سرگرمیوں نے سمندروں کو آلودہ کردیا ہے، ہر سال لاکھوں ٹن کچرا سمندر کی تہہ میں پہنچ رہا ہے جس سے آبی حیات خطرے میں ہیں اور سمندر کا درجہ حرارت مسلسل بڑھ رہا ہے۔ ماہر ماحولیات نے کہا کہ سمندر میں پلاسٹک کی آلودگی بڑھنے کی اگر یہی رفتار رہی تو آئندہ چند دہائیوں میں سمندر پلاسٹک کے ذخیرے میں بدل جائیں گے۔

ٹاور گرنے سے کرم میں بجلی 1 ہفتے سے معطل

عوام کو شدید مشکلات کا سامنا، ٹیوب ویلز بند ہونے کی وجہ سے ضلع بھر میں پانی کی قلت

کرم (این این آئی) ضلع کرم میں مین سپلائی لائن کے ٹاور گرنے سے ضلع بھر میں بجلی 1 ہفتے سے معطل ہے۔ ٹیسکو حکام کے مطابق ٹل کے قریب 132 کے وی مین سپلائی ٹاور طوفانی ہواؤں سے گرے۔ ایک ہفتے سے بجلی کی معطلی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ ٹیوب ویلز بند ہونے کی وجہ سے ضلع بھر میں پانی کی قلت ہے۔

جناح ہسپتال میں بیڈ نہ ملنے کا مسئلہ، ساہیوال کی مریضہ 15 روز سے منتظر

اہل خانہ کا فوری بیڈ اور علاج فراہم کرنے کا مطالبہ، مریضہ کی حالت بگڑنے کا خدشہ

لاہور (زیڈ این این) ساہیوال کی رہائشی ایک غریب مریضہ گزشتہ 15 روز سے لاہور کے جناح ہسپتال میں داخلے اور وارڈ میں بیڈ کے حصول کی منتظر ہے، تاہم بیڈ دستیاب نہ ہونے کے باعث اس کا علاج شروع نہیں ہوسکا۔ لواحقین کے مطابق مریضہ کو علاج کے لیے ساہیوال سے لاہور لایا گیا تھا، مگر ہسپتال میں مناسب انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے انہیں مسلسل مشکلات کا سامنا ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ بیڈ نہ ملنے کے باعث مریضہ کو رکشہ میں ہی انتظار کرنا پڑ رہا ہے، جبکہ وہ مسلسل وارڈز اور انتظامی دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں، لیکن کہیں سے بھی شنوائی نہیں ہورہی۔ ان کا کہنا ہے کہ 15 روز گزرنے کے باوجود مریضہ کو داخل نہیں کیا گیا۔

لاہور: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل پانچ روزہ سرٹیفکیٹ کلینیکل انستھیزیا اینڈ ریسی ٹیشن، تربیتی کورس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

لاہور: صوبائی وزیر لیبر وافرادی قوت منشا اللہ بٹ پنجاب سوشل سکیورٹی کے تحت فریضہ حج ادا کرنے والے حجاج کرام سے ملاقات کررہے ہیں

جی ایس پی پلس سہولت کو خطرہ، حکومت اصلاحات پر توجہ دے، شاہ محمود

یورپی یونین پاکستان سے انسانی حقوق، مزدوروں کے حقوق اور گورننس کے شعبوں میں اصلاحات کا مطالبہ کررہی ہے

اظہار رائے کی آزادی سے متعلق یورپی یونین کی تشویش کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے' کوٹ لکھپت جیل میں قید سابق وزیر خارجہ

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت جیل میں قید سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ انسانی حقوق، مزدوروں کے حقوق اور گورننس اصلاحات کے حوالے سے خاطر خواہ پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں پاکستان کے لیے یورپی یونین کی جی ایس پی پلس سہولت خطرے میں پڑ سکتی ہے۔کوٹ لکھپت جیل میں قید شاہ محمود قریشی نے اپنے وکیل رانا مدثر عمر کے ذریعے جاری بیان میں کہا کہ یورپی یونین پاکستان کا اہم تجارتی شراکت دار ہے اور سال 2025ء میں پاکستان نے یورپی ممالک کو 8.7 ارب (بقیہ نمبر 38)

لاہور: محنت کش گدھا ریڑھی پر سامان لوڈ کرکے لے جارہا ہے

پی ٹی آئی نے گلگت بلتستان کے انتخابات کو مسترد کردیا، 8 نشستوں پر جیت کا دعویٰ

دھاندلی کیخلاف احتجاج اور وائٹ پیپر جاری کرنے کا اعلان، پاکستان تحریک انصاف

ہم اسے جعلی اور دھاندلی زدہ انتخابات قرار دیتے ہیں، حلف والے دن گلگت بلتستان میں یوم سیاہ منائیں گے

گلگت (نیوز ایجنسی) پاکستان تحریک انصاف نے گلگت بلتستان کے انتخابات کو مسترد کرتے ہوئے دھاندلی کیخلاف احتجاج اور وائٹ پیپر جاری کرنے کا اعلان کردیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم اسے جعلی اور دھاندلی زدہ انتخابات قرار دیتے ہیں، حلف والے دن گلگت بلتستان میں یوم سیاہ منائیں گے۔ دھاندلی کیخلاف احتجاج اور وائٹ پیپر جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔

راولپنڈی: ٹریفک پولیس کا اہلکار لفٹر کے ذریعے نو پارکنگ زون میں کھڑی گاڑی کو تحویل میں لے جارہا ہے

آن لائن جنگلی پرندوں کی تجارت، سٹنگ آپریشن میں دو ملزمان گرفتار

وائلڈ لائف رینجرز نے خریدار بن کر کارروائی کی، ملزمان پر 85 ہزار روپے جرمانہ عائد

رائے ونڈ میں تیتر اور طوطوں کی غیرقانونی آن لائن فروخت کے خلاف کامیاب کارروائی

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی زیر قیادت محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب صوبہ بھر میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضے کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی سلسلے میں وائلڈ لائف رینجرز لاہور نے جنگلی پرندوں کی آن لائن تجارت میں ملوث دو ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے 85 ہزار روپے محکمانہ معاوضے کی مد میں جرمانہ عائد کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل چیف وائلڈ لائف رینجر سنٹرل زون لاہور مدثر حسن اور ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر لاہور ریجن نجی محمد جوئیہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر لاہور محمد وسیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کی۔ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ بعض افراد جنگلی پرندوں، خصوصاً تیتر اور طوطوں، کی آن لائن فروخت میں ملوث ہیں۔ اطلاع کی تصدیق کے لیے وائلڈ لائف رینجرز نے رائے ونڈ کے علاقے میں مقامی خریداروں کا روپ دھار کر سٹنگ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران دونوں ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا گیا۔ بعد ازاں ملزمان کی درخواست پر ان کے خلاف مقدمات محکمانہ سطح پر نمٹاتے ہوئے مجموعی طور پر 85 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

پنجاب بھر میں پٹواریوں کی ہڑتال موخر، 28 جون تک آئندہ لائحہ عمل طے ہوگا

مطالبات کا جائزہ لیا جائے گا، ایس ایم بی آر سے مذاکرات کے بعد انجمن پٹواریان کا ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت سمیت پنجاب بھر میں پٹواریوں کی ہڑتال کا خطرہ ٹل گیا ہے جبکہ دیگر اضلاع میں جاری ہڑتال 28 روز بعد ختم کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق انجمن پٹواریان نے اپنی ہڑتال 28 جون تک موخر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو (ایس ایم بی آر) کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کے بعد کیا گیا۔

تھانہ مناواں کی کارروائی، تاش پر جوا کھیلتے 9 ملزمان گرفتار

چھاپہ مار کارروائی میں قمار بازی کا نیٹ ورک بے نقاب، نقدی اور آلات برآمد

لاہور: ** تھانہ مناواں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق ایس آئی سنی بشیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کارروائی کی، جس کے دوران ملزمان کو موقع پر تاش پر جوا کھیلتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں فرحان، سرور، ثاقب، وقاص، نور احمد سمیت دیگر افراد شامل ہیں۔

2026ء میں پولیس اہلکاروں کیخلاف 28 مقدمات، 50 افسران و اہلکار نامزد

مالی کرپشن، ناقص تفتیش اور اختیارات کے غلط استعمال کے مقدمات مختلف ڈویژنز میں درج

لاہور (زیڈ این این) سال 2026ء کے دوران مختلف تھانوں میں پولیس افسران اور اہلکاروں کے خلاف مجموعی طور پر 28 مقدمات درج کیے گئے، جن میں کانسٹیبل سے لے کر سب انسپکٹر تک کے 50 اہلکار نامزد کیے گئے ہیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق درج مقدمات میں 5 سب انسپکٹر، 14 اے ایس آئی، جبکہ متعدد ہیڈ کانسٹیبل اور کانسٹیبل بھی شامل ہیں۔

کاہنہ میں غیرقانونی تھیٹر پر چھاپہ، 15 مرد و خواتین گرفتار

لاہور (زیڈ این این) کاہنہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کاچھا روڈ پر واقع ایک غیر قانونی تھیٹر پر چھاپہ مار کر 15 مرد و خواتین کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران تھیٹر میں مبینہ طور پر فحش حرکات اور ڈانس پارٹی جاری تھی، جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اور مزید تفتیش کے لیے کیس انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت اقدامات کیے جائیں گے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	صداقت حامد غوری
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور